باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر
ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 31 | بروز ہفتہ 4 ستمبر 2021ء/26 محرم الحرام 1443ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 243

WWW.Dailysahafatquetta.com

پاکستان کو یقین دلاتے ہیں افغانستان سے کوئی خطرہ نہیں ہوگا ترجمان طالبان

سی پیک کو افغانستان سے منسلک کرکے اہم تجارتی مقاصد حاصل کیے جاسکتے ہیں سی پیک کے توسیعی منصوبے کا خیرمقدم کریں گے

پاکستان دوطرفہ تجارت میں اضافے کے سلسلے کو جاری رکھے گا پاکستان کی افغان قوم کی مدد اور قیام امن کے لیے کوششیں جاری رہیں گی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ترجمان طالبان ذبیح اللہ مجاہد نے پاکستان کو یقین دہانی کرائی ہے کہ افغان سرزمین ان کی سلامتی کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے۔ طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اسلام آباد میں منعقد کردہ افغان یوتھ فورم کی عالمی کانفرنس سے ویڈیو لنک پر خطاب کرتے ہوئے افغانستان میں قیام امن اور تعمیر و ترقی کے لیے پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔ ترجمان طالبان نے کہا ہے کہ افغانستان افغان عوام کے لیے پاکستان کی دیرینہ شراکت (باقی صفحہ 2 نمبر1)

پاک امریکا تعلقات خاک مثالی ہیں، شیریں مزاری سینیٹ کمیٹی اجلاس میں پھٹ پڑیں

امریکانے 2018 سے اب تک اپنا سفیر تک تو پاکستان بھیجا نہیں ہے، وفاقی وزیر انسانی حقوق

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق شیریں مزاری نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکا کے تعلقات خاک مثالی ہیں، امریکا نے 2018 سے اب تک اپنا (باقی صفحہ 2 نمبر37)

اسد قیصر کا اختر مینگل کو ٹیلی فون، والد کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اختر مینگل سے ان کے والد کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا

مہنگی ایل این جی کی خریداری کے اثرات، سی این جی کی قیمت میں 28 روپے فی کلو تک اضافے کا امکان

پنجاب، اسلام آباد میں سی این جی کی قیمت میں 18 روپے اضافہ ہوگا، نوٹیفکیشن کا انتظار کررہے ہیں' غیاث پراچہ

لاہور (آن لائن) آل پاکستان سی این جی ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما غیاث پراچہ نے کہا ہے کہ مہنگی ایل این جی کی خریداری کے اثرات کی وجہ سے سی این جی کی قیمت میں (باقی صفحہ 2 نمبر2)

بٹن دبا کر نیا پاکستان نہیں آسکتا

وزیراعظم

پاکستان میں عام لوگوں کو گھر کی ضرورت ہے، گھر کی فراہمی کے لیے نیا پاکستان ہاوسنگ اسکیم شروع کی، قرضہ بینک دے گا، کنسٹرکشن سیکٹر میں سب سے زیادہ روزگار کے مواقع ہوتے ہیں

عالمی وبا کے دوران معاشی بحالی، نمو اور ترقی کے حصول کے پائیدار طریقے انتہائی اہم ہیں، جدید چینساؤ ٹیکنالوجی ہمارے معاشرے اور معیشت سے ہم آہنگ ہے، عمران خان کا ویڈیو پیغام

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے چین کو غربت کیلئے ترقی پذیر ممالک کا رول ماڈل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی وبا کے دوران معاشی بحالی، نمو اور ترقی کے حصول کے پائیدار طریقے انتہائی اہم ہیں، جدید چینساؤ ٹیکنالوجی ہمارے معاشرے اور معیشت سے ہم آہنگ ہے، اس قسم کی جدید اور ماحول دوست ٹیکنالوجی پہلے دو پائیدار ترقیاتی اہداف، غربت اور بھوک کے خاتمے میں ہماری پیش رفت کو متحرک کرنے میں مدد دے سکتی ہے، موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں سے ایک ہونے کے باعث پاکستان اس عفریت کے خا (باقی صفحہ 2 نمبر32)

EXPO 20
livering 1
sing Uni
Rs. 250 Br
Worth
Propertie

اسلام آباد، وزیراعظم عمران خان منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

کورونا کیسز کی شرح میں اضافہ، خیبر پختونخوا نے تعلیمی ادارے بند کرنیکا فیصلہ

خیبر پختونخواہ کے 8 اضلاع میں 6 سے 11 ستمبر تعلیمی ادارے تک بند رہیں گے

تعلیمی اداروں کی بندش کا فیصلہ کورونا کی تشویشناک صورتحال کے باعث کیا گیا، محکمہ تعلیم خیبر پختونخواہ کا نوٹیفکیشن

پشاور (جی این ایم) پنجاب کے بعد محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا نے تعلیمی ادارے بند کرنے کا فیصلہ کرلیا، خیبر پختونخواہ کے 8 اضلاع میں 6 سے 11 ستمبر تعلیمی ادارے تک بند رہیں گے، تعلیمی اداروں کی بندش کا فیصلہ کورونا کی تشویشناک صورتحال کے باعث کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخواہ میں اسکول اور کالجز کو بند کرنے کا اعلان کردیا گیا (باقی صفحہ 2 نمبر3)

افغانستان کی آزادی سے کشمیر و فلسطین کی آزادی کی راہیں ہموار ہوگئی ہیں سراج الحق

امریکہ چھیالیس ممالک کے ساتھ شکست سے دوچار ہوا فغانستان میں ایمان جیت گیا ،اسلحہ ہار گیا

سید علی گیلانی کا مشن بھی ضرور کامیاب ہوگا، کشمیر بنے گا پاکستان کے لئے قومی پلان سامنے لایا جائے، گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ امریکہ چھیالیس ممالک کے ساتھ شکست سے دوچار ہوا فغانستان میں ایمان جیت گیا، اسلحہ ہار گیا افغانستان کی آزادی سے کشمیر و فلسطین کی آزادی کی راہیں ہموار ہوگئی ہیں، سید علی گیلانی کا مشن بھی ضرور کامیاب ہوگا، کشمیر بنے گا پاکستان کے لئے قومی پلان سامنے لایا جائے۔ جمعہ کو بزرگ کشمیری رہنما سید علی گیلانی کا غائبانہ نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد (باقی صفحہ 2 نمبر31)

اسلام آباد، وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

افغانستان میں ایسے حالات نہیں کہ لوگ سب کچھ چھوڑ کر نکل جائیں

فواد چوہدری

افغانستان کے معاملے پر پاکستان کی تجویز کو پہلے بھی نہیں سنا گیا تھا، وزیراعظم عمران خان نے اشرف غنی کو الیکشن نا کروانے کی تجویز دی تھی

ہم چاہتے ہیں کہ افغانستان میں حالات مستحکم رہیں، پاکستان کا طالبان پر اثر ورسوخ ہے لیکن کنٹرول نہیں ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ افغانستان میں ایسے حالات نہیں کہ لوگ سب کچھ چھوڑ کر نکل جائیں، طالبان پر پاکستان کا اثر ورسوخ ہے لیکن کنٹرول نہیں ۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات چوہدری فواد حسین نے کہا کہ افغانستان کے معاملے پر پاکستان کی تجویز کو پہلے بھی نہیں سنا گیا تھا، وزیراعظم عمران خان نے اشرف غنی کو الیکشن نا کروانے کی تجویز دی تھی، (باقی صفحہ 2 نمبر4)

وائس ایڈمرل فیصل رسول لودھی کی وائس چیف آف دی نیول اسٹاف کے عہدے پر تعیناتی

وائس ایڈمرل فیصل رسول لودھی اس وقت نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں چیف آف اسٹاف کے عہدے پر تعینات ہیں

اسلام آباد (بیورو چیف) وائس ایڈمرل فیصل رسول لودھی کی وائس چیف آف دی نیول اسٹاف کے عہدے پر تعیناتی کر دی گئی ۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق وائس ایڈمرل فیصل رسول لودھی نے 1986 میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ ترجمان کے مطابق وائس ایڈمرل (باقی صفحہ 2 نمبر33)

ٹک ٹاکر بدتمیزی کیس، دو ملزمان کی عبوری ضمانت میں 14 ستمبر تک توسیع

لاہور (آن لائن) گریٹر اقبال پارک میں ٹک ٹاکر عائشہ سے بدتمیزی کیس میں دو ملزمان کی عبوری ضمانت میں 14 ستمبر تک توسیع کردی۔ گریٹر اقبال پارک میں ٹک ٹاکر عائشہ سے بدتمیزی کیس میں عثمان عزیز شیخ اور شہروز (باقی صفحہ 2 نمبر30)

سردار عطا اللہ مینگل کی میت کراچی سے وڈھ روانہ

سردار عطاللہ خان مینگل کے جسدِ خاکی کو قافلے کی صورت میں آبائی علاقے وڈھ کے لیے روانہ کیا گیا

کراچی (آن لائن) گزشتہ روز کراچی میں انتقال کر جانے والے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سرپرستِ اعلی سردار عطا اللہ خان مینگل کی میت کراچی کے علاقے محمد علی سوسائٹی سے (باقی صفحہ 2 نمبر7)

ملک میں خواتین پر مجرمانہ حملے باعث تشویش ہیں، پلوشہ خان

اسلام آباد (آن لائن) رہنما پیپلز پارٹی سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ ملک میں خواتین پر مجرمانہ حملے باعث تشویش ہیں۔ اپنے بیان میں پلوشہ خان نے کہا کہ خواتین متعلق وزیراعلی پنجاب کی سوچ عمران خان کی سوچ ہے، خواتین پر (باقی صفحہ 2 نمبر6)

پی ڈی ایم میں سب مفاد پرست جمع ہیں، عثمان بزدار

وزیراعظم عمران خان کی شفاف سیاست کے سامنے یہ اتحاد کوئی حیثیت نہیں رکھتا، وزیراعلی پنجاب

لاہور (جی این ایم) وزیراعلی پنجاب سردار عثمان بزدار نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم میں سب مفاد پرست جمع ہیں، ان کا کوئی ایجنڈا نہیں ۔یہ راہزنوں کے ٹولے پر مشتمل غیر فطری اتحاد ہے۔ مفاد پرستوں کے اس ٹولے نے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی۔ اللہ تعالی کے فضل وکرم اور عوام کی حمایت سے پی ڈی ایم کی ہر سازش ناکام رہی۔ وزیراعظم عمران خان کی شفاف (باقی صفحہ 2 نمبر5)

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے وزیر اعظم آزاد کشمیر ملاقات کر رہے ہیں

برطانیہ کی طرف سے پاکستان کو ریڈ لسٹ میں شامل کرنے کے فیصلے پر تشویش ہے

وزیر خارجہ

پاکستان سے گہرے تعلقات ہیں، مستقبل میں اسے مزید بڑھانا چاہتے ہیں، رافغانستان کے معاملے پر ہمارا پاکستان کیساتھ مشترکہ مؤقف ہے، برطانوی وزیر خارجہ

برطانیہ پاکستان کو ریڈ لسٹ میں شامل کرنے پر تشویش سے آگاہ ہے، ڈاکٹر فیصل سلطان کی برطانوی حکام کیساتھ کورونا کے تکنیکی معاملات پر بات چیت ہوگی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور برطانیہ نے دو طرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ برطانیہ کی طرف سے پاکستان کو ریڈ لسٹ میں شامل کرنے کے فیصلے پر تشویش ہے، ہمیں توقع ہے برطانیہ، اعداد و شمار کو سامنے رکھتے ہوئے پاکستان کو ریڈ لسٹ پر رکھنے کے فیصلے پر نظر ثانی کریگا، افغانستان کو تنہا چھوڑا گیا تو خانہ جنگی، معاشی بحران، مہاجرین کی یلغار سمیت کئی خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، عالمی برادری کو 90 کی دہائی میں کی گئی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے افغانستان کی انسانی و مالی (باقی صفحہ 2 نمبر8)

اسلام آباد، وفاقی وزیر فرخ حبیب منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت سے معیشت ہی نہیں عوام کی جان کو بھی خطرہ ہے شہباز شریف

ایکسپائرڈ سٹنٹس لگانے کی تحقیقات ہونی چاہئے اور مریضوں کے پیسے واپس کیے جائیں' جہانزیب خان سے ملاقات کے موقع پر گفتگو

پاکستان کی 73 سالہ تاریخ میں کسی نے آٹا چینی تیل کی قیمتیں آسمان تک نہیں پہنچائیں ملکی تاریخ میں اتنی نا اہل نالائق حکومت نہیں آئی

مانانوالہ (آن لائن) مسلم لیگ ن کے رہنماء وقائد حزب اختلاف پنجاب اسمبلی حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت سے معیشت ہی نہیں عوام کی جانوں کو بھی خطرہ ہے ایکسپائرڈ سٹنٹس لگانے کی تحقیقات ہونی چاہئے اور مریضوں کے پیسے واپس کیے جائیں شہباز شریف کے بعد سے ہسپتالوں میں مفت ادویات بند ہیں وہ ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین ضلع کونسل شیخوپورہ جہانزیب خان کے ساتھ ملاقات کے دوران (باقی صفحہ 2 نمبر29)

ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار کا خواتین کے حوصلوں کو سلام

ان محافظوں سے وابستہ سبھی رشتوں کو سلام، شہدا، غازیوں اوران سے جڑے ہوئے تمام رشتوں کو سلام، آئی ایس پی آر کا پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے یوم دفاع وشہدا کے موقع پر ویڈیو میں خواتین کے حوصلوں کو سلام پیش کیا ہے۔ یوم دفاع وشہدا کے حوالے (باقی صفحہ 2 نمبر9)

افغانستان میں امن سے پاکستان کو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا عارف علوی

خواتین کی معیشت میں شمولیت بڑھانے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے، افغانستان کو تعمیر وترقی کیلئے پاکستان کی معاونت کی ضرورت ہوگی

کپاس کی زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے، پاکستانی ملبوسات کی برآمدات میں گزشتہ سال 14 فیصد کا اضافہ ہوا

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ خواتین کی معیشت میں شمولیت بڑھانے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے، افغانستان میں امن سے پاکستان کو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا، افغانستان کو تعمیر وترقی کیلئے پاکستان کی معاونت کی ضرورت ہوگی۔ صدر عارف علوی نے ریڈی میڈ ملبوسات کے صنعتکاروں، برآمد کنندگان کی ایسوسی ایشن (پریگمیا) کی ایوارڈز تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کی (باقی صفحہ 2 نمبر21)

2 ایڈیشنل سیشن جج اور 8 سول جج نے عہدے کا حلف اٹھالیا

جج بغیر کسی دنیاوی خوف وخطر کے میرٹ پر انصاف کریں، ہم اپنے ہر فیصلے پر اللہ تعالی کے سامنے جواب دہ ہیں

لاہور (آن لائن) 2 ایڈیشنل سیشن جج اور 8 سول جج نے عہدے کا حلف اٹھا لیا ، رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ نے نئے بھرتی جوڈیشل افسران سے حلف لیا۔ تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس ہائیکورٹ محمد امیر بھٹی نے حلف برداری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر27)

محکمہ معدنیات معدنی ترقی حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ معدنیات معدنی ترقی حکومت بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق مجاز حکام کی منظوری اور سلیکشن بورڈ 1 کی سفارش پر خلیل احمد ڈپٹی چیف الیکٹرک انسپکٹر آف مائنز (باقی صفحہ 2 نمبر26)

وزیراعلی پنجاب ”ترقی سب کے لیے“ کے نعرے پر عمل پیرا ہیں' فیاض الحسن چوہان

”بزدار حکومت کا نعرہ، سارا پنجاب ہمارا“ کی بنیاد پر ہے، اب کسی ضلع کے ساتھ وسائل کی تقسیم پر زیادتی نہیں ہوگی

لاہور (آن لائن) صوبائی وزیر جیل خانہ جات فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار "ترقی سب کے لیے " کے نعرے پر عمل پیرا ہیں، وہ (باقی صفحہ 2 نمبر10)

سردار عطاءاللہ خان مینگل کو ہزاروں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کردیا گیا

ان کے جسد خاکی کو کراچی سے بذریعہ روڈ تین بجے وڈھ پہنچا دیا گیا

وڈھ (نعیم بلوچ) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سرپرست اعلیٰ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار عطاء اللہ خان مینگل کو ہزاروں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ ان کی وصیت کے مطابق دفن کردیا گیا ان کے جسد خاکی کو کراچی سے بذریعہ روڈ تین بجے وڈھ پہنچا دیا گیا وڈھ پہنچتے ہی (باقی صفحہ 2 نمبر20)

12 ستمبر کو کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں پی ٹی آئی کی جیت یقینی ہے، داود خان پانیزئی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات داود خان پانیزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ 12 ستمبر کو کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن (باقی صفحہ 2 نمبر11)

عطاءاللہ مینگل کے وفات سے صوبے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے، رحیم کاکڑ

پاکستان مسلم لیگ (ن) قومی جدوجہد میں بی این پی کے ساتھ اس مشکل گھڑی میں کھڑی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق میئر ناظم کوئٹہ رحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری نسیم الرحمٰن، جنرل سیکرٹری جاوید اقبال، جنرل سیکرٹری پشین میر وائیس خان کاکڑ، ارباب اقبال، ذاکر بنگلزئی، محمد دین، آصف حریفال، عالم کاسی، نثار اچکزئی، صابر (باقی صفحہ 2 نمبر28)

پشتونخوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی کا عطاءاللہ خان مینگل کے انتقال اظہار تعزیت

کوئٹہ (جی این ایم) پشتونخوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے ممتاز بلوچ قوم پرست رہنماء بلوچستان نیشنل پارٹی کے سرپرست اعلیٰ سردار عطاء اللہ خان مینگل کے انتقال (باقی صفحہ 2 نمبر25)

BFEJ
Semin
Tribute to Martyred Members of
Members of Civil So
an
Role of Journalists in Enviro
Date: 3rd September, 2

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ہسپتالوں میں ایکسپائرڈ سٹنٹس لگائے جارہے ہیں، مریم اورنگزیب

کورونا فنڈ میں وفاق میں عمران صاحب نے 1200 ارب اور بزدار نے پنجاب میں 15 ارب کی دیہاڑی لگائی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ کورونا فنڈ میں وفاق میں عمران صاحب نے 1200 ارب اور بزدار نے پنجاب میں 15 ارب کی دیہاڑی لگائی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مریض اور بیمار کی پانچ سو ارب کی دوائی کھا (باقی صفحہ 2 نمبر19)

آج بلوچستان ایک عظیم ہستی اور ایک قومی لیڈر سے محروم ہوگیا، نصراللہ بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئر مین نصراللہ بلوچ نے بزرگ سیاستدان سردار عطاءاللہ مینگل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر12)

سیاحت کے فروغ کے منصوبوں پر کام کر رہے ہیں مطہر نیاز رانا

بلوچستان کے مختلف شعبوں بلخصوص معدنیات اور ماہی گیری کے شعبے میں سرمایہ کاری کے روشن امکانات موجود ہیں

یو این ڈی پی اور اقوام متحدہ کے دیگر تنظیموں کی جانب سے مختلف شعبوں کی ترقی اور کارکنوں کے استعداد کار میں اضافے اور دیگر کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا سے پاکستان میں تعینات یو این ڈی پی کے ریذیڈنٹ ریپریزنٹیٹو Mr. Knut Ostby نے جمعہ کے روز یہاں ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری امپلیمنٹیشن عبداللہ خان، یو این ڈی پی کے ذوالفقار درانی اور عائشہ بابر (باقی صفحہ 2 نمبر24)

ملک میں منشیات مافیاز سے ہماری نسلیں تباہی سے دوچار ہورہے ہیں، ستار چشتی

سرعام منشیات فروشی کا دھندہ عروج پر ہونے کی وجہ سے لاکھوں گھر تباہ کردیئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ ملک میں منشیات مافیاز سے ہماری نسلیں تباہی سے دوچار ہورہے ہیں اور سرعام منشیات فروشی کا دھندہ عروج پر ہونے کی و (باقی صفحہ 2 نمبر13)

بلوچستان میں عوام اور عوام کے محافظ غیر محفوظ ہے، عبدالقیوم ایڈووکیٹ

زیارت کراس پر دھرنے کی کمیٹی کے مطالبات کو فوری طور پر منظور کرے

ژوب (آن لائن) چیف آف پشتون نواب محمد آیاز خان جوگیزئی کی کال پر زیارت کراس دھرنے کے مطالبات کے حق اور مانگی ڈیم کے لیویز اہلکاران کے قتل کے خلاف آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ ہوا مظاہرین شہر کے مختلف شاہراہوں پر مارچ کرتے (باقی صفحہ 2 نمبر14)

عمر لیاقت رندھاوا (پی اے ایس-18) نے ڈپٹی کمشنر زیارت کا چارج سنبھال کر کام شروع کردیا

زیارت (خ ن) عمر لیاقت رندھاوا (پی اے ایس -18) نے ڈپٹی کمشنر زیارت (باقی صفحہ 2 نمبر23)

بلوچستان میں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اسفندیار خان

وزیراعلیٰ بلوچستان کا ویژن ہے کہ دبئی ایکسپو میں بلوچستان میں آئل ٹرمینل اور پیٹروکیمیکل انڈسٹری کے فروغ کے لیے غیر ملکی سرمایہ کاروں کو راغب کیا جائے

صوبے میں توانائی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان ٹرانسمیشن ڈسپیچ کمپنی کی فزیبلٹی کرانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری اسفندیار خان کی زیر صدارت محکمہ توانائی کے رواں مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں شامل نئے اور جاری منصوبوں پر پیش رفت اور بلوچستان انرجی کمپنی لمیٹڈ کی کارکردگی سمیت سولر اور ایل پی جی پراجیکٹس کے حوالے (باقی صفحہ 2 نمبر18)

بدقسمتی سے ہم پر مسلط بے حس بدعنوان لوگ مسلط ہے جو صرف ذاتی مفادات جانتے ہیں، ہدایت بلوچ

حکومت واسٹیبلشمنٹ سرمایہ داروں کیساتھ اور منتخب نمائندے صوبائی حکومت ذاتی مفادات کیلئے کوشاں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ صوبائی اور وفاقی حکومت منتخب نمائندوں کو گوادر مکران سمیت پورے بلوچستان کے مظلوم عوام کو ان کا بنیادی انسانی معاشی حقوق دینا ہوں گے بدقسمتی سے ہم پر مسلط بے حس بدعنوا (باقی صفحہ 2 نمبر17)

زیارت شہر میں سانحہ مانگی ڈیم کے خلاف جاری دھرنے کے شرکا کی مطالبات کے حق میں ریلی

زیارت (جی این ایم) زیارت شہر میں سانحہ مانگی ڈیم کے خلاف جاری دھرنے کے شرکا کی مطالبات کے حق میں ریلی اور مظاہر (باقی صفحہ 2 نمبر22)

خضدار، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان سردار عطاءاللہ مینگل کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

سردار عطاءاللہ مینگل کی میت بیلا پہنچنے پر استقبال میت پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں

بیلہ (آن لائن) بلوچستان کے پہلے وزیراعلی بزرگ سیاست دان سردار عطاءاللہ (باقی صفحہ 2 نمبر15)

چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ملزم فاروق ڈنگر کو پولیس نے گرفتار کیا

اوستہ محمد (آن لائن) چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ملزم فاروق ڈنگر کو پولیس نے گرفتار کیا جنہیں پولیس نے ملزم کو (باقی صفحہ 2 نمبر16)

چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کونٹ استبی شیلڈ دے رہے ہیں

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کو سراہتا ہے اور امید کرتے ہیں کہ پاکستان کی افغان قوم کی مدد اور قیام امن کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔ اس موقع پر ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اس امید کا بھی اظہار کیا کہ پاکستان دوطرفہ تجارت میں اضافے کے سلسلے کو جاری رکھے گا۔ پاکستان کو یقین دلاتے ہیں کہ افغانستان کی سرزمین سے اس کی سلامتی کے لیے کوئی خطرہ نہیں ہوگا۔ ترجمان طالبان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ سی پیک کو افغانستان سے منسلک کرکے اہم تجارتی مقاصد حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ سی پیک کے توسیعی منصوبے کا خیر مقدم کریں گے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

28 روپے فی کلو تک اضافے کا امکان۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سی این جی کی قیمت میں تقریباً 18 روپے لیٹر اور سندھ میں تقریباً 28 روپے کلو تک اضافہ متوقع ہے جس سے کنزیومر اسکی خریداری بند کر دینگے اور یہ صنعت دیوالیہ ہو جائے گی اور اس سے وابستہ لاکھوں لوگ بے روزگار ہو جائیں گے۔ روپے کے مقابلہ میں ڈالر کی قدر میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جبکہ ایل این جی پر سیلز ٹیکس اور کسٹم ڈیوٹی میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے اور اگر حکومت نے سی این جی کی قیمتوں کے حوالے سے فوری فیصلہ نہ کیا تو اوگرا کی جانب سے قیمت میں اضافہ کے نوٹیفکیشن کے بعد پنجاب میں سی این جی کی قیمت تقریباً 125 روپے لیٹر اور سندھ میں تقریباً 192 روپے لیٹر تک پہنچ سکتی ہے جو کہ نا صرف سی این جی انڈسٹری کے لئے تباہی کا سبب بنے گا بلکہ ملک میں مہنگائی کا نیا طوفان آجائے گا۔ انھوں نے کہا کہ آل پاکستان سی این جی ایسوسی ایشن کے وفد نے اعلیٰ حکام سے ملاقات کر کے ان سے درخواست کی ہے کہ سی این جی کی قیمت پٹرول سے مہنگی ہو جانے پر پنجاب اور سندھ میں سی این جی اسٹیشنز مکمل طور پر بند ہو جائیں گے، 450 ارب روپے کی سرمایہ کاری ڈوب جائے گی اور لاکھوں لوگوں کے بے روزگار ہو جائیں گے اس لئے ہمارے مسائل پر توجہ دی جائے۔ دیگر شعبوں کو اربوں روپے کی سبسڈی دی جا رہی ہے جس سے حکومت پر بوجھ چار گنا بڑھ گیا ہے اور سی این جی مہنگی کرنا عوام سے زیادتی ہے۔ پٹرول پر لیوی کو صفر کر دیا گیا ہے، سیلز ٹیکس کو بھی کم کر دیا گیا ہے، ایل پی جی پر بھی ٹیکس کم کر دیئے گئے ہیں مگر سی این جی پر ٹیکس بڑھا دیئے گئے ہیں جو عجیب منطق ہے۔ مہنگی سی این جی سے ٹرانسپورٹ کے کرائے میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا جس سے ہر چیز مہنگی ہو جائے گی اور عام آدمی پر بوجھ بڑھ جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ اگر حکومت نے اس مہنگائی کے طوفان کو روکنا ہے تو قیمتوں میں ناقابل برداشت اضافے کے تدارک کے فوری اقدامات کرنا ہوں گے۔ اس سلسلے میں سی این جی ایسوسی ایشن کے رہنماں کے اجلاس جاری ہیں اور موجودہ صورت حال پر غور کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

۔ کورونا کیسز میں اضافے کے باعث خیبر پختونخوا کے 8 اضلاع میں تعلیمی ادارے بند کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ خیبر پختونخوا کے 8 اضلاع میں تعلیمی ادارے 6 سے 11 ستمبر تک بند رہیں گے، پشاور، صوابی، ایبٹ آباد، مانسہرہ، مالاکنڈ، سوات، ہری اور ڈی آئی خان میں تعلیمی ادارے 11 ستمبر تک بند رہیں گے۔ اسی طرح کورونا کی صورتحال کے پیش نظر پنجاب بھر میں تمام سرکاری و نجی اسکولز 6 ستمبر تا 11 ستمبر بند ہوں گے۔ اسکولز بند کرنے کے فیصلے سے متعلق صوبائی وزیر تعلیم مراد راس نے مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں آگاہ کیا۔ انہوں نے ٹوئٹر پیغام میں اپیل کی کہ برائے مہربانی گھروں میں رہیں اور اپنے آپ کو محفوظ بنائیں۔ صوبائی وزیر تعلیم نے عوام سے کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی اپیل بھی کی۔ یاد رہے کہ گذشتہ ماہ اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی کی تھی۔ وائز سکول صبح 7 بج کر 45 منٹ پر لگیں گے جبکہ چھٹی 12 بج کر 45 منٹ پر ہوں گی۔ گرلز اسکول صبح ساڑھے سات بجے لگیں گے اور چھٹی ساڑھے بارہ بجے ہوں گی۔ جمعہ کے روز گرلز اسکول کو 11.45 اور بوائز کو 12 بجے چھٹی ہو گی۔ دوسری شفٹ سکول دوپہر 2 بجے لگیں گے اور چھٹی 5 بجے ہوگی۔ مذکورہ اوقات کار پر عمل درآمد 15 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ جبکہ قبل ازیں صوبائی وزیر تعلیم ڈاکٹر مراد راس نے تمام سرکاری و نجی اسکولوں کے عملے کو ویکسی نیشن کے لیے ڈیڈ لائن دی تھی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ملک بھر میں کورونا وائرس کی وجہ سے اموات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ روزانہ کی بنیاد پر کورونا وائرس کے ہزاروں نئے کیسز بھی رپورٹ ہو رہے ہیں۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا وائرس سے 57 افراد جاں بحق ہوگئے، جس کے بعد اموات کی تعداد 26 ہزار 35 ہوگئی۔ پاکستان میں کورونا کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 11 لاکھ 71 ہزار 578 ہوگئی۔ صوبے بھر کے اسکولز بند کرنے کا فیصلہ بھی کورونا کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر ہی کیا گیا ہے۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اشرف غنی نے وزیراعظم کی تجویز نہیں مانی اور حالات آج سب کے سامنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین ابھی پاکستان تک پاکستان میں داخل نہیں ہوئے، افغانستان میں ایسی صورتحال نہیں ہے کہ لوگ چھوڑ چھاڑ کر نکل جائیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ افغانستان میں حالات مستحکم رہیں، پاکستان کا طالبان پر اثر و رسوخ ہے لیکن کنٹرول نہیں ہے، ہم کوشش کر رہے ہیں کہ کابل ایئرپورٹ جلد از جلد کھل جائے۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سیاست کے سامنے یہ غیر فطری اتحاد کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ قوم کے ٹھکرائے ہوئے عناصر کو انتشار کی سیاست چھوڑ کر مثبت رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ پی ڈی ایم کی ساری جماعتیں زبانی جمع خرچ پر لگی ہوئی ہیں۔ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں حکومت پہلے سے زیادہ مضبوط ہے مدت بھی پوری کریں گے اور انشاء اللہ آئندہ الیکشن میں بھی تحریک انصاف کامیاب ہوگی۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پابندیاں کسی قیمت پر منظور نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں غیر ملکی خاتون سفارت کار کی توہین شرمناک عمل ہے، حکومت کی طرف سے قانون کے غلط استعمال سے مجرموں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ان کے آبائی علاقے وڈھ، خضدار، بلوچستان روانہ کر دی گئی۔ سردار عطاء اللہ خان مینگل کی میت وڈھ روانہ کرنے سے قبل کراچی میں کارساز پر واقع ان کی رہائش گاہ چلتن ہاؤس میں پارٹی کارکنوں اور قریبی عزیز و اقارب نے ان کا آخری دیدار کیا۔ آخری دیدار کے بعد سردار عطاء اللہ خان مینگل کا جسد خاکی قافلے کی صورت میں آبائی علاقے وڈھ کے لیے روانہ کر دیا گیا۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

معاونت کو یقینی بنانے کیلئے آگے بڑھنا ہو گا، پاکستان، افغانستان میں اجتماعیت کے حامل سیاسی تصفیے کا حامی ہے، افغانستان میں قیام امن پورے خطے کے امن و استحکام اور روابط کے فروغ کیلئے ضروری ہے۔ جمعہ کو برطانوی وزیر خارجہ، ڈومینک راب وفد کے ہمراہ وزارتِ خارجہ پہنچے تو وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے برطانوی ہم منصب کا خیر مقدم کیا، برطانوی وزیر خارجہ ڈومینک راب نے وزارتِ خارجہ کے سبزہ زار میں یادگاری پودا لگایا۔ بعدازاں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی اور برطانوی وزیر خارجہ ڈومینک راب کے مابین وزارتِ خارجہ میں وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے۔ مذاکرات میں نمائندہ خصوصی برائے افغانستان ایمبیسڈر محمد صادق، سیکرٹری خارجہ سہیل محمود، اسپیشل سیکرٹری خارجہ رضا بشیر تارڑ اور وزارتِ خارجہ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ وزیر خارجہ نے برطانوی وزیر خارجہ ڈومینک راب اور ان کے وفد کو وزارتِ خارجہ آمد پر خوش آمدید کہا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ آپ کا یہ دورہ ایسے تاریخی وقت پر ہو رہا ہے جب افغانستان کی صورتحال اہم تاریخی موڑ سے گزر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا 16 اگست اور 27 اگست کو آپ کے ساتھ ٹیلیفونک رابطہ ہوا، ہم نے افغانستان کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم پاکستان عمران خان اور وزیراعظم برطانیہ، بورس جانسن کے درمیان بھی ٹیلیفونک رابطہ اور افغانستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا۔ وزیر خارجہ نے برطانوی ہم منصب کو مختلف ممالک کے وزرائے خارجہ کے ساتھ ہونے والے حالیہ روابط سے بھی آگاہ کیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ افغانستان کے حوالے سے لگائے گئے تمام اندازے اور پیشین گوئیاں غلط ثابت ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ اطمینان بخش بات یہ ہے کہ افغانستان میں حالیہ تبدیلی کے دوران کوئی خون خرابہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کی قیادت کی جانب سے، عام معافی، حقوق کے تحفظ اور افغان سرزمین کو کسی کے خلاف استعمال نہ ہونے کی یقین دہانی کے متعلق بیانات، حوصلہ افزا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ افغانستان میں 40 سال سے جاری جنگ وجدل کے خاتمے کا ایک سنہری اور تاریخی موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو 90 کی دہائی میں کی گئی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے افغانستان کی انسانی و مالی معاونت کو یقینی بنانے کیلئے آگے بڑھنا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کو تنہا چھوڑا گیا تو خانہ جنگی، معاشی بحران، مہاجرین کی یلغار سمیت کئی خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس نازک موقع پر، امن مخالف قوتوں "اسپائیلرز" پر بھی کڑی نظر رکھنا ہو گی جو افغانستان میں امن کاوشوں کو سبوتاژ کرنے کیلئے متحرک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، افغانستان میں اجتماعیت کے حامل سیاسی تصفیے کا حامی ہے، افغانستان میں قیام امن پورے خطے کے امن و استحکام اور روابط کے فروغ کیلئے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کی بدلتی ہوئی صورتحال پر متفقہ لائحہ عمل کی تشکیل کیلئے میں نے خطے کے ہمسایہ ممالک کا دورہ کیا۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ میری تاجکستان، ازبکستان، ترکمانستان اور ایران کی قیادت کے ساتھ ہونے والی ملاقاتیں حوصلہ افزا اور سود مند رہیں، پاکستان نے 24 ممالک کے سفارتی عملے، شہریوں، اور بین الاقوامی اداروں کے اہلکاروں کو، کابل سے انخلاء میں معاونت فراہم کی۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے مختصر دورانیے کی ویڈیوز جاری کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر آٹھویں مختصر دورانیے کی ویڈیو جاری کی۔ ویڈیو میں ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے خواتین کے حوصلوں کو اسلام پیش کیا۔ ان محافظوں سے وابستہ سبھی رشتوں کو سلام، شہدا، غازیوں اور ان سے جڑے ہوئے تمام رشتوں کو سلام اس سے قبل شہدا کے اہلخانہ کو سلام عقیدت پیش کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے تیسری مختصر دورانیے کی ویڈیو جاری کردی۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے تیسری مختصر دورانیے کی ویڈیو جاری کی، ویڈیو میں شہیدوں کے اہل خانہ کے عزم کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز بھی پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے یوم دفاع کی مناسبت سے شہدا، غازیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے ویڈیو جاری کی، جس میں ترجمان پاک فوج نے کہا کہ گہرے سمندروں میں فرض نبھانے والا باپ، بیٹے کیلئے سپر ہیرو سے کم نہیں، شہدائے پاکستان ہمارا فخر ہیں، شہدا، غازیوں اور ان سے جڑے تمام رشتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ غیر متزلزل عزم کے حامل غازیوں کو یوم دفاع کی مناسبت سے خراج تحسین پیش کرتے ہیں، شہدا کے اہل خانہ کا حوصلہ قابل تعریف ہے، شہدا، غازیوں اور ان سے جڑے تمام رشتوں کو سلام پیش کرتے ہیں، شہدائے پاکستان ہمارا فخر ہیں، گہرے سمندروں میں فرض نبھانے والا باپ بیٹے کیلئے سپر ہیرو سے کم نہیں ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے ایک مختصر ویڈیو بھی جاری کی گئی، جس میں دکھایا گیا کہ نیوی افسر کے بیٹے کے اسکول میں سپر ہیرو کا دن منایا جا رہا ہے، نیوی افسر کا بیٹا اپنے باپ کو سپر ہیرو مانتا ہے اور اپنی ماں سے نیوی کی وردی سلوا کر سپر ہیرو ڈے پر پہنتا ہے، بچہ اپنے اسکول میں تمام کلاس فیلوز کو بتاتا ہے کہ میرے والد سپر ہیرو ہیں جو سمندر میں رہ کر دشمن سے لڑتے ہیں اور کسی سے ڈرتے بھی نہیں ہیں، آپ صرف میرے نہیں بلکہ پوری کلاس کے سپر ہیرو ہیں۔ آئی ایس پی آر نے اپنی ویڈیو میں دکھایا کہ یہ ساری داستان بچے کی ماں سمندری حدود کی حفاظت پر مامور اپنے شوہر کے ساتھ ایک خط کے ذریعے شیئر کر رہی ہیں، اس دوران ویڈیو میں ملی نغمہ وطن کی مٹی گواہ رہنا بھی چلایا گیا ہے۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دن ہوا ہوئے جب پسماندہ علاقوں کے لیے مختص فنڈز من پسند اضلاع میں لگائے جاتے تھے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب کے چپے چپے میں فنڈز اور ترقیاتی منصوبوں کی یکساں تقسیم ہو رہی ہے۔ راولپنڈی، لاہور ہو یا کوہ سلیمان، ہر جگہ ضروری ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ فورٹ منرو کے لیے تقریباً 90 کروڑ سے آٹھ منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد اس سلسلے کی کڑی ہے۔ فورٹ منرو واٹر سپلائی، ریسکیو سٹیشن، سکولوں اور ریزارٹ اپ گریڈیشن، سڑکوں کی تعمیر شامل ہیں۔ اسی طرح راولپنڈی کے شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کے لیے ڈھڈوچہ ڈیم کی تعمیر کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ تکمیل کے بعد یہ ڈیم روزانہ 35 ملین گیلن صاف پانی راولپنڈی کے شہریوں کو مہیا کرے گا۔ کوہ سلیمان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی بحالی اور فعال ہونے سے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ہو سکے گی۔ "بزدار حکومت کا نعرہ، سارا پنجاب ہمارا" کی بنیاد پر ہے۔ اب کسی علاقے، کسی ضلع کے ساتھ وسائل کی تقسیم پر زیادتی نہیں ہوگی۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کو سراہتا ہے اور امید کرتے ہیں کہ پاکستان کی افغان قوم کی مدد اور قیام امن کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔ اس موقع پر ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اس امید کا بھی اظہار کیا کہ پاکستان دوطرفہ تجارت میں اضافے کے سلسلے کو جاری رکھے گا۔ پاکستان کو یقین دلاتے ہیں کہ افغانستان کی سرزمین سے اس کی سلامتی کے لیے کوئی خطرہ نہیں ہوگا۔ ترجمان طالبان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ سی پیک کو افغانستان سے منسلک کرکے اہم تجارتی مقاصد حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ سی پیک کے توسیعی منصوبے کا خیر مقدم کریں گے 1

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آج بلوچستان ایک عظیم ہستی اور ایک قومی لیڈر سے محروم ہوگیا ان کی بلوچستان کے لیے گراں قدر خدمات تھے جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا بیان میں مرحوم کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم سردار صاحب کے خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کیلیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جہ سے لاکھوں گھر تباہ کر دیئے ہیں اور بلوچستان ہائی کورٹ اور ریڈزون میں منشیات فروخت ہو رہے ہیں حکومت منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرنے میں بے بس دکھائی دے رہا ہے منشیات فروش موت کے سوداگر بن کر انسانی جانوں سے کھیلنے میں مصروف ہیں انہوں نے کہا کہ منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کی مکمل سرپرستی کی باعث ہماری نوجوان نسل تباہ اور کئی خاندان اجڑ رہے ہیں چرس، ہیروئن، آفیم، آئیس، گٹکے، مین پڑی کا ایک منافع بخش کاروبار بن چکا ہے منشیات کے کاروبار سے لاکھوں روپے ماہانہ رشوت وصول کی جاتی ہیانہوں نے کہا کہ منشیات تیار کرنے والے انسانیت کے دشمن ہے ملک میں نفسیاتی بیماریاں بڑھ رہی ہے۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوئے مولانا سید شمس الدین شہید چوک پر احتجاجی مظاہرہ منعقد ہوا مظاہرین سے خطاب کرتیہوئے عبدالقیوم ایڈووکیٹ، انور مندوخیل، داود خان ایڈووکیٹ، حافظ ناصر، محمد دین خروٹی، مولوی عبداللہ، امان اللہ حریفال، عبدالحمید، بلوچ خان کبزئی، باران کلی وال، اجمل اعوان، میر وائس خان اور دیگر مقررین نے کہا کہ شہید لیویز اہلکاران کے قاتلوں کو فوری گرفتار کرے اور زیارت کراس پر دھرنے کی کمیٹی کے مطالبات کو فوری طور پر منظور کرے انہونے کہا کہ زیارت اور ہرنائی میں ایف سی کے تمام چیک پوسٹوں کو ختم کرے انہونے کہا کہ بلوچستان میں عوام اور عوام کے محافظ غیر محفوظ ہے آئے روز بے گناہ لوگ قتل ہو رہیہیں جس کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں انہونے کہا اگر زیارت کراس کے دھرنے کے کمیٹی کے مطالبات منظور نہیں کیا گیا تو شٹر ڈاون اور پہیہ جام کے بعد سخت سے سخت احتجاج پر مجبور ہونگے انہونے کہا کہ پشتون قوم اب متحد اور باشعور ہوچکے ہیں انہونے کہا کہ زیارت کراس کا دھرنا اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ہمارا جائز مطالبات منظور نہیں کی گئی انہونے کہا کہ بلوچستان میں جہاں بھی احتجاج ہوگی وہ پر امن ہوگی۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مینگل کی میت بیلا پہنچنے پر استقبال میت پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں تفصیل کے مطابق بلوچستان کے پہلے وزیر اعلی بزرگ سیاست دان بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار عطاءاللہ مینگل کی میت کراچی سے بیلا پہنچنے پر بی این پی لسبیلہ کے ضلعی صدر بیرسٹر جہانزیب قاسم رونجھو ضلعی جنرل سیکرٹری ایڈوکیٹ عاصم کاظم رونجھو بی این پی تحصیل بیلا کے صدر ایڈوکیٹ اشرف بیزان بلوچ جنرل سیکرٹری حسین رونجھو جمیعت علمائے اسلام لسبیلہ کے ضلعی نائب امیر اور پی ڈی ایم بیلا کے امیر مفتی محمد نعیم میر اورنگزیب مینگل نیشنل پارٹی کے ممبر صوبائی ورکنگ کمیٹی واحد بلوچ قادر لانگو پی پی پی بیلا کے صدر رئیس ہارون رونجھو سیٹھ محمد رحیم رونجھو بلوچستان عوامی پارٹی کے راہنما سابق کونسلر قاسم رونجھو سابق ناظم زین العابدین رونجھو پی اے پی بیلا کے صدر آغا محمد گدور ڈاکٹر عبدالغفور رونجھو ڈاکٹر زین رونجھو ڈاکٹر داود رونجھو مولوی ولی خان انور گلفام حضور بخش بلوچ حاجی رحیم رونجھو پریم چند آڈومل امان اللہ رونجھو نعمان جلیل کھوسہ واحد موسیٰ رونجھو رشید الگ مہراللہ نمانی سعد کاظم رونجھو عزیز کھوسہ پٹواری گل جان ساسولی مشتاق گلاب صادق کھوسہ مفتی محمد دین مولوی غلام رسول مولوی امین گنگو قاضی سراج حافظ ثناءاللہ و دیگر علاقہ معززین معتبرین نے بڑی تعداد میں استقبال کیا رکن قومی اسمبلی سردار اختر مینگل سینٹر واجہ قاسم رونجھو رکن صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ و دیگر میت کے ہمراہ تھے میت کو کراچی سے ایک بہت بڑے جلوس کی شکل میں بیلا اور وہاں سے وڈھ لے جایا گیا جہاں سردار عطاءاللہ مینگل کی تدفین ہوگی۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کیٹل فارم تھانے میں منتقل کر دیا اور بعد میں ملزم کو پولیس چوکی پر رکھا گیا پولیس چوکی سے ملزم فاروق ڈنگر دو پولیس کانسٹیبل کی موجودگی میں پولیس چوکی سے فرار ہوگیا۔ چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ملزم فاروق ڈنگر کو پولیس نے گرفتار کیا جنہیں پولیس نے ملزم کو کیٹل فارم تھانے میں منتقل کر دیا اور بعد میں ملزم کو پولیس چوکی پر رکھا گیا پولیس چوکی سے ملزم فاروق ڈنگر دو پولیس کانسٹیبل کی موجودگی میں پولیس چوکی سے فرار ہوگیا۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن لوگ مسلط ہے جو صرف ذاتی مفادات جانتے ہیں انہیں عوامی مسائل و پریشانیوں سے کوئی سروکار نہیں۔ جماعت اسلامی ہی اصل عوامی تبدیلی لائیگی عوام اور سربندن گوادر و مکران سمیت بلوچستان بھر کے سلگتے عوامی مسائل بجلی لوڈشیڈنگ، بدعنوانی، ٹرالر مافیا فیشریز کے مسائل حل کر کے عوام کو پانی و بجلی بحران سے نجات دلائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر سربندن سمیت مختلف مقامات پر عوامی احتجاجی تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سی پیک سٹی گوادر کو صرف سرمایہ داروں کا شہر بنایا جا رہا ہے مقامی آبادی، غریب عوام کو جیتے جی مارنے کا پروگرام ہے مقامی آبادی غریب عوام کے مسائل کو کوئی سننے والا انہیں حکومت و اسٹیبلشمنٹ سرمایہ داروں کیساتھ اور منتخب نمائندے صوبائی حکومت ذاتی مفادات کیلئے کوشاں ہیں جماعت اسلامی اس ظلم کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کر رہی ہے گوادر کے عوام کا روزگار ماہی گیری ہے لیکن یہاں بھی مقامی آبادی و چھوٹے ماہی گیروں کے بجائے ٹرالر مافیا کا راج ہے غریب ماہی گیروں کا جینا حرام کر دیا گیا ہے سرمایہ دار رشوت دیکر بڑے آفسر کو خرید لیتے ہیں جس کی وجہ سے مقامی غریب کمزور ماہی گیروں کا حق تلفی ہو رہا ہے ہم اس ظلم کے خلاف عوام سیاسی جماعتوں کو متحد کر کے جدوجہد کر رہے ہیں انشاء اللہ ماہی گیروں، مقامی آبادی کے مسائل حل اور ٹرالر مافیا، ظالموں سے نجات ملے گی۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے جائزہ اجلاس یہاں وزیراعلی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری توانائی صالح محمد بلوچ، بلوچستان انرجی کمپنی لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سید فراصت شاہ اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ محکمہ توانائی کے رواں مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں مجموعی طور پر 119 اسکیمیں شامل ہیں جس میں 48 جاری منصوبے اور 71 نئے منصوبے ہیں۔ جاری اسکیموں کی اتھارائزیشن اور فنڈز کی اجراء کا عمل جاری ہے۔ بریفنگ میں محکمہ توانائی کے نئے بڑے منصوبہ جات جن میں گیس کی فراہمی، ایل پی جی ٹرمینل کی تنصیب، سولر پاور پارکس کے قیام، دیہی علاقوں میں ایل پی جی/ ایل این جی کی فراہمی اور سرد علاقوں میں سولر گیزر کی فراہمی کے منصوبوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بلوچستان انرجی کمپنی لمیٹڈ کی کارکردگی اور اس کے قلیل وطویل مدتی پروجیکٹس اور سوئی مائننگ لیز پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ تفتان میں ٹیسٹنگ لیبارٹری کے قیام کے لئے فزیبلٹی اسٹیڈی دو ہفتوں میں مکمل کر لی جائے گی جبکہ انرٹیک کے ساتھ ایکوٹی شیئر ایگریمنٹ پر دستخط کئے گئے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبے میں توانائی کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے بلوچستان ٹرانسمیشن ڈسپیچ کمپنی کی فزیبلٹی کرانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری اسفندیار خان نے اس امر پر زور دیا کہ تمام منصوبہ جات کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کے لئے ٹائم لائن مقرر کر کے انہیں فاسٹ ٹریک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کا ویژن ہے کہ دبئی ایکسپو میں بلوچستان میں آئل ٹرمینل اور پیٹروکیمیکل انڈسٹری کے فروغ کے لیے غیر ملکی سرمایہ کاروں کو راغب کیا جائے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گئے اور مافیا کی جیبیں بھری جا رہی ہیں، آٹا چینی دوائی بجلی گیس ایل این جی سمیت ہر چیز پر یہ حکومت صرف مال بناؤ تین سال کی کل کارکردگی ہے، ہسپتالوں میں ایکسپائرڈ سٹنٹس لگائے جا رہے ہیں اور مافیا کی جیبیں بھری جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں کورونا فنڈ میں 15 ارب کی گڑبڑ پر عمران صاحب اور وزیراعلی مستعفی ہوں، مجرموں کو پکڑا جائے، پنجاب میں کورونا فنڈ میں 15 ارب سے زائد کی بے ضابطگیاں کرپٹ ترین حکومت کے کارکردگی، عمران صاحب 1200 ارب روپے کورونا ریلیف فنڈ میں بے ضابطگیوں اور خورد برد کی صورت کارکردگی دکھا چکے ہیں، وفاق میں کورونا فنڈ میں 1200 ارب پر ہاتھ صاف کئے گئے اور پنجاب میں 15 ارب جیبوں میں چلے گئے، عمران صاحب کی حکومت میں وزیر صحت دوائی بیچ کھاتا ہے اور بڑا عہدہ پاتا ہے، عمران صاحب کی حکومت کورونا کے پیسے کھاگئی، ماسک تک بیچ کر کھاگئی، آٹا چینی دوائی بجلی گیس ایل این جی سمیت ہر چیز پر یہ حکومت صرف مال بناؤ کی کارکردگی دکھا رہی ہے۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سب سے پہلے ان کی میت کو ان کے آبائی گھر میں مینگل کو لایا گیا مینگل کوٹ لانیکے بعد ان کو ان کے بڑے بیٹے اسد شہید کے نام سے منسوب کرکٹ اسٹیڈیم میں جنازہ کے لئے لایا گیا۔ نماز جنازہ قاضی عبدالکبیر مینگل نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں ان کے صاحبزادے سردار اختر جان مینگل۔ سردار اسد اللہ خان مینگل۔ سردار زادہ میر گورگین مینگل۔ بی این پی کے مرکزی نائب صدر ولی کاکڑ ساجد ترین ایڈووکیٹ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر سردار صالح محمد بھوتانی۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اصغر اچکزئی سینئر سیاست دان ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ سردار محمد اسلم بزنجو پختونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما ڈاکٹر حامد خان اچکزئی پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما قادر پٹیل اور آغا رفیع اللہ۔ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری سابق صوبائی امیر سینئر مولانا فیض محمد جمیعت علماء اسلام کے مرکزی نائب امیر سابق رکن قومی اسمبلی مولانا قمر الدین۔ مولانا محمد نصیب مینگل میر محمد یونس عزیز زہری۔ میر علی حیدر محمد حسنی۔ جسٹس ریٹائرڈ عبدالقادر مینگل۔ ایم پی اے خاران واجہ ثناء بلوچ اختر حسین لانگو حاجی احمد نواز۔ بابو رحیم مینگل۔ صوبائی قادر نائل ہزاراہ۔ لال جان بلوچ۔ عبدالروف مینگل۔ میر اکبر مینگل۔ سنگت بشیر احمد رئیسانی۔ میر ظہور مینگل۔ ڈاکٹر عبدالقدوس کرد۔ ضلعی صدر بی این پی خضدار شفیق ساسولی۔ حمل کلمتی سینٹر قاسم رونجھو غلام نبی مری اغا موسا جان محمد موسی بلوچ سردار شہباز خان محمد حسنی۔ طارق مگسی۔ سردار اسلم میروانی۔ سردار علی محمد قلندرانی۔ سردار حیات ساجدی۔ میر علی اکبر گرگناڑی۔ حاجی ولی محمد لہڑی۔ فرحان بھوتانی۔ شہزاد بھوتانی۔ ذوالفقار بھوتانی۔ سیف اللہ مگسی۔ نوابزادہ نیاز احمد زہری۔ سردار نصیر احمد موسیانی۔ میر محمد ہاشم شاہیزئی۔ ٹکری شفقت لانگو مجاہد عمرانی۔ میر ولی محمد شاہیزئی سمیت ہزاروں کی تعداد میں لوگ جنازہ میں شریک ہوئے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

معیشت میں شمولیت بڑھانے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے، کاروباری سرگرمیوں میں خواتین کی شمولیت کے بغیر ترقی ادھوری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں امن سے پاکستان کو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا، افغانستان میں تعمیر و ترقی کیلئے پاکستان کی معاونت کی ضرورت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے اپنے تمام ہمسایوں کے ساتھ تعلقات خراب کیے، بھارت اپنی 15 فیصد مسلمان آبادی کو تنہا کر کے خطرات مول لے رہا ہے، پاکستان نے انتہاء پسندی اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اہم سبق حاصل کیے، انصاف کی بنیاد پر فیصلوں سے ہی ملک ترقی کر سکتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ حکومت نے پالیسیز کی تیاری میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو شامل کیا، حکومت کا کام کاروباری طبقے، برآمد کنندگان اور صنعت کاروں کو سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مشاورت سے صنعت کاروں کے مسائل کو حل کیا، پاکستانی ملبوسات کی قدر میں اضافے کیلئے پاکستان کو اپنے برانڈز قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ کپاس کی زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے، پاکستانی ملبوسات کی برآمدات میں گزشتہ سال 14 فیصد کا اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سرمایہ کاری کیلئے موزوں ماحول فراہم کرنے کیلئے اقدامات کر رہا ہے، پاکستانی تاجروں کو برانڈ پاکستان پر اعتماد قائم کرنے کیلئے ایمانداری اور دیانت داری کو مشعل راہ بنانے کی ضرورت ہے، پاکستان معاشی ترقی کے ساتھ اخلاقی طور پر بھی بہتری کی طرف گامزن ہے۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

28 روپے فی کلو تک اضافے کا امکان۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سی این جی کی قیمت میں تقریباً 18 روپے لیٹر اور سندھ میں تقریباً 28 روپے کلو تک اضافہ متوقع ہے جس سے کنزیومر اسکی خریداری بند کر دینگے اور یہ صنعت دیوالیہ ہو جائے گی اور اس سے وابستہ لاکھوں لوگ بے روزگار ہو جائیں گے۔ روپے کے مقابلہ میں ڈالر کی قدر میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جبکہ ایل این جی پر سیلز ٹیکس اور کسٹم ڈیوٹی میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے اور اگر حکومت نے سی این جی کی قیمتوں کے حوالے سے فوری فیصلہ نہ کیا تو اوگرا کی جانب سے قیمت میں اضافہ کے نوٹیفکیشن کے بعد پنجاب میں سی این جی کی قیمت تقریباً 125 روپے لیٹر اور سندھ میں تقریباً 192 روپے لیٹر تک پہنچ سکتی ہے جو کہ نا صرف سی این جی انڈسٹری کے لئے تباہی کا سبب بنے گا بلکہ ملک میں مہنگائی کا نیا طوفان آجائے گا۔ انھوں نے کہا کہ آل پاکستان سی این جی ایسوسی ایشن کے وفد نے اعلیٰ حکام سے ملاقات کر کے ان سے درخواست کی ہے کہ سی این جی کی قیمت پٹرول سے مہنگی ہو جانے پر پنجاب اور سندھ میں سی این جی اسٹیشنز مکمل طور پر بند ہو جائیں گے، 450 ارب روپے کی سرمایہ کاری ڈوب جائے گی اور لاکھوں لوگوں کے بے روزگار ہو جائیں گے اس لئے ہمارے مسائل پر توجہ دی جائے۔ دیگر شعبوں کو اربوں روپے کی سبسڈی دی جا رہی ہے جس سے حکومت پر بوجھ چار گنا بڑھ گیا ہے اور سی این جی مہنگی کرنا عوام سے زیادتی ہے۔ پٹرول پر لیوی کو صفر کر دیا گیا ہے، سیلز ٹیکس کو بھی کم کر دیا گیا ہے، ایل پی جی پر بھی ٹیکس کم کر دیئے گئے ہیں مگر سی این جی پر ٹیکس بڑھا دیئے گئے ہیں جو عجیب منطق ہے۔ مہنگی سی این جی سے ٹرانسپورٹ کے کرائے میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا جس سے ہر چیز مہنگی ہو جائے گی اور عام آدمی پر بوجھ بڑھ جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ اگر حکومت نے اس مہنگائی کے طوفان کو روکنا ہے تو قیمتوں میں ناقابل برداشت اضافے کے تدارک کے فوری اقدامات کرنا ہوں گے۔ اس سلسلے میں سی این جی ایسوسی ایشن کے رہنماں کے اجلاس جاری ہیں اور موجودہ صورت حال پر غور کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ت کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔ عمر لیاقت رندھاوا (پی بی ایس-18) نے ڈپٹی کمشنر زیارت کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بھی موجود تھے۔ یو این ڈی پی کے نمائندے نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو یو این ڈی پی کی جانب سے بلوچستان میں مختلف ترقیاتی منصوبوں اور دیگر اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ قانون کی حکمرانی سے متعلق، ساحلی علاقوں میں زلزلہ اور سونامی سے نمٹنے کی تیاری، مینگروز کے پودے لگانے، بلوچستان کے طلباو طالبات کو مختلف یونیورسٹیوں سے تربیت کی فراہمی، فشریز اور سیاحت کے فروغ کے منصوبوں پر کام اور معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف شعبوں بلخصوص معدنیات اور ماہی گیری کے شعبے میں سرمایہ کاری کے روشن امکانات موجود ہیں اگر ان پر توجہ دی جائے تو صوبے کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آسکیں گے۔ چیف سیکرٹری نے یو این ڈی پی کی بلوچستان کے مختلف شعبوں کی بہتری میں بلوچستان حکومت کو تعاون و معاونت کی فراہمی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت یو این ڈی پی اور اقوام متحدہ کے دیگر تنظیموں کی جانب سے مختلف شعبوں کی ترقی اور کارکنوں کے استعداد کار میں اضافے اور دیگر کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور اس سلسلے میں حکومت بلوچستان ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پر گہرے رنج و غم اور انتہائی دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی قومی، سیاسی، جمہوری، وطن دوست جدوجہد پر انہیں زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ سردار عطاء اللہ مینگل نے بلوچ قومی تحریک اور محکوم قوموں کی تحریک پونم میں محکوم اقوام اور ملک کے مظلوم عوام کے سیاسی، جمہوری حقوق کیلئے نہایت مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا تھا۔ اسی طرح بلوچ قوم کی قومی سیاسی جمہوری وطن دوست سیاست میں ان کے کردار کو سراہا جائیگا۔ سردار عطاء اللہ خان مینگل کو ایک مدبر، اصول پسند اور گہری سیاسی بصیرت رکھنے والے سیاستدان کے طور پر یاد رکھا جائیگا۔ بیان کے آخر میں سردار اختر جان مینگل اور ان کے تمام خاندان، لواحقین، اور پارٹی سے دلی تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کیلئے دعا مغفرت اور پسماندہ گان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی گئی ہے۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

(بی پی ایس-18) کو 19 جولائی 2021ء سے ایڈیشنل چیف الیکٹرک انسپکٹر (بی پی ایس-19) کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نئے جوڈیشل افسران نے فرائض منصبی کا حلف اٹھایا ہے، یہ حلف جج اور اللہ تعالی کے درمیان خاص رابطہ قائم کرتا ہے، یہ حلف نہ صرف جج بلکہ گھر والوں، عزیز و اقارب پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ چیف جسٹس محمد امیر بھٹی کا کہنا تھا کہ جج کے منصب پر فائز ہر شخص اللہ تعالی کے سامنے جوابدہ ہے اور ہر شخص کو ہر چیز کی قربانی دینا ہوتی ہے، یہ منصب اللہ تعالی کی جانب سے ایک انعام ہے۔ چیف جسٹس ہائی کورٹ نے کہا کہ ججز بغیر کسی دنیاوی خوف و خطر کے میرٹ پر انصاف کریں، ہم اپنے ہر فیصلے پر اللہ تعالی کے سامنے جواب دہ ہیں، جج کا منصب کوئی افسری نہیں، یہ اللہ تعالی کی امانت ہے۔ جسٹس محمد امیر بھٹی کا کہنا تھا کہ غریبوں، دکھی لوگوں کا مداوا کرنا ہمارا بنیادی فریضہ ہے، ظلم کا شکار افراد کو انصاف کی فراہمی ہمارا مقصد ہے، ہر جج اپنےفیصلوں کیساتھ اللہ تعالی کے سامنے پیش ہوگا، ہمارے عدالتی فیصلے آخرت میں ہماری جزا و سزا کا محور ہوں گے۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

راجپوت سلمان درانی، راشد فضل، لیاقت راجپوت، ضیاء الدین کاکڑ، ملک عیسیٰ کاسی، شاہ مسعود کاکڑ عبدالمنان درانی، منصور احمد دیگر نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں بزرگ سیاستدان سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات پر افسوس کا اظہار کیا ہے بیان میں سردار اختر جان مینگل سے تعزیت کی ہے کیونکہ سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات سے صوبے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے جن کا ازالہ مشکل عمل ہے بیان میں صوبے کیلئے وزیر اعلیٰ اور صوبے کے جمہوری حقوق کے حصول میں سردار عطاء اللہ مینگل کی جدوجہد کو سنہرے حروف سے لکھا جائے گا پاکستان مسلم لیگ (ن) قومی جدوجہد میں بی این پی کے ساتھ اس مشکل گھڑی میں کھڑی ہے بیان میں دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائیں۔

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نے مہنگا ترین ایل این جی معاہدہ کیا ہے اس معاہدہ میں ملوث عناصر کو بے نقاب کر کے فوری سزا دی جائے عمران نیازی فوری طور پر تقریروں سے وقت نکال کر ایکسپائرڈ سٹنٹس مریضوں کو ڈالنے والے مجرموں کو پکڑیں ملک میں نام نہاد احتساب کا نظام چل رہا ہے حکومتی کارکردگی نہیں بربادی ہے حمزہ شہباز نے کہا کہ پاکستان کی 73 سالہ تاریخ میں کسی نے آٹا چینی تیل کی قیمتیں آسمان تک نہیں پہنچائیں ملکی تاریخ میں اتنی نااہل نالائق حکومت نہیں آئی جگہ جگہ خواتین سے زیادتی کے واقعات ہو رہے ہیں۔

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سعید کی جانب سے ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست دائر کی تھی۔ عدالت نے پولیس سے مقدمہ کا ریکارڈ طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت چودہ ستمبر تک ملتوی کر دی۔ ایڈیشنل سیشن جج محمد سعید ملزمان کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ ملزم کی جانب سے وکیل ناظم شہزاد چودھری عدالت میں پیش ہوئے اور موقف اختیار کیا کہ ملزمان شامل تفتیش ہونا چاہتا ہے، ڈر ہے پولیس ملزم کو گرفتار کر لے گی۔ استدعا ہے کہ عدالت ملزم کی گرفتاری سے روکنے کا حکم دے۔ ملزم کے خلاف تھانہ لاری اڈہ میں میں پانچ دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ آج پاکستان اور افغانستان میں یوم تشکر منایا جا رہا ہے، مسلسل 20 سال عوام پر گولیوں کی بارش کی گئی اور آزادی کو سلب کیا گیا افغان عوام نے انگریزوں، روسیوں اور اب امریکیوں کا مقابلہ کیا دنیا کے 46 افواج اور جدید اسلحہ کے۔ باوجود تکبر اور غرور کو شکست ہوئی یہ صرف افغانوں کی نہیں پاکستان کی بھی کامیابی ہے اس تحریک کی کامیابی سے کشمیریون اور فلسطینیوں کو حوصلہ ملا ہے۔ سراج الحق نے کہا کہ سید علی گیلانی ہم سے جدا ہوگئے ہیں، ان کے غم میں سوگوار ہیں، ہم دعا گو ہیں کہ ان کا نظریہ کشمیر بنے گا پاکستان جلد پروان چڑھے۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ جیسے ہمارا کشمیر پر موقف ایک ہے ایسے ہی نظریے کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ڈپٹی وزیر خارجہ کا عہدہ متعارف کرایا جائے جس کا مشن کشمیر کی آزادی ہوانہوں نے سید علی گیلانی کے نام کے ساتھ بڑی شاہراہ کو منسوب کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تمے کی عالمی کوششوں کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔ جنساؤ اسسٹنس اینڈ سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کی 20 سالہ سالگرہ پر ایک ویڈیو پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ چین کی بے مثال ترقی نے 800 ملین لوگوں کو غربت سے نکالا، تخفیف غربت کے لیے چین ترقی پذیر ممالک کا رول ماڈل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا بالخصوص جنوبی حصے کو موسمیاتی تبدیلیوں، غربت اور خوراک کے عدم تحفظ سمیت متعدد مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتھک کوششوں کے باعث دو دہائیوں سے شدید غربت میں تیزی سے کمی واقع ہو رہی تھی۔ لیکن عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث معاشی بحران آیا جس سے عالمی پیش رفت سست ہوگئی اور گزشتہ 2 دہائیوں میں پہلی مرتبہ سال 2020 میں شدید غربت بڑھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ یوں بہتر غذائیت اور تحفظ خوراک میں حاصل کردہ کامیابی ترقی پذیر ممالک کے لیے ایک بہت بڑا چیلنج بن گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی وبا کے دوران معاشی بحالی، نمو اور ترقی کے حصول کے پائیدار طریقے انتہائی اہم ہیں۔ جنساؤ ٹیکنالوجی 100 سے زائد ممالک کے ساتھ شیئر کرنے پر چین کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سے گزشتہ 20 برس میں ہزاروں افراد مستفید ہوئے ہیں۔ جنساؤ، جادوئی گھاس کے نام سے معروف ہے اور دو چینی الفاظ جن کے معنی 'مشروم اور گھاس' ہیں ان سے مل کر بنا ہے۔ گھاس کی یہ مخصوص قسم چینی سائنسدانوں نے دریافت کی تھی جو نسبتاً ماحول دوست اور سستا متبادل ہے، اسے روایتی طور پر اگنے والی مشروم کی زیادہ پیداوار کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جنساؤ ٹیکنالوجی کے متعدد فوائد ہیں مثلاً چھوٹے کاشت کاروں کو تجارتی لحاظ سے قابل عمل مشروم کی کم قیمت کاشت میں مدد دینا اور زمین کو بنجر ہونے سے بچانا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ کہتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ جدید جنساؤ ٹیکنالوجی ہمارے معاشرے اور معیشت سے ہم آہنگ ہے، اس قسم کی جدید اور ماحول دوست ٹیکنالوجی پہلے دو پائیدار ترقیاتی اہداف، غربت اور بھوک کے خاتمے میں ہماری پیش رفت کو متحرک کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے میں بھی چین کی قیادت اور کردار قابل تعریف ہے، ساتھ ہی ایک خوشحال، صاف اور خوبصورت دنیا کے لیے چین کے صدر شی جن پنگ کے وژن کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ غربت اور موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنا پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل تھا۔ احساس سوشل سیفٹی پروگرام کے تحت متعارف کروائے گئے پروگرام کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد پسماندہ افراد کی زندگیوں میں بہتری لانا، غربت کا خاتمہ اور کمزور خاندانوں کو مدد فراہم کرنا ہے، اس نے عالمی وبا کے ہماری آبادی پر پڑنے والے معاشی اثرات سے تحفظ فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمارا غربت کے خاتمے کا قومی پروگرام جو لوگوں کو معاش کی فراہمی، اثاثہ جات میں اضافے اور تربیت کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے جنساؤ ٹیکنالوجی کے اشتراک سے اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں سے ایک ہونے کے باعث پاکستان اس عفریت کے خاتمے کی عالمی کوششوں کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ بٹن دبا کر نیا پاکستان نہیں بن سکتا، یہ جدوجہد کا نام ہے، سسٹم بدلنے میں وقت لگتا ہے، کورونا کے دوران آئی ایم ایف کو فون کر کے کنسٹرکشن سیکٹر کیلئے رعایت لی۔ پاکستان پراپرٹی، ہاوسنگ اور کنسٹرکشن ایکسپو کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ دیہاڑی دار لوگوں کو موقع ہی نہیں ملا کہ وہ اپنا گھر بنا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ میں پہلی بار عام آدمی کے پاس اپنا گھر ہوگا، ہاوسنگ سیکٹر کی ہر ممکن مدد کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں تنخواہ دار طبقے کا کسی نے نہیں سوچا تھا، وہ ملک ترقی نہیں کر سکتا جہاں چھوٹا سا طبقہ امیر اور زیادہ غریب ہوں، کمزور طبقے کو اوپر اٹھانا ترجیح ہے، حکومت کی کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ چیزیں پاکستان میں بنیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں عام لوگوں کو گھر کی ضرورت ہے، گھر کی فراہمی کے لیے نیا پاکستان ہاوسنگ اسکیم شروع کی، قرضہ بینک دے گا، تعمیراتی شعبے میں تیزی سے ترقی ہو رہی ہے، کنسٹرکشن سیکٹر میں سب سے زیادہ روزگار کے مواقع ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں مائنڈ سیٹ تبدیل کرنے کا کام شروع ہوگیا ہے، چین نے سب سے پہلے کمزور طبقے کی مدد کی، ایف بی آر میں اصلاحات لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فیصل رسول لودھی کمانڈ اور اسٹاف کی متعدد اہم ذمہ داریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے کیریئر کے دوران وائس ایڈمرل فیصل رسول لودھی فلیگ آفیسر ٹریننگ، نیول سیکریٹری، ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف (آپریشنز)، کمانڈر کوسٹ اور کمانڈر کراچی کے ساتھ ساتھ وزارت دفاع میں اہم ذمہ داریاں سرانجام دے چکے ہیں۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق وائس ایڈمرل فیصل رسول لودھی پاکستان نیوی وار کالج لاہور، نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد، رائل کالج آف ڈیفنس اسٹڈیز برطانیہ اور نیول کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج فلپا ؟ن سے فارغ التحصیل ہیں۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق وائس ایڈمرل فیصل رسول لودھی نے برطانیہ سے انٹرنیشنل سیکورٹی اینڈ اسٹریٹجک اسٹڈیز میں ماسٹرز ڈگری بھی حاصل کی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق وائس ایڈمرل فیصل رسول لودھی اس وقت نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں چیف آف اسٹاف کے عہدے پر تعینات ہیں۔

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان کے تمام ڈویژن ہیڈ کوارٹرز سمیت مجموعی طور پر 9 پی آر سی لیب کی منظوری دی جاچکی ہے پنجگور اور تربت میں یہ لیب فعال کر دی گئی ہیں جبکہ دیگر ڈویژن میں ٹیسٹنگ ریجنٹس اور کٹس کی خریداری کے لئے محکمہ خزانہ سے فنڈز کا اجرا ہو چکا ہے جس کے بعد بہت جلد دیگر تجویز کردہ مقامات پر بھی پی آر سی فعال کر دی جائیں گی بلوچستان کے تمام ڈویژن ہیڈ کوارٹرز میں ان جدید لیبارٹریز کے قیام سے عوام کو مقامی سطح پر ہی کوویڈ، ہیپاٹائٹس، ٹی بی اور مختلف انفیکشن ڈیزیز سمیت متعدد پیچیدہ امراض کی تشخیص کی طبی سہولیات میسر آسکیں گی پبلک ہیلتھ لیبارٹریز کے نیشنل کوآرڈینیٹر کرنل ڈاکٹر امجد نے پارلیمانی سیکرٹری صحت کو بتایا کہ دوروزہ انسپکشن کے دوران بلوچستان میں ٹیسٹنگ سے متعلق اقدامات اور امور کا تفصیلی سے جائزہ لیا گیا ہے اس دوران لیب انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم کی بہتری سے متعلق ہدایات جاری کی گئی ہیں کرنل ڈاکٹر امجد نے بلوچستان میں ہیلتھ ریفارمز کو سراہتے ہوئے وزیر اعلی بلوچستان جام کمال خان کے ویژن اور پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کی پروفیشنلزم پر مبنی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ سے قریبی رابطہ کاری اور تعاون کو سراہا انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ محکمہ صحت بلوچستان اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ باہمی مشاورت سے طبی سروسز کی بہتری کے لیے اقدامات کا تسلسل جاری رکھیں گے دریں اثنا پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے جمعہ کو یہاں بلوچستان فزیو تھیراپسٹ ایسوسی ایشن کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان کے سرکاری اسپتالوں میں فزیو تھیراپی او پی ڈیز و کلینکس کے قیام سے متعلق تجاویز اور پریزنٹیشن پیش کی، وفد سے بات چیت کرتے ہوئے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ طبی لحاظ سے فزیو تھیراپی نہایت اہمیت کی حامل ہے اور یہ عمل علاج کے دوران اور بعد از علاج تسلسل کے ساتھ ضروری ہے پاکستان سمیت دنیا بھر میں کوویڈ کی عالمی وبا کے دوران فزیو تھیراپی کی اہمیت غیر معمولی طور پر سامنے آئی تاہم پاکستان کے عام آدمی میں اب بھی فزیو تھیراپی سے متعلق شعور کا فقدان ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ ہم فزیو تھیراپسٹ کی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لئے قابل عمل حکمت عملی مرتب کر رہے ہیں تاکہ ان کے وسائل مختص کیے جاسکیں ہیلتھ کیئر سے وابستہ ہر فرد ہماری ٹیم کا حصہ ہے اور ہم نے مل جل کر پوری تندہی اور محنت سے کام کرتے ہوئے عوام کو صحت عامہ کی معیاری اور قابل اعتماد خدمات فراہم کرنی ہیں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے فزیو تھیراپسٹ ایسوسی ایشن کے وفد کو یقین دلایا کہ متعلقہ فورم پر فزیو تھیراپسٹ کے محفوظ مستقبل کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ز احتساب عدالت کوئٹہ کے جج منور احمد شاہوانی نے اپنے فیصلہ میں کہا ہے کہ قانون کے مطابق ملزم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی مرحلے پر ضابطہ فوجداری K 265 کے تحت بریت کی درخواست دے سکتا ہے اور عدالت کو یہ اختیارات حاصل ہے کہ وہ کسی بھی ملزم کو میرٹ پر کیس سے بری کر دے تاہم معزز سپریم کورٹ چاغی ہلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے کو غیر قانونی قرار دے چکی ہے اور چونکہ سابق چیئرمین نے بحثیت چیئرمین بی ڈی اے چاغی ہلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے پر دستخط کئے ہیں اور استغاثہ کی جانب سے ملزم پر متعدد الزامات عائد کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے ملزم کی مقدمے سے بریت کی درخواست رد کی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ نیب بلوچستان نے سابق چیئرمین بی ڈی اے عطا محمد جعفر سمیت 26 افراد کے خلاف ذاتی مفادات کے حصول کے لیے غیر ملکی کمپنی کو غیر قانونی فائدہ پہنچانے کے الزام میں ریفرنس دائر کیا ہے دائر ریفرنس کے مطابق سال 1993 میں بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور بروکن ہلز پروپرائیٹری نامی آسٹریلیوی کمپنی کے مابین چاغی ہلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر کا ایک معائدہ طے پایا جس میں حکومت بلوچستان بالخصوص بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے افسران کی جانب سے آسٹریلوی کمپنی کو غیر قانونی فائدہ پہنچایا گیا، قومی مفادات سے متصادم اس معائدہ کی شرائط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے ناصرف غیر قانونی طریقہ سے بلوچستان مائننگ کنسیشن رولز میں ترامیم کی گئیں بلکہ بار بار غیر قانونی طور پر ذیلی معاہدات کر کے ٹیتھیان کاپر کمپنی نامی نئی کمپنی کو متعارف کر کے اربوں روپے کے مزید مالی فائدے حاصل کیے گئے۔ ریکارڈ کی مزید جانچ پڑتال اور گواہان کے بیانات سے معلوم ہوا ریکوڈک منصوبے جس میں ملکی خزانے کو اربوں روپے کا فائدہ حاصل ہونا تھا جو بدعنوانی کی نظر ہو گیا۔ بعدازاں ڈی جی نیب آپریشن اور ڈی جی نیب بلوچستان کی سربراہی میں کام کرنے والی تحقیقاتی ٹیم نے چیئرمین نیب جسٹس جاوید اقبال کی منظوری کے بعد بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے سابق چیئرمین و افسران سمیت 26 افراد کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت کوئٹہ میں دائر کر دیا تھا۔ سابق چیئرمین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی عطا محمد جعفر نے خود کو سزا سے بچانے کیلئے ضابطہ فوجداری کی دفعہ K265 سی آر پی سی کے تحت کرپشن کے مقدمہ سے بریت کی درخواست دائر کی تھی تاہم معزز احتساب عدالت نے ملزم کی درخواست مسترد کر دی ہے۔

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مسلح نقاب پوش ڈاکوؤں نے اسلحے کی زور پر دکان کا کیش میرا ابتوہ جس میں نقد رقم کے علاوہ میرا اوپڈا کا سروس کارڈ اور شناختی کارڈ بھی تھا اسکے علاوہ گاہکوں سے نقدی اور موبائل لوٹ کر لے گئے میں نے نامعلوم نقاب پوش لٹیروں کے خلاف تھانہ میں ایف آئی آر بھی درج کی ہے۔ ضلعی انتظامیہ بلخصوص ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اور ایس ایچ او ڈاکوؤں کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے لوٹی گئی رقم اور دیگر اشیا برآمد کر کے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ے بازی۔ حکومت سے فوری طور پر دھرنا مظاہرین کے چار مطالبات پر عمل درآمد کرنے پر زور پشتونخواہ میپ اور عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے ریلی کا انعقاد باچاخان چوک ہرنائی سے کیا گیا۔ جس کی قیادت پشتونخواہ میپ کے ضلعی سینئر معاون ملک سلام ترین نے کی۔ جبکہ اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر ولی داد میانی، جنرل سیکرٹری کامران ترین، اور دونوں پارٹیوں کے دیگر سیاسی قائدین بھی موجود تھے۔ ریلی کے شرکا نے کالے جھنڈے اٹھا رکھے تھے۔ اور پورے شہر کا چکر لگایا۔ اور حکومت سے مطالبہ کیا گیا۔ کہ وہ فوری طور پر دھرنے کے چار مطالبات مان لیں۔ جن میں زیارت اور ہرنائی سے ایف سی کا انخلا، ڈی سی زیارت کو فوری طور پر برطرف کرنا، واقعے کی ایف آئی آر میں ڈی سی زیارت کو شامل کرنا اور واقعے کی تحقیقات کے لئے جوڈیشل کمیشن کا قیام شامل ہیں۔ یاد رہے۔ اگست 2021 کی 26 تاریخ کو زیارت کے علاقے مانگی ڈیم کے ایریا میں دہشت گردوں کی جانب سے لیویز گاڑی کے لئے آئی ای ڈی نصب کیا گیا تھا۔ جس پر لیویز گاڑی جانے کے بعد وہ پھٹ گیا تھا۔ جس میں زیارت لیویز کے تین جوان میجر رسالدار میر زمان کاکڑ، مدثر حسین کاکڑ اور زین اللہ کاکڑ شہید ہوگئے تھے۔ اس واقعے کے خلاف ایسی روز خانی کراس پر لاشوں کو رکھ کر دھرنا دیا جو تا حال جاری ہے۔ اور مطالبات تسلیم ہونے تک جاری رہیگا۔ ہم احکام بالا اور انسانی حقوق کے تنظیموں سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں۔

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کا سلسلہ سلیم کالونی اپنی رہائش گاہ پر جاری ہے تعزیت کرنے والوں میں سردار زادہ فیصل خان جمالی، میر زبیر خان جمالی، میر ہمایوں خان جمالی، میر عامر علی خان جمالی، میر فاروق خان جمالی علی خان جمالی، سردار محمد جان پندرانی، میر مرتضی خان جمالی، اسلم خان عمرانی، سردار منیر دشتی، مقدم ضمیر حسین طیبانی، عبدالستار خان عمرانی، رئیس اصغر سومرو، ڈاکٹر عبدالجبار سومرو، علی نواز عمرانی، صدر پریس کلب حنیف بلوچ، ذوالفقار کھوسہ، چاکر خان دیناری، لونگ خان جمالی، گل محمد چانڈیو، عبدالفتاح رند، علی حسن ڈومکی، عبدالستار ترین، عبدالحمید بلیدی، خاوند بخش برڑو، علی حسن خان مگسی، حاجی وارث دیناری، اللہ بخش جمالی، پرنسپل ڈگری کالج اکبر سومرو، انجمن تاجران کے صدر وریام بیگ بوہڑ مکھی نانک سنگھ، ماندھم داس، ڈاکٹر اعجاز حسین لاشاری، سجاد حسین رند، صادق جمالی، محمد عثمان عمرانی، شان ثاقب ابڑو، محمد اسلم، عبدالرشید، سید قاسم شاہ مظفر میمن، ایس ایچ او مقبول احمد جمالی، ریاض حسین ڈاوچ، آصف علی ہجوانی، عبدالنبی بوہڑ، ظفر علی ہجوانی، رئیس عبدالغفور طیبانی، آفتاب خان بلیدی محمد رحیم بنگلزئی، شکیل احمد اوستو، محمد صدیق میمن، ولی محمد منگی، سہیل احمد جمالی، ڈاکٹر حسین رڈ، سلیم ابڑو، محمد رفیق پندرانی، آدم خان سومرو، سمیت شہریوں علاقائی معززین سمیت ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے فاتحہ خوانی کی اور کہا کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بچ یو میں عوام علاج کی فراہین اور ویکسینیسن سمیت میڈیسن اور ایم سی ایچ سینٹر چیک کئے۔ جہاں پر میڈیکل افیسر ڈاکٹر محمد قاسم ناصر، میڈیکل ٹیکنیشن فرید اللہ نے انکو بی ایچ یو سے متعلق بریفنگ دی۔ دورے کے دوران انکے ہمراہ سیکرٹری پاکستان ریڈ کریسنٹ بلوچستان محمد ایوب خان، پروگرام منیجر ڈاکٹر دیدار، بورڈ ممبر غلام محمد، صوبائی ایڈمن افیسر عامر منیر، ضلع دکی کے کوآرڈینیٹر زعفران علی خان لونی، ڈی ایچ او دکی ڈاکٹر جوہر خان شادوزئی، ضلعی ایڈمن آفیسر نیک محمد کاکڑ، ویئر ہاوس انچارج محمد عثمان خان کاکڑ، پی ٹی آئی کے صوبائی رہنما سردارزادہ محبوب خان ترین، پی ٹی آئی کے ضلعی صدر حاجی محمد اشرف ناصر، پی ٹی آئی کے سابق ضلعی جنرل سیکرٹری ملک کلیم اللہ ترین اور دیگر بھی انکے ہمراہ تھے۔ انہوں نے ضلع دکی میں جاری ریڈ کریسنٹ کے ویکسینیٹرز کے ٹریننگ سنٹر کا دورہ کیا اور خطاب بھی کیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ سے انکے آفس میں ملاقات کی اور اور معذور افراد میں ویئل چیئرز بھی تقسیم کئے اور پاکستان ریڈ کریسنٹ ضلع دکی کے افس میں ڈاکٹرز اور سٹاف سے ملاقات بھی کی، اور بہترین کارکردگی دکھانے والوں میں اعزازی سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے۔ ویکسینیٹرز کے ٹریننگ اور ڈپٹی کمشنر افس میں خطاب کرتے ہوئے چیرمین ریڈ کریسنٹ بلوچستان عبدالباری بزنجو نے کہا کہ میرا خواب تھا کہ انسانیت کی خدمت کرسکوں آج میرا وہ خواب پاکستان ریڈ کریسنٹ کی صورت میں پورا ہو چکا ہے۔ پاکستان ریڈ کریسنٹ عوامی خدمت کا دوسرا نام ہے ضلع دکی کے سٹاف پر فخر کرتا ہوں کیونکہ دکی کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے پانچ بی ایچ یوز میں ہمارے ڈاکٹرز ٹیکنیکل اسٹاف، ویکسینیٹرز عوام کو علاج کے بہترین سہولیات انکے دہلیز پر فراہم کر رہے ہیں۔ ہمارے ویکسینیٹرز روٹین ایمونائزیشن سمیت کرونا ویکسینیشن میں دن رات اپنی توانائی صرف کر رہے ہیں جو قابل تعریف ہے انہوں نے کہا کہ ہم سب نے یہ عہد کرنا ہے کہ مزید بہترین طریقے سے خدمت جاری رکھیں گے اور اس خدمت کے جذبے کو کبھی کم نہیں ہونے دینگے تاکہ ہمارے بچے اور بڑے موذی امراض سے بچ سکیں۔ کام تو ہر کوئی کرتا ہے لیکن اپ سب کو اللہ تعالیٰ نے کام کیساتھ ساتھ خدمت کیلئے چنا ہے جسکا مطلب ہے کہ اللہ آپ سب پر مہربان ہے اور اپ سب سے خدمت کا کام لے رہا ہے، تو اللہ کے اس احسان کا بدلہ اپ لوگ بہترین خدمت کر کے ادا کرو آخر میں انکے لئے پاکستان ریڈ کریسنٹ ضلع دکی کے دفتر میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ اور وہ پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنماء محبوب خان ترین، ضلعی صدر حاجی محمد اشرف ناصر اور پی ٹی آئی کے سابق ضلعی جنرل سیکرٹری ملک کلیم اللہ ترین کیجانب سے انکے اعزاز میں دیئے گئے چائے پارٹیوں میں بھی شریک ہوئے۔

بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سردار عطاءاللہ خان مینگل کی بلوچستان عوام کے لیے لازوال خدمات ہیں، ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ہم اس دکھ کی گھڑی میں لواحقین کے شریک ہیں اللہ رب العزت مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے۔

بقیہ 41 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بچ یو میں عوام علاج کی فراہین اور ویکسینیسن سمیت میڈیسن اور ایم سی ایچ سینٹر چیک کئے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

عوام کی بلاتفریق خدمت ہمارا نصب العین ہے، عبدالرحمن رفیق

عوام کی خدمت کا درس اسلام نے دیا ہے الیکشن چیف آفیسر سرکاری نمائندوں کی غیر آئینی سرگرمیوں کا نوٹس لیں

مسلم معاشرہ میں ایک عادل اور صالح حکومت کا قیام اسلام کے بنیادی مقاصد میں سے ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ ڈپٹی جنرل سیکریٹری حافظ مسعود احمد جمعیت علما اسلام کنٹونمنٹ بورڈ وارڈ نمبر 1 کے امیدوار مولوی محمد ارحم وارڈ نمبر تو 2 کے امیدوار عاقل امین خان وارڈ نمبر 3 کے امیدوار شیخ رفیع اللہ مندوخیل وارڈ 4 کے امیدوار حافظ محمد ایاز وارڈ 5 کے امیدوار افراسیاب خان نے مختلف کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری پارٹی کی جانب سے کنٹونمنٹ بورڈ الیکشن میں انتخابی اصولوں کی دھجیاں اڑانے سے صاف ظاہر ہے کہ نا اہل ٹولے کو شکست نظر آرہی ہے جمعیت اپنی اساس اور بنیاد پر نظریات پر کاربند رہے گی، الیکشن چیف آفیسر سرکاری نمائندوں کی غیر آئینی سرگرمیوں کا نوٹس لیں انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت کا درس اسلام نے دیا ہے عوام کی بلاتفریق خدمت ہمارا نصب العین

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 5 پر

اوتھل، دعوت اسلامی کے 40 سال مکمل ہونے پر دھوم دھام سے منایا گیا

سردار عطاء اللہ مینگل کی جدوجہد محض بلوچ قوم و بلوچستان کے لئے نہیں تھی، زبیر بلوچ

بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پجار) اس عظیم ہستی کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بی ایس او (پجار) کے مرکزی چیئرمین زبیر بلوچ، سیکرٹری جنرل نادر بلوچ، سینئر وائس چیئرمین بوہیر صالح بلوچ ایڈوکیٹ، جونیئر وائس چیئرمین گورگین بلوچ، سینئر جوائنٹ سیکرٹری ابرار برکت بلوچ جونیئر جوائنٹ سیکرٹری وکرم بلوچ، مرکزی انفارمیشن سیکرٹری نعیم بلوچ نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ عظیم سیاسی رہنما سردار عطاءاللہ

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 5 پر

بلوچستان فورم آف انوائرمنٹل جرنلسٹ صحافیوں کے جائز حقوق کیلئے منظم طریقے سے کام کر رہا ہے، خان محمد خانو

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی پریس کلب کے صدر خان محمد خانو جنرل سیکرٹری محمد نعیم ناصر اور دیگر عہدے داروں نے بلوچستان فورم آف انوائرمنٹل جرنلسٹس کے زیراہتمام آج ہونے والے پروگرام کو

بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 5 پر

قانون شکنی کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، ڈی سی مستونگ

امن وامان برقرار رکھنے میں انتظامیہ کے ساتھ عوام کا تعاون انتہائی ضروری ہے، ایسے واقعات رونما کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں کی جائے گی

امن وامان کی بہتری کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں عوام کے جان ومال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، محمد الیاس کبزئی

مستونگ (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر مستونگ میجر (ر) محمد الیاس کبزئی، اسسٹنٹ کمشنر مستونگ عطاء المنعم بلوچ، میجر رسالدار شاہ محمد زہری اور نائب رسالدار ظہیر احمد محمد شہی کے مرکزی انجمن و دکانداران بلوچستان کے چیئرمین نکری حمید بنگلزئی، سریاب زون کے نائب صدر سردار سجاد احمد شاہوانی، سریاب زون چیئرمین حاجی ایوب پرکانی، آل مزدور اتحاد کے صدر ملک عجاز احمد شاہوانی اور ممبر ایگزیکٹیو کمیٹی تاجران میر جاوید بنگلزئی نے ڈسٹرکٹ مستونگ میں امن وامان کو برقرار رکھنے اور کچھ دن پہلے کمسن بچے کے ساتھ زیادتی کے بعد قتل کرنیوالے ملزمان کو بروقت کارروائی کرکے گرفتار کرنے کی کارروائی کو سراہا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مستونگ میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے حوصلہ افزائی کرنے پر انجمن تاجرا

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 5 پر

جے یو آئی کے مرکزی رہنما حافظ حمداللہ اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

یوٹرن اور وعدہ خلافی موجودہ حکومت کا طرہ امتیاز ہے

حافظ حمداللہ

اقتدار تک رسائی کیلئے قوم کو دھوکا دیا گیا کل کے بلند وبانگ دعوے اور آج انکے عملی کرتوت باعث شرم ہے، مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ

ریاست مدینہ کے دعویدار حکمرانوں نے ریاست مدینہ کے متضاد کام کیے ریاست مدینہ میں جھوٹوں اور وعدہ خلاف کو اقتدار نہیں سزائیں دی جاتی ملک پر سرٹیفائیڈ جھوٹے مسلط ہے

اسلام آباد (پ ر) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سینئر مولانا حافظ حمداللہ نے کہا ہے کہ یوٹرن اور وعدہ خلافی موجودہ حکومت کا طرہ امتیاز ہے اقتدار تک رسائی کیلئے قوم کو دھوکا دیا گیا کل کے بلند و بانگ دعوے اور آج انکے عملی کرتوت باعث شرم ہے ریاست مدینہ کے دعویدار حکمرانوں نے ریاست مدینہ کے متضاد کام کیے ریاست مدینہ میں جھوٹوں اور وعدہ خلاف کو اقتدار نہیں سزائیں دی جاتی ملک پر سرٹیفائیڈ جھوٹے مسلط ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جامع مسجد گلزار مدینہ بلیر کراچی میں جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ مسجد کے منبر ومحراب سے لے کر ایوان اقتدار تک ظالم اور جابر حکمرانوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہمارے اسلاف کی میراث ہے انہیں کی نقش قدم پر چلتے ہوئے ظلم و جبر کے نظام سے بغاوت کرتے رہیں گے موجودہ حکومت عالمی ایجنڈے کے تحت مسلط کی گئی ہے انکی نظریں آئین میں موجود اسلامی دفعات کے خاتمے پر مرکوز ہیں ملک میں اسلام مخالف قانون سازی کسی صورت قبول نہیں کرینگے انہوں نے کہا کہ ملا طالب مدرسہ اور مسجد کے خلاف عالمی سطح پر سازشیں کرکے انہیں بدنام کرنے کی کوششیں کی گئی مدارس امن بھائی چارے اور وحدت کیفروغ کے مراکز ہے انہیں دہشت گردی کے اڈے قرار دینے والے امن کے دشمن ہیں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سینئر مولانا حافظ حمداللہ نے کہا ہے کہ یوٹرن اور وعدہ خلافی موجودہ حکومت کا طرہ امتیاز ہے

جمعیت علما اسلام نظریاتی تحصیل چمن کے زیراہتمام ایک عظیم الشان جشن استقلال ریلی

امریکہ اور نیٹو کی افغانستان میں شکست آئندہ نسلوں کے لیے عبرت آموز سبق ہوگا

چمن (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی تحصیل چمن کے زیراہتمام ایک عظیم الشان جشن استقلال ریلی مختلف روڈوں پر گشت کی بعد سنا تن چوک پر جشن استقلال ریلی سے جے یو آئی نظریاتی ضلع قلعہ عبداللہ کے جنرل سیکرٹری حافظ عتیق اللہ صاحب تحصیل چمن کے امیر حاجی فیض اللہ جنرل سیکرٹری مولوی احمد خان قاری عبداللہ صاحب امین اللہ کاکوزئی ملک عنایت اللہ اور اسلامی امارات افغانستان کی یوم آزادی واستقلال پر چمن میں ریلی نکالی گئی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امارت اسلامی افغانستان کی آزادی واستقلال عالم اسلام

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 5 پر

جے یو آئی نظریاتی بلوچستان نے صوبائی دورے کا اعلان کیا نصیب سائل

چمن (نامہ نگار) جمعیت طلباء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صدر فضل الرحمٰن رحمانی جنرل سیکرٹری حافظ عطاءاللہ منصور ودیگر نے جمعیت طلباء اسلام نظریاتی بلوچستان کے دورے کا اعلان کیا اور ساتھ ساتھ شیڈول بھی جاری کیا شیڈول کے مطابق 9 ستمبر بروز جمعرات ضلع قلعہ عبداللہ 10 ستمبر بروز

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 5 پر

ٹینڈر اوپن نہ کرنے کے خلاف عدالت سے رابطہ کریں گے، فرہاد رند

محکمہ ایریگیشن نصیرآباد میں ہونے والے ٹینڈر کے لئے ایکسین ایریگیشن نثار احمد مغیری 30 پرسنٹ رائلٹی مانگ رہے ہیں

تمبو (آن لائن) ٹھیکیدار فرہاد رند نے ایریگیشن آفس میں ہونے والے ٹینڈر کے حوالے سے ایکسین ایریگیشن کے خلاف میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 3 ستمبر کو محکمہ ایریگیشن نصیرآباد میں ہونے والے ٹینڈر کے لئے ایکسین ایریگیشن نثار احمد مغیری 30 پرسنٹ رائلٹی مانگ رہے ہیں اور دفتر کے اندر دو تین ایجنٹ چھوڑے ہیں جو کہ ٹھیکیداروں کو دو پرسنٹ سے چار پرسنٹ رنگ لینے پر مجبور کر رہے ہیں ہم گورنمنٹ کو لاکھوں روپے ٹیکس دیتے ہیں مگر ہمیں روزگار کرنے کے بجائے آفیسران رنگ لینے پر مجبور کرنے کی

بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 5 پر

جیکب آباد میں نوجوان کو اغوا کرکے اجتماعی زیادتی کے واقع کا چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ نے نوٹس لے لیا

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں نوجوان کو اغوا کرکے اجتماعی زیادتی کے واقع کا چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ نے نوٹس لے لیا، ڈی آئی جی لاڑکانہ، ایس ایس پی جیکب آباد و دیگر 6 ستمبر کو طلب، جیکب آباد میں اغوا کے بعد اجتماعی زیادتی کا شکار فرسٹ ایئر کے طالب علم اویناش کے میڈیکل

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 5 پر

15 نومبر سے 27 نومبر تک 12 ایام کے لیے ضلع بھر میں خسرہ مہم شروع کی جائے گی، اظہر شہزاد

نصیرآباد کے بچوں کو خسرہ جیسی مہلک مرض سے بچانے کے لئے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے

نصیرآباد (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد اظہر شہزاد نے کہا ہے کہ نصیرآباد کے بچوں کو خسرہ جیسی مہلک مرض سے بچانے کے لئے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے 15 نومبر سے 27 نومبر تک 12 ایام کے لیے ضلع بھر میں خسرہ مہم شروع کی جائے گی جس کے لئے تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دی گئی ہے چار سو تیس سے زائد ٹیمیں تشکیل دی جائیں گی والدین اپنے بچوں کو خسرہ سے بچانے کے لیے ویکسین لگوائیں اور علماء کرام خسرہ کے متعلق عوام میں شعور بیدار کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں تاکہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کی جا سکے

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 5 پر

بلوچستان میں انسانی سمگلنگ کی کوشش لوگ جان کی بازی ہارنے لگے

صرف ایک لاکھ 68 ہزار روپے کی خاطر میرے بھائی اور دیگر قریبی رشتہ داروں سمیت سات افراد کو موت کے منہ میں دھکیل دیا گیا

ضلع چاغی میں غیر روایتی راستوں سے ایران جانے کی کوشش کے دوران بھوک وپیاس کی وجہ سے جان کی بازی ہار گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں انسانی سمگلنگ: ایک ہی خاندان کے سات افراد جنھیں چند ہزار کی خاطر صحرا میں مرنے کے لیے چھوڑ دیا گیا صرف ایک لاکھ 68 ہزار روپے کی خاطر میرے بھائی اور دیگر قریبی رشتہ داروں سمیت سات افراد کو موت کے منہ میں دھکیل دیا گیا۔ پنجاب کے وسطی شہر گوجرانوالہ کی تحصیل وزیرآباد سے تعلق رکھنے والے رانا زاہد حسین کا جن کے خاندان کے سات میں سے تین افراد ضلع چاغی میں غیر روایتی راستوں سے ایران جانے کی کوشش کے دوران بھوک و پیاس کی کی وجہ سے جان کی بازی ہار گئے۔ لیکن گھر والوں کو ان افراد کی موت کا علم تین ہفتے بعد اس وقت ہوا جب ان تینوں میں سے ایک شخص کے شناختی کارڈ کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی۔ فون پر غیر ملکی

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 5 پر

عوام سرکاری ملازمین کی حفاظت اولین ترجیح ہونی چاہیے، محمد عارف کاکڑ

بلوچستان میں کچھ عرصہ سے مسلسل حالات خراب کرنے کی سازشیں کی جا رہی ہے

مسلم باغ (نامہ نگار) سانحہ ماںگی ڈیم پشتون جرگہ کے کنوینئر چیف آف پشتون نواب ایاز خان جوگزئی کمیٹی کے اعلان کے مطابق صوبہ بھر میں احتجاجی پروگرام کے سلسلے میں شہر مسلم باغ میں سینکڑوں افراد نے جلوس نکالا جلوس میں پختونخواہ ملی عوامی پارٹی کے ضلعی سیکرٹری چیئرمین اللہ نور کی صدارت میں جمعیت نظریاتی جماعت اسلامی انجمن تاجران مسلم باغ عوامی نیشنل پارٹی کے کارکنان شامل تھے جلوس بعد میں مظاہرے کی شکل اختیار کی اور تحصیل آفس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں پشتونخواہ کے ضلعی سیکرٹری چیئرمین اللہ نور سابق مونسپل کمیٹی چیئرمین سردار محمد آصف سرگڑہ۔ عوامی نیشنل

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 5 پر

سردار عطاء اللہ مینگل بلوچستان کی مضبوط آواز تھے، ممتاز زہری

انہوں نے بلوچستان کے لئے آخری دم تک بھرپور جدوجہد کی اور بلوچستان کے سیاسی و جمہوری حقوق کے لئے مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا

سردار عطاء اللہ مینگل کو ایک مدبر، اصول پسند اور گہری سیاسی بصیرت رکھنے والے سیاستدان کے طور پر یاد رکھا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) ممتاز قبائلی، سیاسی و سماجی رہنما میر علی حسن زہری نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سرپرست اعلیٰ اور بزرگ سیاستدان سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے انہوں نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل بلوچستان کی مضبوط آواز تھے اور انہوں نے بلوچستان کے لئے آخری دم تک بھرپور جدوجہد کی اور بلوچستان کے سیاسی و جمہوری حقوق کے لئے مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا انہوں نے کبھی اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا اور بلوچستان کی تعمیر وترقی کے لئے زندگی بھر مثبت کردار ادا کرتے رہے سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات سے آج بلوچستان کی ہر آنکھ اشکبار ہے، آج بلوچستان کا درد رکھنے والے اور دور اندیش سیاستدان سے محروم ہوگیا انہوں نے سردار عطاء

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 5 پر

اوتھل، عطاء اللہ مینگل کی جسد خاکی کراچی سے ان کے آبائی علاقے وڈھ لے جایا جا رہا ہے

جدید ٹیکنالوجی کے اس خطرناک دجالی دور میں جس تیزی کے ساتھ گمراہی پھیلائی جا رہی ہے، مولانا ابوالحسن

جیکب آباد (رپورٹ عبدالقیوم جلبانی) دعوت اسلامی بے بہا سرمایہ اسلام ہے جو پرفتن دور میں لاتعداد مسلمانوں کی ہدایت کا ذریعہ بنی، مولانا عبدالخالق قادری چیئرمین سنی پارٹی پاکستان حضرت مولانا ابوالحسن محمد عبدالخالق قادری نے یوم دعوت

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 5 پر

عوامی خدمت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں، میر عبدالکریم نوشیروانی

خاران کے عوام کے دکھ درد میں برابر شریک ہیں ہمارا جینا مرنا عوام کے ساتھ ہے

خاران (نمائندہ صحافت نیوز/ نصیب ریکی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ عوامی خدمت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں خاران کے عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیکلی پنڈوکزئی کے واٹر سپلائی کے بحالی کے موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی خاران کے ضلعی صدر میر محمود خان نوشیروانی سے ٹیلی فون پر گفتگو میں کیا میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ خاران کے عوام کے دکھ درد میں برابر شریک ہیں ہمارا جینا مرنا عوام کے ساتھ ہے کلی پنڈوکزئی کے لوگوں کے پانی

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 5 پر

احکام بالا اور انسانی حقوق کے تنظیموں سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں، عوامی نیشنل پارٹی

ہرنائی (نامہ نگار) بلوچستان کے دوسرے شہروں کی طرح ہرنائی میں بھی مانگی ڈیم دھرنے والوں کے مطالبات منانے کے سلسلے میں نواب ایاز جوگیزئی کی کال پر پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی اور عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے ریلی اور مظاہرہ۔ حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی۔ حکومت سے فوری طور پر دھرنا

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 5 پر

خانوزئی، سانحہ زیارت کے خیلاف وودوباری کاکڑ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

لاڑکانہ، عدالت نے دو ملزمان کو عمر قید، ایک کو پھانسی، پانچ لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی، رپورٹ

لاڑکانہ (نمائندہ صحافت): عدالت نے دو ملزمان کو عمر قید، ایک کو پھانسی، پانچ لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی۔ رپورٹ کے مطابق جمع کے روز فرسٹ ایڈیشنل سیشن جج و ماڈل کرمنل ٹرائل کورٹ لاڑکانہ کے جج شیام لال لدھانی کی عدالت میں زیب النساء کو قتل کرنے اور نور جہان کو زخمی کرنے کے گناہ

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 5 پر

حکومت امن وامان قائم کرنے میں مکمل طور سے ناکام ہو چکا ہے، عبیداللہ پانیزی

غیور عوام حکومت کیطرف سے زیارت واقعہ پر خاموشی اور بے حسی پر شدید افسوس کا اظہار کیا

خانوزئی (نامہ نگار) سانحہ ماںگی ڈیم پشتون جرگہ کے کنوینئر چیف آف پشتون نواب ایاز خان جوگزئی کمیٹی کے اعلان کے مطابق صوبہ بھر میں احتجاجی پروگرام کے سلسلے میں شہر خانوزئی میں سینکڑوں افراد نے جمعیت علمائے اسلام کے صدارت میں جلوس نکالا جسکی صدارت جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنماء مولانا عبدالودود نے کی ال پارٹیز میں جماعت اسلامی انجمن تاجران خانوزئی پیپلز پارٹی مسلم لیگ ن عوامی نیشنل پارٹی کے کارکنان شامل تھے جلوس بعد میں مظاہرے کی شکل اختیار کی اور خانوزئی بازار چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 5 پر

لاڑکانہ (مختلف حادثات اور واقعات میں دو عورتوں سمیت پانچ افراد ہلاک، ایک عورت زخمی، اسپتال داخل، رپورٹ

لاڑکانہ (نمائندہ صحافت): مختلف حادثات اور واقعات میں دو عورتوں سمیت پانچ افراد ہلاک، ایک عورت زخمی، اسپتال داخل۔ رپورٹ کے مطابق جمع کے روز ڈوکری تھانہ کی حدود ٹینک چوک کے علاقے میں دوستی نہ رکھنے پر مسلح افراد نے فائر کھول کر لڑکے عبدالعظیم شیخ کے والد حاکم علی کو

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 5 پر

پولیس تھانہ کیٹل فارم کے لاکپ سے ڈکیتی کا ملزم فرار ہو گیا

عبدالغفار ڈگر کو چند روز قبل اوستہ محمد شہر سے پولیس نے گرفتار کرکے تھانہ کیٹل فارم میں لاکپ کیا

جعفرآباد (آن لائن) پولیس تھانہ کیٹل فارم کے لاکپ سے ڈکیتی کا ملزم فرار ہو گیا ہے فرار ہونے والے ملزم عبدالغفار ڈگر کو چند روز قبل اوستہ محمد شہر سے پولیس نے گرفتار کر کے تھانہ کیٹل فارم میں لاکپ کیا ملزم عبدالغفار ڈگر پر ڈکیتی اور رہزنی کے مقدمات درج ہیں اور جسمانی ریمانڈ پر کیٹل فارم پولیس کی حراست میں تھا جہاں سے جمعہ کی علی الصبح

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 5 پر

سردار عطاء اللہ خان مینگل بلوچ قوم کے ایک عظیم رہنما تھے، مولانا الطاف سیاپاد

جمہوریت کی بحالی کے لیے سردار عطاء اللہ مینگل طویل جدوجہد ہیں جو رہتی دنیا تک یاد کیا جائے گا

خاران (پ ر) جمعیت علماء السلام بلوچستان کے صوبائی جنرل کونسل کے ممبر مولانا الطاف حسین سیاپاد نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا ممتاز بلوچ قوم پرست رہنما سابقہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار عطاء اللہ خان مینگل کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار عطاء اللہ خان مینگل کی وفات سے بلوچستان کی قومی حق وحقوق کی

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 5 پر

نوڈیرو، صوبائی وزیر عذرا پیچوھو کی نوڈیرو ہاؤس پر آمد، آئی ایچ ایس کے معطل ملازمین پر پولیس کا تشدد

نوڈیرو (نامہ نگار) صوبائی وزیر عذرا پیچوھو کی نوڈیرو ہاؤس پر آمد، آئی ایچ ایس کے معطل ملازمین پر پولیس کا تشدد، گرفتاری کے بعد نوڈیرو تھانہ پر لاکپ، احتجاج پر آزاد، صحافیوں کو کوریج سے روک دیا گیا، نوڈیرو ہاؤس کے باہر تاحال احتجاج جاری تفصیلات کے مطابق شہید بینظیر بھٹو کے ہاؤس

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 5 پر

ڈیرہ مراد جمالی شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال جاری

ہڑتال کے باعث تمام چھوٹے بڑے کاروباری اور تجارتی مراکز بند رہے

تمبو (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد کے زیراہتمام پٹ فیڈر کینال اور اس کے ذیلی شاخوں میں زرعی پانی کی قلت اور شہر میں بڑھتی ہوئی ڈکیتی و لوٹ مار سمیت دیگر بنیادی مسائل حل نہ ہونے کے خلاف ڈیرہ مراد جمالی شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جا رہی ہے ہڑتال کے باعث تمام چھوٹے بڑے کاروباری اور تجارتی مراکز بند رہے جبکہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 5 پر

اوتھل، سابق صوبائی وزیر بلدیات محمد صالح بھوتانی سے رحیم شاہ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

جیکب آباد، جے یو آئی سندھ کی مجلس عمومی کا اجلاس

جیکب آباد (نامہ نگار) جے یو آئی سندھ کی مجلس عمومی کا اجلاس تمام سندھ کے اضلاع میں حقوق سندھ مہم، مظاہرے اور جیکب آباد سے کراچی تک بڑی حقوق سندھ مارچ نکالنے کا فیصلہ چار سو صوبائی اراکین کی شرکت، تفصیلات کے مطابق جمعیت علماء اسلام صوبہ سندھ کی مجلس عمومی (جنرل کونسل) کا اجلاس

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 5 پر

آئندہ بھی علاقے کے امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریگا، نواب خان ریکی

73 ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل عبدالباقی کاکڑ کی ہر وقت اہل علاقے کے ساتھ بھرپور تعاون رہا ہے

ماشکیل (آن لائن) ممتاز سیاسی وقبائلی شخصیت میر حاجی نواب خان ریکی سابق چیئرمین میر امان اللہ ریکی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں 73 ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل عبدالباقی کاکڑ کو علاقے کے امن وامان و دیگر جرائم کی روک تھام اور بگ کے مقام پر فائرنگ کے تبادلے میں چھ ڈاکوں کو ویگو گاڑی اسلحہ سمیت گرفتار کرنے پر خراج تحسین پیش

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 5 پر

ریاستی سطح پر جہاد سے بھارت ٹکڑے ٹکڑے اور کشمیر آزاد ہوگا، مولانا ہاشمی

طالبان ومجاہدین افغانستان کو افغانستان فتح کرنے اور امریکہ ونیٹو کو بدترین شکست دینے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں

بھارت کا کشمیری مجاہد رہنما سید علی گیلانی کے کیساتھ ان کی زندگی اور بعد میں ان کے لاش کیساتھ غیر انسانی سلوک قابل مذمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ طالبان ومجاہدین افغانستان کو افغانستان فتح کرنے اور امریکہ ونیٹو کو بدترین شکست دینے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں پرامن ترقی یافتہ اسلامی افغانستان اسلام دشمنوں کے سوا سب کے فائدے میں ہے۔ بھارت کا کشمیری مجاہد رہنما سید علی گیلانی کے کیساتھ ان کی زندگی اور بعد میں ان کے لاش کیساتھ غیر انسانی سلوک قابل مذمت ہے۔ افواج پاکستان مظلوم کشمیریوں کو دہشت گرد بھارت کے چنگل سے آزاد کرنے کیلئے جہاد کا اعلان کریں ریاستی سطح پر جہاد کے ملک کے بائیس کروڑ عوام حمایت کریگی اور انشاء اللہ ریاستی سطح پر جہاد سے بھارت ٹکڑے ٹکڑے اور کشمیر آزاد ہوگا اسلام آباد میں امریکیوں کو

بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 5 پر

اوستہ محمد شہر میں ایک بار پھر سے ڈاکو سرگرم شہر میں بدامنی کی وارداتیں بڑھنے لگیں

آئے روز لوٹ مار سے شہری اور کاروباری حضرات سخت پریشان پولیس امن وامان قائم کرنے میں ناکام

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد شہر میں ایک بار پھر سے ڈاکو سرگرم شہر میں بدامنی کی وارداتیں بڑھنے لگیں آئے روز لوٹ مار سے شہری اور کاروباری حضرات سخت پریشان پولیس امن وامان قائم کرنے میں ناکام، تفصیلات کے مطابق شہر میں ایک بار پھر ڈاکو سرگرم ڈاکٹر نیاز حسین جمالی کلینک سے میڈیکل اسٹور سے میڈیکل اسٹور کے مالک گیان چند سے دو نامعلوم ڈاکوں نے اسلحہ کے زور پر ان سے 50 ہزار کے لگ بھگ نقد رقم چھین کر با آسانی فرار ہو گئے اوستہ محمد شہر میں ایک بار پھر سے بدامنی کی وارداتیں بڑھنے لگیں ہیں آئے روز گن پوائنٹ پر شہریوں اور کاروباری حضرات سے موٹر سائیکل اور نقد رقم چھینے جا رہے ہیں لیکن افسوس سے کہنا پڑ رہا

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 5 پر

بارڈر پر تجارت کی بندش سے صوبے کو ناقابل تلافی نقصان کا سامنا ہوگا، احمد خان

پاک افغان اور ایران بارڈرز پر تینوں ملکوں کو اچھے ہمسائے کا حق ادا کرنے اور خیر سگالی کیلئے تجارت کو فروغ دینا چاہیئے، اے کیو ایم

دیرپا دوطرفہ تعلقات قائم کرنے کیلئے تینوں ملکوں کو ایک دوسرے میں مداخلت کرنے کے بجائے ایک اچھے ہمسائے کے حق کو ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (جی این ایم) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیئرمین احمد خان نے کہا ہے کہ پاک افغان اور ایران بارڈرز پر تجارت کی بندش سے صوبے کے لاکھوں غریب و متوسط طبقات جو مختلف قسم کے امپورٹ ایکسپورٹ کے کاروبار سے وابستہ تھے نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں بارڈر پر تجارتی سامان کی بندش محکوم اقوام کو معاشی طور پر کمزور کرنے کی سازش ہے کمزور اور ناقص خارجہ پالیسی کی وجہ سے ہر وقت پاکستان اور ہمسایہ برادر ممالک افغانستان اور ایران کے تعلقات خراب رہتے ہیں۔ ان ممالک کا ایک دوسرے پر الزامات اور بہتان حالات کو مزید گھمبیر بنا دیتی جبکہ کا ناجائز فائدہ ان تینوں ممالک کے دشمنوں کو مل رہا ہے اور سب سے زیادہ نقصان ان بارڈرز کے آر پار رہنے والے اقوام کو بھگتنا پڑ رہا

بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 5 پر

جے یو آئی کے مرکزی رہنما مولانا عبدالرحمن رفیق و دیگر خطاب کر رہے ہیں

متحدہ قبائل فیڈریشن پاکستان کے سربراہ چیف آف قبائل ملک امان اللہ خان کاکڑ کے فرزند شہید ملک صدام خان کاکڑ کی رسم چہلم آج قبائل ہاؤس قلعہ ملک باز محمد خان مہترزئی کچلاک میں انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی جسمیں مختلف قبائل کے معتبرین سماجی شخصیات علماء کرام حفاظ کرام سمیت بڑی تعداد میں مختلف طبقے فکر کے افراد نے شرکت کی اس موقع پر شہید کی روح ایصال ثواب کیلئے ختم القران اجتماعی دعا اور خیرات تقسیم کی گئی

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر
ملک نعیم خان کاکڑ

پبلشر محمد اسحاق نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 وبئی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 081-2828822 فیکس نمبر 03337887770 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

برطانیہ اور پاکستان

پاکستان اور برطانیہ نے وطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ برطانیہ کی طرف سے پاکستان کو ریڈلسٹ میں شامل کرنے کے فیصلے پر تشویش ہے، ہمیں توقع ہے برطانیہ، اعداد وشمار کو سامنے رکھتے ہوئے پاکستان کو ریڈلسٹ پر رکھنے کے فیصلے پر نظر ثانی کریگا، افغانستان کو تنہا چھوڑا گیا تو خانہ جنگی، معاشی بحران، مہاجرین کی یلغار سمیت کئی خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، عالمی برادری کو 90 کی دہائی میں کی گئی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے افغانستان کی انسانی و مالی معاونت کو یقینی بنانے کیلئے آگے بڑھنا ہوگا، پاکستان، افغانستان میں اجتماعیت کے حامل سیاسی تصفیے کا حامی ہے، افغانستان میں قیام امن پورے خطے کے امن واستحکام اور روابط کے فروغ کیلئے ضروری ہے۔ جمعہ کو برطانوی وزیر خارجہ، ڈومینک راب وفد کے ہمراہ وزارتِ خارجہ پہنچے تو وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے برطانوی ہم منصب کا خیر مقدم کیا، برطانوی وزیر خارجہ ڈومینک راب نے وزارتِ خارجہ کے سبزہ زار میں یادگاری پودا لگایا۔ بعد ازاں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی اور برطانوی وزیر خارجہ ڈومینک راب کے مابین وزارتِ خارجہ میں وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے۔ مذاکرات میں نمائندہ خصوصی برائے افغانستان ایمبیسڈر محمد صادق، سیکرٹری خارجہ سہیل محمود، اسپیشل سیکرٹری خارجہ رضا بشیر تارڑ اور وزارتِ خارجہ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ وزیر خارجہ نے برطانوی وزیر خارجہ ڈومینک راب اور ان کے وفد کو وزارتِ خارجہ آمد پر خوش آمدید کہا آپ کا یہ دورہ ایسے تاریخی وقت پر ہو رہا ہے جب افغانستان کی صورتحال اہم تاریخی موڑ سے گزر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا 16 اگست اور 27 اگست کو آپ کے ساتھ ٹیلیفونک رابطہ ہوا، ہم نے افغانستان کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم پاکستان عمران خان اور وزیر اعظم برطانیہ، بورس جانسن کے درمیان بھی ٹیلیفونک رابطہ اور افغانستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا۔ وزیر خارجہ نے برطانوی ہم منصب کو مختلف ممالک کے وزرائے خارجہ کے ساتھ ہونے والے حالیہ روابط سے بھی آگاہ کیا افغانستان کے حوالے سے لگائے گئے تمام اندازے اور پشین گویاں غلط ثابت ہوئیں۔ اطمینان بخش بات یہ ہے کہ افغانستان میں حالیہ تبدیلی کے دوران کوئی خون خرابہ نہیں ہوا۔ طالبان کی قیادت کی جانب سے، عام معافی، حقوق کے تحفظ اور افغان سرزمین کو کسی کے خلاف استعمال نہ ہونے کی یقین دہانی کے متعلق بیانات، حوصلہ افزا ہیں۔ یہ افغانستان میں 40 سال سے جاری جنگ وجدل کے خاتمے کا ایک سنہری اور تاریخی موقع ہے۔

پتلی اور کٹھ پتلی

Jamhoor Ki Aawaz
جمہور کی آواز
ایم سرور صدیقی
Jamhoor.news@gmail.com

ماضی میں ایک بات تواتر سے کہی جاتی رہی ہے کہ انسان ہی انسانوں کا دشمن ہے حالانکہ دنیا میں بنی نوع انسانیت کی بھلائی کے لئے گراں قدر کام ہوا ہے جس کے نتیجہ میں بہت سی مفید ایجادات ہوئیں، بیماریوں کی ویکسین بنائی گئی، طبی سہولیات میں بیش بہا اضافہ ہوا، سماجی بھلائی اور آرام وسکون کے لئے بے انتہا آسائشیں مہیا کی گئیں یہ سلسلہ آج تک دراز ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ انسانوں نے انسانوں کی بربادی میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی انسانی حقوق کے عالمی چیمپئن امریکہ نے جاپانی شہروں ناگاساکی اور ہیروشیما پر ایٹم بم برسا کر لاکھوں افراد کو موت کے گھاٹ اتار دیا صرف اسی پر اکتفا نہیں ہوا بلکہ نت نئے ہتھیار بنائے گئے ان میں ایک خوفناک ہتھیار نکلسٹر بم بھی شامل ہے اکثر لوگ سوچ میں پڑ گئے ہوں گے کہ آخر یہ نکلسٹر بم کسے کہتے ہیں؟ اس کی تاریخ کیا ہے؟

جرمنی کے شہر ڈبلن میں 2008 میں منظور ہونے والے کنونشن کے تحت کلسٹر بموں کی تیاری، ذخیرہ کرنے، منتقلی اور استعمال پر پابندی عائد ہے اور دنیا کے 100 سے زائد ممالک اس کنونشن پر دستخط کر چکے ہیں۔ کلسٹر بم، بموں کی ایک ایسی قسم ہے جس کے اندر چھوٹے چھوٹے مزید بم ہوتے ہیں، اس بم کے استعمال سے اس سے نکلنے والے مزید چھوٹے بم وسیع علاقے میں جانی ومالی نقصان کا سبب بنتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ایک کلسٹر بم کے اندر 2000 ہزار تک چھوٹے بم موجود ہو سکتے ہیں اس لئے یہ انتہائی مہلک ثابت ہوسکتے ہیں محض ایک کلسٹر بم میلوں پھیلے شہر کو تباہ کرنے کے لئے کافی ہے اگر اس میں آکسیجن کو ساکت کردینے والا عنصر بھی شامل کر دیا جائے تو جہاں جہاں ہوا پہنچے گی اس کے تابکاری اثرات موت پھیلاتے چلے جائیں گے اس لحاظ سے کلسٹر بم کا شمار کیمیائی ہتھیاروں میں بھی کیا جاسکتا ہے تاریخ بتاتی ہے کہ کلسٹر بموں کا استعمال 1940ء کی دہائی میں شروع ہوا اور عام شہری آبادی نے اس مہلک بارود کے استعمال کی قیمت چکائی اور ایشیا، یورپ اور مشرق وسطیٰ میں ہزاروں افراد ہلاک و زخمی ہوئے حالانکہ یہ کلسٹر بم ابتدائی شکل میں کم طاقتور تھے جس سے اس کی خوفناک تباہی کا اندزہ لگایا جاسکتا ہے جس پر انٹرنیشنل ریڈکراس نے بے گناہوں کے اس بھاری جانی نقصان پر بارہا تشویش کا اظہار کیا اور 2000 میں اقوام عالم سے یہ سفا کی روکنے اور اس سلسلے میں بات چیت کی اپیل کی۔ تقریباً 7 سال بعد ناروے نے کلسٹر بموں کا استعمال روکنے کی کوششوں کا آغاز کیا اور اسے 'اوسلو پراسس' کا نام دیا گیا۔ اس کوشش کا مقصد مہلک ہتھیار کی تیاری، منتقلی اور استعمال روکنے کے لیے بین الاقوامی معاہدہ کرنا تھا۔ اس مقصد کے لیے لیما، ویانا، ویلنگٹن اور مختلف براعظموں میں علاقائی اجلاسوں کے بعد 3 مئی 2008ء کو جرمنی کے شہر ڈبلن میں 'کونشن آن کلسٹر امیونیشنز' منظور ہوا۔ اس کانفرنس میں 100 سے زائد ممالک نے شرکت کی تھی مگر یقین سے کہا جاسکتا ہے کہ انسانیت کو صرف کلسٹر بم سے ہی خطرہ نہیں بلکہ ہر مہلک ہتھیار بھی خطرناک ہے اس لئے پوری دنیا کو مہلک ہتھیاروں سے پاک کرنے کی ضرورت ہے اس لئے اقوام متحدہ فوری طور پر نئے نئے ہتھیار بنانے پر پابندی لگانے کا اعلان کرے انسانوں کے امن وسکون کے لئے دنیا کو ہتھیار فری قرار دینا ہی مسئلہ کا اصل حل ہے لیکن کہا جاتا ہے کہ یہ بڑی عالمی طاقتوں کی مرضی ہے کہ وہ کب اپنے ہی بنائے ہوئے قوانین کی خلاف ورزی کرگذرے اس لئے عالمی طاقتوں کی بدمعاشی سے (جیسے جارحیت کا نام بھی دیا جاسکتا ہے) انسانیت کو انتہائی خطرہ ہے خوفناک بات یہ ہے کہ بڑی عالمی طاقتیں کسی معاہدے کا احترام نہیں کرتیں اور اس سے بھی بڑی خوفناک بات یہ ہے کہ اقوام متحدہ ان عالمی طاقتوں کے ہاتھوں کٹھ پتلی بنی ہوئی ہے جب عراق میں صدر صدام حسین کی حکومت کا تختہ الٹا گیا تو امریکہ نے الزام لگایا کہ عراق کے پاس کیمیائی ہتھیار ہیں حالانکہ صدر صدام حسین نے اس سے کئی بار انکار کیا لیکن اتحادی ممالک نے ایک نہ سنی جب انہوں نے عالمی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بم برسا برسا کر عراق کی اینٹ سے اینٹ بجا کر اسے کھنڈر بنادیا تو پینٹا گون نے ایک پھسپھسا سا بیان دیا کہ عراق کے پاس کیمیائی ہتھیار نہیں ملے ایک بے بنیاد الزام لگا کر ایک کروڑ سے زائد عراقی شہریوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا ان میں سے جو زندہ ہیں وہ روزانہ موت کی آرزو کرتے ہیں۔ شام، عراق، افغانستان، فلسطین، مقبوضہ کشمیر، بوسینیا، برما، چیچنیا، بھارت، چین کی مسلم آبادی میں ظلم وبربریت کے نئے نئے طریقے ایجاد کئے گئے ایک کلسٹر بم پر ہی موقوف نہیں عام ہتھیاروں کو مہلک بنا کر جو ستم روا رکھا گیا ہے اس کی نظیر نہیں ملتی حقیقت یہ ہے کہ مہلک ہتھیاروں کی ایجادات، پھیلاؤ اور پابندی عالمی طاقتوں کی خواہشات پر مشتمل ایجنڈے کا نام ہے لگتا ہے مسلمان حکمران تلی تماشا دیکھتے دیکھتے سوگئے ہیں اس صورت حال کا مقابلہ کرنے کیلئے مسلم ممالک میں اتحاد انتہائی ضروری بلکہ ناگزیر ہے اسلامک بلاک ہی اپنے مفادات کا تحفظ کرسکتا ہے ورنہ اسلامی دنیا یونہی یہود ونصاریٰ کے ہاتھوں کٹھ پتلی بنی رہے گی۔

بیٹیوں کی کفالت کی فضلیت اور حضرت دحیہ کا ایمان افروز واقعہ!!!!!

محمد اکرم چوہدری

حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کا پورا نام دحیہ بن خلیفہ بن فروہ الکلبی تھا، قضاعہ قبیلہ میں سے کلب بن وبرہ سے تعلق تھا، ان کا نسب نامہ دحیہ بن خلیفہ بن فروہ بن زید بن امری القیس بن الخزرج زید بن منا بن عامر بن بکر الاکبر بن عوف بن بکر بن عوف بن عذر بن زید اللات بن رفیدہ بن ثور بن کلب ہے۔ غزوہ بدر میں شریک نہ ہوسکے، اس کے علاوہ احد اور ان کے بعد کے غزوات میں شریک رہے اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ امارت تک حیات رہے۔ چونکہ اپ کا تعلق قضاعہ قبیلہ میں سے ''کلب بن وبرہ'' سے تھا۔ اس لیے ان کے نام کے ساتھ "کلبی" کی نسبت لگائی جاتی ہے۔ حضور اقدس نے ان کو روم کے بادشاہ قیصر کے دربار میں اپنا مبارک خط دے کر بھیجا قیصر روم حضور کا نام مبارک پڑھ کر ایمان لے ایا مگر اس کی سلطنت کے ارکان نے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ حضرت دحیہ قلبی رضی اللہ عنہ نہایت خوبصورت تھے۔ تفسیر نگار لکھتے ہیں کہ اپ کا حسن اس قدر تھا کہ عرب کی عورتیں دروازوں کے پیچھے کھڑے ہو کر یعنی چھپ کر حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کرتی تھیں۔ لیکن اس وقت اپ مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ ایک دن سرورِ کونین تاجدارِ مدینہ حضرت محمد مصطفیٰ کی نظر حضرت دحیہ کلبی پر پڑی۔ اپ نے حضرت دحیہ کلبی کے چہرہ کو دیکھا کہ اتنا حسین نوجوان ہے۔ اپ نے رات کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگی؛ یا اللہ اتنا خوبصورت نوجوان بنایا ہے، اس کے دل میں اسلام کی محبت ڈال دے، اسے مسلمان کر دے، اتنے حسین نوجوان کو جہنم سے بچالے۔ رات کو اپ نے دعا فرمائی، صبح حضرت دحیہ قلبی رضی اللہ عنہ اپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ حضرت دحیہ کلبی کہنے لگے؛ اے اللہ کے رسول ! بتائیں اپکیا احکام لے کرائے ہیں؟ اپ نے فرمایا میں اللہ کا رسول ہوں اور اللہ واحد ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ پھر توحید ورسالت کے بارے میں حضرت دحیہ کلبی کو بتایا۔ حضرت دحیہ نے کہا؛ اللہ کے نبی میں مسلمان تو ہو جاوں لیکن ایک بات کا ہر وقت ڈر لگا رہتا ہے ایک گناہ میں نے ایسا کیا ہے کہ اپ کا اللہ مجھے کبھی معاف نہیں کرے گا۔ اپ نے فرمایا؛ اے دحیہ بتا تونے کیسا گناہ کیا ہے؟ تو حضرت دحیہ کلبی نے کہا؛ یارسول اللہ میں اپنے قبیلے کا سربراہ ہوں۔ اور ہمارے ہاں بیٹیوں کی پیدائش پر انہیں زندہ دفن کیا جاتا ہے۔ میں کیونکہ قبیلے کا سردار ہوں اس لیے میں نے ستر گھروں کی بیٹیوں کو زندہ دفن کیا ہے۔ اپ کا رب مجھے کبھی معاف نہیں کرے گا۔ اسی وقت حضرت جبریل امین علیہ السلام حاضر ہوئے؛ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم، اللہ سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ اسے کہیں اب تک جو ہو گیا وہ ہو گیا اس کے بعد ایسا گناہ کبھی نہ کرنا۔ ہم نے معاف کر دیا۔ حضرت دحیہ اپ کی زبان سے یہ بات سن کر رونے لگے۔ اپ نے فرمایا دحیہ اب کیا ہوا ہے کیوں روتے ہو؟ حضرت دحیہ کلبی کہنے لگے؛ یارسول اللہ، میرا ایک گناہ اور بھی ہے جسے اپ کا رب کبھی معاف نہیں کرے گا۔ اپ نے فرمایا دحیہ کیسا گناہ بتاو حضرت دحیہ کلبی فرمانے لگے؛ یارسول اللہ، میری بیوی حاملہ تھی اور مجھے کسی کام کی غرض سے دوسرے ملک جانا تھا۔ میں نے جاتے ہوئے بیوی کو کہا کہ اگر بیٹا ہوا تو اس کی پرورش کرنا اگر بیٹی ہوئی تو اسے زندہ دفن کر دینا۔ دحیہ روتے جارہے ہیں اور واقعہ سناتے جارہے ہیں۔ میں واپس بہت عرصہ بعد گھر ایا تو میں نے دروازے پر دستک دی۔ اتنے میں ایک چھوٹی سی بچی نے دروازہ کھولا اور پوچھا کون؟ میں نے کہا: تم کون ہو؟ تو وہ بچی بولی؛ میں اس گھر کے مالک کی بیٹی ہوں۔ اپ کون ہیں؟ دحیہ فرمانے لگے؛ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم، میرے منہ سے نکل گیا: اگر تم بیٹی ہو اس گھر کے مالک کی تو میں مالک ہوں اس گھر کا۔ یارسول اللہ! میرے منہ سے یہ بات نکلنے کی دیر تھی کہ چھوٹی سی اس بچی نے میری ٹانگوں سے مجھے پکڑ لیا اور بولنے لگی؛ بابابابابابابابا اپ کہاں چلے گئے تھے؟ بابا میں کس دن سے اپ کا انتظار کررہی ہوں۔ حضرت دحیہ کلبی روتے جارہے ہیں اور فرماتے ہیں؛ اے اللہ کے نبی! میں نے بیٹی کو دھکا دیا اور جا کر بیوی سے پوچھا؛ یہ بچی کون ہے؟ بیوی رونے لگ گئی اور کہنے لگی؛ دحیہ! یہ تمہاری بیٹی ہے۔ یارسول اللہ! مجھے ذرا ترس نہ ایا۔ میں نے سوچا میں قبیلے کا سردار ہوں۔ اگر اپنی بیٹی کو دفن نہ کیا تو لوگ کہیں گے ہماری بیٹیوں کو دفن کرتا رہا اور اپنی بیٹی سے پیار کرتا ہے۔ حضرت دحیہ کی انکھوں سے اشک زاروقطار نکلنے لگے۔ یارسول اللہ وہ بچی بہت خوبصورت، بہت حسین تھی۔ میرا دل کر رہا تھا اسے سینے سے لگا لوں۔ پھر سوچتا تھا کہیں لوگ بعد میں یہ باتیں نہ کہیں کہ اپنی بیٹی کی باری ائی تو اسے زندہ دفن کیوں نہیں کیا؟ میں گھر سے بیٹی کو تیار کروا کر نکلا تو بیوی نے میرے پاوں پکڑ لیے۔ دحیہ نہ مارنا اسے۔ دحیہ یہ تمہاری بیٹی ہے۔ ماں تو اخر ماں ہوتی ہے۔ میں نے بیوی کو پیچھے دھکا دیا اور بچی کو لے کر چل پڑا۔ رستے میں میری بیٹی نے کہا؛ بابا مجھے نانی کے گھر لے کر جارہے ہو؟ بابا کیا مجھے کھلونے لے کر دینے جارہے ہو؟ بابا ہم کہاں جا رہے ہیں؟ دحیہ کلبی روتے جاتے ہیں اور واقعہ سناتے جارہے ہیں۔ یا رسول اللہ! میں بچی کے سوالوں کا جواب ہی نہیں دیتا تھا۔ وہ پوچھتی جارہی ہے بابا کدھر چلے گئے تھے؟ کبھی میرا منہ چومتی ہے، کبھی بازو گردن کے گرد دے لیتی ہے۔ لیکن میں کچھ نہیں بولتا۔ ایک مقام پر جا کر میں نے اسے بٹھادیا اور خود اس کی قبر کھودنے لگ گیا۔ اقا کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم دحیہ کی زبان سے واقعہ سنتے جارہے ہیں اور روتے جا رہے ہیں۔ میری بیٹی نے جب دیکھا کہ میرا باپ دھوپ میں سخت کام کر رہا ہے، تو اٹھ کر میرے پاس ائی۔ اپنے گلے میں جو چھوٹا سا دوپٹہ تھا وہ اتار کر میرے چہرے سے ریت صاف کرتے ہوئے کہتی ہے؛ بابا دھوپ میں کیوں کام کر رہے ہیں چھاوں میں اجائیں۔ بابا یہ کیوں کھود رہے ہیں اس جگہ بابا گرمی ہے چھاوں میں اجائیں۔ اور ساتھ ساتھ میرا پسینہ اور مٹی صاف کرتی جارہی ہے۔ لیکن مجھے ترس نہ ایا۔ اخر جب قبر کھود لی تو میری بیٹی پاس ائی۔ میں نے دھکا دے دیا۔ وہ قبر میں گر گئی اور میں ریت ڈالنے لگ گیا۔ بچی ریت میں سے روتی ہوئی اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھ میرے سامنے جوڑ کر کہنے لگی؛ بابا میں نہیں لیتی کھلونے۔ بابا میں نہیں جاتی نانی کے گھر۔ بابا میری شکل پسند نہیں ائی تو میں کبھی نہیں اتی اپ کے سامنے۔ بابا مجھے ایسے نہ ماریں۔ یارسول اللہ صلی اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں ریت ڈالتا گیا۔ مجھے اس کی باتیں سن کر بھی ترس نہیں ایا۔ میری بیٹی پر جب مٹی مکمل ہو گئی اور اس کا سر رہ گیا تو میری بیٹی نے میری طرف سے توجہ ختم کی اور بولی؛ اے میرے مالک میں نے سنا ہے تیرا ایک نبی ائے گا جو بیٹیوں کو عزت دے گا۔ جو بیٹیوں کی عزت بچائے گا۔ اے اللہ وہ نبی بھیج دے بیٹیاں مر رہی ہیں۔ پھر میں نے اسے ریت میں دفنا دیا۔ حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ واقعہ سناتے ہوئے بے انتہا روئے۔ یہ واقعہ جب بتا دیا تو دیکھا اپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اتنا رو رہے ہیں کہ اپ صلی اللّٰہ علیہ والہ وسلم کی داڑھی مبارک انسوؤں سے گیلی ہو گئی۔ اپ صلی اللّٰہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا؛ دحیہ ذرا پھر سے اپنی بیٹی کا واقعہ سناو۔ اس بیٹی کا واقعہ جو مجھ محمد کے انتظار میں دنیا سے چلی گئی۔ اپ صلی اللّٰہ علیہ والہ وسلم نے تین دفعہ یہ واقعہ سنا اور اتنا روئے کہ اپ صلی اللّٰہ علیہ والہ وسلم کو دیکھ کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رونے لگ گئے اور کہنے لگے؛ اے دحیہ کیوں رلاتا ہے ہمارے اقا کو؟ ہم سے برداشت نہیں ہو رہا۔ اپ نے حضرت دحیہ سے تین بار واقعہ سنا تو حضرت دحیہ کی رو رو کر کوئی حالت نہ رہی۔ اتنے میں حضرت جبرائیل علیہ اسلام حاضر ہوئے اور فرمایا؛ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم! اللہ سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم! دحیہ کو کہہ دیں وہ اس وقت تھا جب اس نے اللہ اور اپ صلی اللّٰہ علیہ والہ وسلم کو نہیں مانا تھا۔ اب مجھ کو اور اپ صلی اللّٰہ علیہ والہ وسلم کو مان لیا ہے تو دحیہ کا یہ گناہ بھی ہم نے معاف کر دیا ہے۔ اس کے بعد اپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جس نے دو بیٹیوں کی کفالت کی، انہیں بڑا کیا، ان کے فرائض ادا کیے، وہ قیامت کے دن میرے ساتھ اس طرح ہو گا جس طرح شہادت کی اور ساتھ والی انگلی اپس میں ہیں۔ جس نے دو بیٹیوں کی پرورش کی اس کی یہ اہمیت ہے تو جس نے تین یا چار یا پانچ بیٹیوں کی پرورش کی اس کی کیا اہمیت ہوگی؟ بیٹیوں کی پیدائش پر گھبرایا نہ کریں انہیں والدین پر بڑا مان ہوتا ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

چیئر مین پیمرا کا اور میرا، لاہور، ڈومیسائل بھی!

اثر چوہان

معزز قارئین ! مَیں نے 23 جنوری 2013ء کے ''نوائے وقت'' میں لکھا تھا کہ'' اللہ تعالیٰ نے ہر اِنسان کا دوسرے اِنسانوں سے ملاقاتوں کا "Quata" (مقررہ حصّہ) مخصوص کِیا ہے کہ'' اُسکی کب؟ کہاں؟ اور کتنی دیر تک، فلاں فلاں اِنسان سے ملاقات ہوگی؟'' پرانے دَور میں خط وکتابت کو'' ا?دھی ملاقات'' کہا جاتا تھا لیکن ''Telephone''۔ VidoeLink'' اور "Skype" کی ایجاد کے بعد تو، ہماری ہر کسی سے پوری ملاقات ہو جاتی ہے۔ 28 اگست کو عزیز گرامی چیئر مین پیمرا پروفیسر مرزا محمد سلیم بیگ اسلام ا?باد سے لاہور ?ا?ئے اور مجھے اپنے ساتھ نامور صحافی، برادرِ عزیز و محترم جمیل اطہر قاضی کے دفتر روزنامہ '' جرا?ت'' لے گئے، بیگ صاحب کی دعوت پر اُردو، پنجابی کے نامور شاعر، کئی کتابوں کے مصنف، روزنامہ ''نوائے وقت'' کے سینئر ادارتی رُکن برادرِ عزیز سعید ا?سی? اور اُن کے فرزند سلمان سعید بھی وہاں موجود تھے۔ جمیل صاحب اور اُن کے تینوں صاحبزادوں، عرفان اطہر قاضی، عمران اطہر قاضی اور ریحان اطہر قاضی نے ہمارا محبت سے استقبال کِیا۔ تحریک پاکستان کے دَوران ہندوؤں کی دہشت گرد تنظیم'' راشٹریہ سیوم سیوک سنگھ'' (R.S.S.S)، متعصب ہندو جماعت'' انڈین نیشنل کانگریس''، سکھوں کے مسلح جتھوں اور دوسری غیر مسلم تنظیموں نے مختلف صوبوں میں 18 لاکھ سے زیادہ مسلمانوں کا قتل عام کِیا اور 95 ہزار سے زیادہ مسلمان عورتوں کو اغواء کر کے اُن کی ا?برو ریزی کی۔ مشرقی (اب بھارتی) پنجاب میں سِکھوں نے 10 لاکھ مسلمانوں کو شہید کِیا اور 55 ہزار مسلمان عورتوں کو اغواء کر کے اُن کی عصمت ریزی کی۔ معزز قارئین ! مشرقی (اب بھارتی) پنجاب کی سِکھ ریاست نابھہ ? میں میرے والد صاحب، تحریک پاکستان کے (گولڈ میڈلسٹ) کارکن رانا فضل محمد چوہان لٹھ باز تھے اور وہ ا?ل انڈیا مسلم لیگ کے (National Muslim Guards) کو لٹھ بازی سِکھایا کرتے تھے۔ ریاست نابھہ ?، پٹیالہ ? اور ضلع امرتسر ? میں ہمارے خاندان کے 26 افراد سِکھوں سے لڑتے ہُوئے شہید ہوگئے تھے۔ چیئر مین پیمرا کے والدِ مرحوم، مرزا شجاع الدّین بیگ امرتسری ? نے مجھے بتایا تھا کہ'' امرتسر ? میں ہمارا ا?دھے سے زیادہ خاندان سِکھوں سے لڑتا ہُوا شہید ہوگیا تھا!''۔ ریاست پٹیالہ ? میں درگاہِ حضرت مجد دالف ثانی سرہند شریف کے خادموں میں سے تحریک پاکستان کے (گولڈ میڈلسٹ) کارکن قاضی ظہور الدّین (مرحوم) جمیل اطہر قاضی صاحب کے حقیقی چچا تھے۔ یوں تو مجھے بھارت سے ہجرت کر کے پاکستان کے مختلف صوبوں میں ا?باد تمام مہاجرین سے محبت رہی ہے لیکن ریاست نابھہ ?، پٹیالہ ? اور ضلع امرتسر ? کے مہاجروں سے بہت زیادہ !۔ پاکپتن شریف میں تحریک پاکستان کے (گولڈ میڈلسٹ) کارکن، میاں محمد اکرم طور? (برادرِ عزیز سعید ا?سی? کے والد مرحوم) نے مہاجرین کی ا?بادکاری میں اہم کردار ادا کِیا تھا۔ 2 جنوری 1985ء کے صدارتی انتخاب میں صدرِ پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان (صدر پاکستان کنونشن مسلم لیگ) کے مقابلے میں قائداعظم کی ہمشیرہ، محترمہ فاطمہ جناح، متحدہ اپوزیشن کی امیدوار تھیں جنہیں'' مفسرِ نظریہ? پاکستان'' جناب مجید نظامی نے'' مادرِ ملّت'' کا خطاب دِیا تھا۔ صدارتی انتخاب سے کچھ دِن پہلے ضلع سرگودھا میں مادرِ ملّت کی انتخابی مہم کے انچارج تحریک پاکستان کے (گولڈ میڈلسٹ) کارکن، قاضی مُرید احمد (مرحوم) مجھے اور میرے صحافی دوست تاج الدّین حقیقت? امرتسری کو، مادرِ ملّت سے ملاقات کیلئے لاہور لائے تھے، مادرِ ملّت کونسل مسلم لیگ کے ایک لیڈر میاں منظر? بشیر کے گھر ''المنظر'' میں مقیم تھیں، وہاں ہماری ملاقات ہُوئی اور اُسی وقت، مرزا شجاع الدّین بیگ امرتسری ?اور میاں محمد اکرم طور? صاحب سے، پھر میری اُن سے بہت دوستی ہوگئی

''انتہاء پسند'' سید علی گیلانی کی رحلت

نصرت جاوید

مقبوضہ کشمیر کو دنیا کی وسیع وعریض کی جیل میں تبدیل کرنے کے باوجود مودی سرکار کے خوف کا یہ عالم ہے کہ 91 سالہ سید علی گیلانی کی موت نے اسے بوکھلا دیا۔ بدھ کی رات اس کے فوجیوں نے سرینگر کے حیدر پورہ میں واقع ان کے مکان پر دھاوا بول دیا۔ مرحوم کے اہل خانہ کو دیوار سے لگانے کے بعد علی گیلانی صاحب کا جسد خاکی وہاں سے اٹھالیا گیا۔ ان دنوں صحافتی روزگار کے لئے انقرہ میں مقیم افتخار گیلانی سے رابطے کے لئے میں مسلسل فون کے بٹن دباتا رہا۔ وہ گیلانی صاحب کی نہایت لاڈلی بیٹی کے شوہر ہیں اور میرے چھوٹے بھائیوں کی مانند۔ افتخار کو پاکستانی وقت کے مطابق جمعرات کا سورج طلوع ہونے کے بعد بھی معلوم نہیں ہوسکا تھا کہ انہیں کہاں دفنایا گیا ہے۔ لاش اور قبر چھپانے کی ایسی مذموم حرکت ہمارے خطے کے ہر مذہب کی روایات کے پس منظر میں محض احمقانہ بربریت ہی شمار ہوسکتی ہے۔ لاکھوں انسانوں کو گزشتہ کئی دہائیوں سے وحشیانہ انداز میں اپنا غلام بنانے کے جنون میں مبتلا سرکار کی رعونت مگر اس کے مضمرات کو سمجھ نہیں پائے گی۔ منصوبہ اگر یہ تھا کہ اخری دم تک قابل رشک عزم واستقلال کے ساتھ اپنے موقف پر ڈٹے علی گیلانی صاحب کے جنازے میں ان کے بے تحاشہ مداحین شریک نہ ہوئے تو وہ ہر صورت ناکام ہوگیا ہے۔ ہمارے ہاں غائبانہ نماز جنازہ کی روایت بھی موجود ہے۔ اب وادی کشمیر کے ہر شہر اور گاؤں کے میدانوں اور مساجد میں یہ نماز ادا کی جائے گی۔ جہاں فانی سے رخصت ہوجانے کے بعد علی گیلانی بلکہ قابض افواج کے خلاف نفرت کی اگ مزید بھڑکائیں گے۔ 5 اگست 2019 کے دن سے مقبوضہ کشمیر پر خاموشی کی جو چادر مسلط کی گئی ہے وہ تار تار ہوجائے گی۔

موت سے مفر ممکن نہیں۔ علی گیلانی صاحب ویسے بھی طویل عرصے سے شدید علیل تھے۔ اپنی زندگی کے بیشتر برس جیل میں گزارنے کی وجہ سے انہیں دل اور گردوں کے عارضے لاحق ہوئے۔ مستقل بیماری نے مگر ایک لحہ کو بھی انہیں ہمت وجرات سے محروم نہیں کیا۔ تیر سے نکلے کمان کی طرح کھڑے ہوکر قابض حکمرانوں کی انکھ میں انکھ ڈال کر ''کشمیر بنے گا پاکستان'' کی صدا بلند کرتے رہے۔ پاکستان سے رشتے کو وہ اپنے ایمان کا بنیادی حصہ شمار کرتے تھے۔ میں گیلانی صاحب کے ساتھ اپنے ذاتی رشتے کی وجہ سے ان کی سیاست کا معروضی انداز میں جائزہ نہیں لے سکتا۔ افتخار ہمارے دیرینہ اور گہرے تعلق کی کلید ہے۔ ہر حوالے سے ذات کے اس رپورٹر کو بھی بھارت کے عقوبت خانوں میں شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ افتخار کی تفتیش پر مامور اہلکار اس سے میرے تعلق کی تفصیلات ووجوہات بھی معلوم کرتے رہے۔ انہیں شبہ تھا کہ شاید میں دہلی صحافتی فریضہ نبھانے نہیں بلکہ علی گیلانی صاحب کو تخریبی پیغامات پہنچانے جاتا ہوں۔ ان کا شبہ قطعی بے بنیاد اور بودا تھا۔ دلی میں میرے قیام کے دوران گیلانی صاحب اس شہر میں موجود ہوتے تو ان کی بیٹی کو میرے لئے کشمیری کھانوں کا اہتمام کرنا ہوتا۔ گیلانی صاحب کا انٹرویو کرنے کی مجھے ضرورت نہیں تھی۔ میرے لئے وہ مشہور حریت پسند رہ نما نہیں بلکہ شفیق ترین بزرگ تھے۔ مستقل فکر مند کہ میں اپنے وطن اور گھر سے دور دلی میں اپنے دن کیسے گزارتا ہوں۔ لاہور سے میرے ابائی تعلق نے ہمارے رشتے کو جذباتی گہرائی بھی فراہم کی تھی۔ قیام پاکستان سے چند برس قبل علی گیلانی صاحب علم کے حصول کے لئے لاہور تشریف لائے تھے۔ انہوں نے اس شہر کے دلی دروازہ سے چند قدم اگے شاہ محمد غوث کے مزار سے متصل اس سکول میں داخلہ لیا جہاں عربی اور فارسی کی تعلیم دی جاتی تھی۔ کشمیر کے دیہات سے ائے طالب علم کے پاس کئی مہینوں تک شب بسری کا ٹھکانہ بھی موجود نہیں تھا۔ وہ مسجد وزیر خان کی پناہ میں رہے۔ لاہور میں قیام کے دوران وہ اقبال کے عاشق بھی ہوگئے۔ ان کے انتقال کی خبر سنتے ہی مجھے ان سے اخری ملاقات یاد اگئی۔ میں دلی سے پاکستان لوٹ رہا تھا۔ انہیں خبر تھی کہ شاید اب میں اس شہر تواتر سے نہیں ایا کروں گا۔ مجھے خدا حافظ کہنے وہ دل کے عارضے کے باوجود سڑھیوں سے اتر کر سڑک پر الوداعی مصافحہ کرنے ائے۔ زندگی کے مشکل ترین لحات میں بھی اپنے جذبات پر قابو پانے کے عادی گیلانی صاحب کا لہجہ اداس تھا۔ ان کی انکھوں میں نمی بھی تھی۔ ان کی فرمائش تھی کہ میں لاہور جاؤں تو اقبال کے مزار پر حاضر ہوکر ان کا سلام پہنچاؤں۔ وہ یہ کہتے ہوئے مزید دکھی ہوگئے ''مجھے شاید یہ سعادت کبھی نصیب نہیں ہو پائے گی''۔ ان کے خدشات درست ثابت ہوئے۔ جنرل مشرف کے اقتدار کے دوران بیک ڈور ڈپلومیسی کے ذریعے مسئلہ کشمیر کا حل ڈھونڈنے کی کوشش ہوئی تھی۔ اسے تیز تر بنانے کے لئے کئی حریت پسند رہ نماؤں کے ساتھ بھارت نواز تصور ہوتی کشمیری قیادت کو بھی پاکستان کے دورے کی اجازت ملی۔ سید علی گیلانی واحد رہ نما تھے جنہیں بھارتی حکومت نے پاسپورٹ دینے سے بھی انکار کر دیا۔ وہ اقبال کے مزار پر حاضر نہ ہوسکے۔ علی گیلانی صاحب کو پاکستان کے کئی طاقت ور حلقے اور دانشور بھی ''انتہا پسند'' تصور کرتے تھے۔ ان کو انتہا پسند ٹھہراتے ہوئے یہ حقیقت فراموش کر دی جاتی ہے کہ علی گیلانی صاحب ایک نہیں تین بار مقبوضہ کشمیر کی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے۔ وہ بنیادی طور پر ایک صحافی بھی تھے۔ ریاستی اسمبلی کا رکن ہوتے ہوئے وہ گفت وشنید کے ذریعے ہی مسئلہ کشمیر کا حل ڈھونڈتے رہے۔ 1989 میں لیکن یہ جان لیا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر کو ہر صورت ہڑپ کرنے کو بضد ہے۔ مذاکرات کا محض ڈھونگ رچاتا ہے۔ روایتی سیاست کشمیر کے عوام کو حق رائے دہی نہیں دلوا سکتی۔ وہ اس سیاست سے کنارہ کش ہوگئے۔ روایتی سیاست سے کنارہ کش ہوجانے کے باوجود وہ مگر کسی گوریلا رہ نما کی طرح پہاڑوں میں غائب نہیں ہوگئے تھے۔ برسرعام اپنے خیالات کا اظہار کرتے رہے۔ ہتھیار اٹھانے کو مجبور ہوئے نوجوانوں کے لئے ان کی جرات، استقامت اور ثابت قدمی مشعل راہ تھی۔ ذاتی طور پر وہ مگر کسی گوریلا تحریک میں متحرک نہیں تھے۔ ان کی مزاحمت بنیادی طور پر فکری اور نظریاتی تھی۔ بھارتی ریاست مگر اسے بھی برداشت نہیں کر پائی۔ ان کی زندگی کو مسلسل اجیرن بنائے رکھا۔ علی گیلانی صاحب کے برعکس حریت پسند رہ نماؤں کی اکثریت نے مقبوضہ کشمیر کے شہری متوسط طبقے کو متحرک رکھنے پر اپنی توجہ مرکوز رکھی۔ ہڑتال ان کے احتجاج اور مزاحمت کا کلیدی ہتھیار رہی ہے۔ کئی دہائیوں سے سیاسی جدوجہد میں مصروف رہے کشمیری عوام کی بے پناہ اکثریت مگر 1990 کا اغاز ہوتے ہی اس نتیجے پر پہنچی کہ پرامن جدوجہد کشمیر کو اقوام متحدہ کے وعدے کے مطابق ہوئے استصواب کے ذریعے پاکستان کا حصہ نہیں بنا سکتی۔ وہ ہتھیار اٹھانے کو مجبور ہوئے۔ گیلانی صاحب ان کے جذبات سے جبلی طور پر اگاہ تھے۔

(ادارے کا کالم نگاروں/ مضمون نگاروں کی ذاتی رائے اوران کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں) ادارہ

الوداع! سید علی گیلانی

عبدالرشید ترابی

سید علی گیلانی 1929ء میں گاؤں ڈورو نزد سوپور میں پیدا ہوئے۔ گیلانی سادات ہونے کے ناطے آپ کا خاندان پورے علاقے میں قابل احترام سمجھا جاتا تھا' ابتدائی تعلیم گاؤں کے سکول سے حاصل کرنے کے بعد مشہور مصنف و مورخ محمد دین فوق کی وساطت سے لاہور منتقل ہوئے یہاں انہوں نے اورینٹل کالج سے علوم شریعہ میں اسناد حاصل کیں' یہاں ہی علامہ اقبال سے سے متعارف ہوئے اور انکی مجالس سے اکتساب فیض کیا۔ کشمیر واپسی پر محکمہ تعلیم سے وابستہ ہوئے اور مدرس کی حیثیت سے نسل نو کی بھرپور تربیت کی۔ اپنے دور کی کشمیر کی ایک بڑی علمی وسیاسی شخصیت مولانا مسعودی سے بھی سری نگر میں قیام کے دوران میں علم وسیاست سیکھے' پھر مولانا سعد الدین تاربلی امیر جماعت اسلامی جموں وکشمیر کی وساطت سے مولانا مودودی کے لٹریچر اور دعوت سے متاثر ہو کر جماعت اسلامی میں شمولیت اختیار کی۔ تحریک کے تقاضے پر ملازمت کو خیر باد کہتے ہوئے ہمہ وقت اپنے آپ کو تحریک اسلامی کے لیے وقف کر دیا۔ پوری ریاست میں جماعت کی توسیع و ابلاغ میں آپ نے مرکزی کردار ادا کیا۔ تین مرتبہ قانون ساز اسمبلی کے ممبر کی حیثیت سے عوامی مسائل اور حق خودارادیت کی بنیاد پر مسئلہ کشمیر کے حتمی حل کیلئے بھرپور آواز اٹھائی۔ اس جرات رندانہ کی وجہ سے 60ء کی دہائی سے قید و بند کا سلسلہ جاری ہوا جو آپکے تادم واپسیں جاری رہا۔ بھارتی جیلوں اور عقوبت خانوں میں بدترین اذیتوں کا شکار رہے' جن کی تفصیلات انکی کتابوں ''روداد قفس'' اور ''قصہ درد'' میں موجود ہیں۔ قوم کو شیخ عبدا? کے سحر سے نکالنے کیلئے سیاسی میدان میں اسے چیلنج کیا اور قوم کو باور کرایا کہ کشمیریوں کے مسائل کا سبب شیخ عبدا? کا بھارت سے الحاق کا فیصلہ غلط تھا۔ گیلانی صاحب کی انفرادیت یہ تھی کہ وہ اقامت دین اور آزادی کشمیر کو لازم وملزوم سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک بھارتی غلامی میں اقامت دین کی منزل کا حصول ناممکن تھا' اس لیے آزادی کشمیر کی جدوجہد' اقامت دین ہی کا ایک حصہ ہے۔ امیر جماعت کو یکسوئی سے اس لائحہ عمل پر پیرا ہونا چاہیے' جماعت پر بار بار کی پابندیوں کی وجہ سے دوسرا نکتہ نظریہ تھا کہ ہمیں متوازن جدوجہد کرنا چاہیے تاکہ دعوتی کام کے امکانات موجود رہیں۔ ترجیحات کے اس اختلاف کے نتیجے میں انہوں نے تحریک حریت جموں وکشمیر کے نام سے الگ پلیٹ فارم تشکیل دیا جس کی توثیق جماعت کے نظم نے کمال حکمت سے کر دی اور گیلانی صاحب کو مطلوبہ افراد کار بھی فراہم کیے۔ ان ہی کے تقاضے پر محترم اشرف صحرائی مرحوم بھی انکے نظم کے حوالے کیے گئے۔

بہر حال ہر دستیاب پلیٹ فارم سے سید علی گیلانی نے مضبوط موقف اور توانا آواز کے ساتھ اپنی جدوجہد جاری رکھی۔ راقم کو 80ء کی دہائی سے جب رواں تحریک کے خدو خال وضع کیے جا رہے تھے گیلانی صاحب اور دیگر تحریکی قائدین سے رابطے اور مشاورت کی سعادت حاصل رہی۔ خطوط وپیغامات کا تبادلہ ہوتا رہا' 1983-84ء میں سید سعد الدین صاحب پاکستان کے دورے پر تشریف لائے تو انکی میزبانی اور خدمت کرنے کا شرف حاصل رہا۔ جنوری 1990ء میں گیلانی صاحب اور دیگر قائدین کے ساتھ کھٹمنڈوں میں طویل مشاورت رہی' ہفتہ بھر ایک ساتھ رہنے کا موقع ملا اس کے بعد بھی حج کے موقع پر تین مرتبہ ایک ساتھ رہے۔ ایک حج رابطہ عالم اسلامی کی دعوت پر ہم نے ایک ساتھ کیا اور حج کے سارے مناسک میں ہم رکاب رہنے کا موقع ملا بلکہ اس رفاقت میں منیٰ میں ہجوم کی وجہ سے ان کے حلق (سر کے بال اتارنے) کی سعادت حاصل کی۔ مشاورت اور رفاقت کی یادیں تین دہائیوں پر محیط ہیں۔ جن پر پوری کتاب مرتب ہوسکتی ہے۔ ان پر کتاب تحریر کرنے کی تیاری بھی کی اس ضمن میں جدہ میں ایک طویل انٹرویو بھی ریکارڈ کیا۔ اس کتاب میں انکی اسمبلی کے پلیٹ فارم سے کشمیر کاز کیلئے ہونے والی جدوجہد کی رودادیں مطلوب تھیں جو بدقسمتی سے نہ مل سکیں۔

محنت کشوں کی زندگیوں کا تحفظ

تحریر: محمد رمضان

آئین کے آرٹیکل 9 کے تحت ریاست کے تمام شہریوں کی زندگیوں کو تحفظ دیا گیا ہے۔ اسی لئے ریاست کے تمام شہریوں کو آئین اور قانون کے مطابق اس بنیادی حق سے محروم نہیں رکھا جاسکتا۔ لیکن بدقسمتی سے واپڈا اور پاور کمپنیوں میں کام کرنے والے لائن مینوں کی بجلی کے کرنٹ سے شہید ہونے ، پاور سیکٹر کے بورڈز اور انتظامیہ کی لاپرواہی، غفلت، بد انتظامی ، بدحواسی کی وجہ سے لائن مینوں کو کام کرنے کیلئے ضروری سازوسامان کام کیلئے بکٹ گاڑیاں ذاتی حفاظتی سامان جس میں چمڑے کے دستانے، ربڑ کے دستانے، سیفٹی ٹوپی اور سیفٹی بوٹ شامل ہیں۔ سیفٹی کوڈ کے مطابق بورڈ اور انتظامیہ کی طرف سے مہیا کیا جانا ضروری ہے۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی میں گزشتہ کئی سالوں میں 124 لائن مین المناک حادثات یا غفلت کی وجہ سے شہید ہوئے اور اسی طرح متعدد لائن مین بجلی کے کرنٹ لگنے اور دیگر حادثات میں ہاتھ، پاؤں کٹنے اور ریڑھ کی ہڈیاں ٹوٹنے کی وجہ سے زندگی بھر کیلئے معذور ہوچکے ہیں۔ کیسکو بورڈ اور انتظامیہ آئین اور قانون کے مطابق سیفٹی کوڈ پر عمل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہیں۔ اس وقت لائنوں کیلئے ایسے سامان خریدے جارہے ہیں جس کی کوالٹی ناقص ہونے کی وجہ سے بجلی کے اسٹرکچر تیڑے ہوئے یا پول ٹوٹ جانے کی وجہ سے مزدور موت کا شکار ہوجاتا ہے۔ ناقص سامان کی خریداری میں آنکھیں بند کرنے والے آفیسران کیوں خاموش ہے؟ اور کیسکو کمپنی کا سربراہ ان معاملات کی گزشتہ دو سالوں کے دوران بہتری لانے میں کیوں ناکام ہے؟ تو اس سے صاف ظاہر ہورہا ہے کہ پاور سیکٹر کی دیگر کمپنیوں کی طرح کیسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سیاسی بنیادوں پر تعیناتی اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کی عارضی تعیناتی کی وجہ سے کیسکو کی کمپنی کو مستقل بنیادوں پر پروفیشنل طریقے سے کیسکو کی بورڈ آف ڈائریکٹر اور کیسکو انتظامیہ مکمل ناکام ہے۔ گزشتہ کچھ عرصے سے پے درپے چار حادثات رونما ہوئے جس میں عبدالمنان پشین، سجاد احمد لورالائی، حمید اللہ نوشکی اور اب حال ہی میں محمد اکبر لائن مین گنداوہ سب آفس میں بظاہر بجلی کے کرنٹ لگنے حادثات کا شکار ہوکر موت کی آغوش میں چلے گئے لیکن ان چاروں کیسز کی جوڈیشنل یا جوائنٹ انکوائری ہو جس میں بورڈ کا ممبر، اعلیٰ انتظامی آفیسر اور یونین کا نمائندہ شریک ہو تو ذمہ داروں کا تعین کیا جاسکے گا اور اس طرح کے حادثات کو مستقبل میں روکنے کا بندوبست کیا جاسکتا ہے۔ راقم الحروف کو 1999ء کے دوران آئی ایل او کے ایک بین الاقوامی سیمینار میں جانے کا موقع ملا۔ اس دوران ایک اسٹیل مل میں کارکنوں کی سیفٹی پر بریفنگ کے دوران معلوم ہوا کہ اس اسٹیل مل میں کام کے دوران سالانہ ایک یا دو حادثات سے کارکنوں کی جان چلی جاتی تھیں جس پر وہاں کی حکومت اور اسٹیل مل مالکان نے اس اسٹیل مل کو اتنا معیاری اور نئے دور کے تقاضوں کے مطابق بنایا کہ اس میں کم بندوں سے زیادہ پیداوار اور حادثات کو صفر تک پہنچایا گیا اور جتنے ورکر فارغ کئے جارہے تھے انھیں ان کی مرضی کے مطابق مراعات یونین سے بات چیت کے ذریعے دیئے گئے جو ورکرز اسٹیل مل میں کام کر رہے تھے ان کی تنخواہوں میں اضافہ کرکے کارکنوں کی زندگیوں کا تحفظ اور پیداوار میں اضافہ کرکے قومی معیشت میں ترقی اور انسانی جانوں کی حفاظت کو یقینی بنایا گیا۔ جب بریفنگ کے دوران اسٹیل مل کی انتظامیہ سے پوچھا گیا کہ اسٹیل مل کا پرانا پلانٹ کہاں گیا؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ وہ پلانٹ ایشین ٹائیگر ملائیشیا پر بیچ دیا گیا۔ مہذب قومیں اپنے شہریوں کی جانوں کی حفاظت کو اولین ترجیح دیتی ہیں۔ اسی لئے ان ممالک کے شہری اپنے ملک کا نام لیتے ہوئے بھی فخر محسوس کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک کے ایک سابق چیئرمین واپڈا جو ایک ریٹائرڈ جنرل تھا اس کے کان میں کسی آفیسر نے سرگوشی کرتے ہوئے بتایا کہ اگر لائن مینوں کو پول پر چڑھنے سے پہلے ماں، بہن، بیوی اور بچوں کی تصویریں دکھائے جائے تو ان کی جان بچ سکتی ہیں یا لائن مین 200 روپے کا لالچ چھوڑ دے تو ان کی جان بچ سکتی ہے۔ اسی سابقہ ریٹائرڈ چیئرمین واپڈا کو جلسے کے دوران بتایا گیا کہ یہ نان سینس بات ہے کیونکہ کوئی بھی سپاہی اسلحہ، ٹینک، گولہ بارود اور ہوائی جہازوں کی مدد کے بغیر ملک کیلئے نہیں لڑسکتا۔ اسی طرح لائن مینوں کیلئے بھی معیاری پی پی ای، ٹی اینڈ پی، ٹریننگ، لائنوں کی ڈرائننگ اور ڈیزائن کے مطابق ہونے ، کارکنوں کی مطلوبہ تعداد ہونے، بکٹ گاڑیاں اور ساز و سامان کے مہیا ہونے سے ان کی جان بچائی جاسکتی ہے۔ اگر لائن مین 200 روپے کے لالچ میں مرتا ہے تو ان کی مراعات بڑھا کر ان کی جان بچائی جاسکتی ہے ۔ اس وقت اعلیٰ عدلیہ میں خود تنازعات موجود ہیں اور غریب لائن مینوں کی فریاد سننے کیلئے ان کے پاس وقت نہیں ہے۔ عدالت عظمیٰ نے ایک ٹی وی اداکارہ عتیقہ اوڈھو سے دو بوتل شراب برآمد ہونے کا از خود نوٹس لے لیا تھا اور عدالت عظمیٰ نے نو سال دو مہینے اور چودہ دن کیس چلانے کے بعد فیصلہ کرتے ہوئے خاتون کو کیس سے بری کیا۔ جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ دو بوتل شراب کے کیس پر عدالت عظمیٰ کے کیس میں تقریباً دس سال لگ گئے ۔ غریب مزدور اور مظلوم عوام کئی عشرے اپنے اپنے کیسوں کیلئے عدالتوں میں تڑپ تڑپ کر مر رہے ہیں اور ان کو انصاف کا ملنا موجودہ نظام عدل میں ناممکن بن چکا ہے۔ عدالت عالیہ بلوچستان نے دو مزدوروں کے آپس کے کیس میں مبہم فیصلہ صادر فرمایا جس کی وجہ سے رجسٹرار ٹریڈ یونینز بلوچستان نے 62 یونینز پر حکومت بلوچستان کی ایماء پر پابندی لگائی۔ اسی طرح عدالت عالیہ بلوچستان نے ملازمین کے بچوں کے کوٹے کو غیر آئینی قرار دیا جبکہ باقی تین صوبوں اور اسلام آباد میں اس قسم کی کوئی پابندی موجود نہیں لیکن اس صوبے کے غریب محنت کش اور مزدور کئی سالوں سے عدالت عظمیٰ کی پیشی کا انتظار کر رہے ہیں۔ جبکہ مراعات یافتہ طبقات کے کوٹے ابھی تک بحال ہیں۔ مرک فیکٹری سے متعدد مزدور نکالے گئے ، عدالت عالیہ بلوچستان تک مزدوروں کی بحالی کا فیصلہ آیا لیکن عدالت عظمیٰ نے مزدوروں کے خلاف فیصلہ ہونے کے بعد 20،20 سالوں سے کام کرنے والے مزدوروں کو بے روزگار کرکے آئین کے آرٹیکل 9 کے تحت زندہ رہنے کے حق سے محروم کردیا۔ ان واقعات کا ذکر اس لئے ہورہا ہے کہ صوبہ بلوچستان میں کم تعلیم اور مزدوروں میں زیادہ شعور نہ ہونے کی وجہ سے وہ اپنے جائز حقوق سے محروم ہیں۔ حکومت اور پاور کمپنیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ لائن مینوں سمیت کوئلے کانوں، روزانہ اجرت پر کام کرنے والے مزدوروں، شپ بریکنگ یارڈ میں کام کرنے والے اور اسی طرح کے دیگر مزدوروں کی زندگیوں کو تحفظ دیں اور اگر حکومتی ادارے اس میں ناکام ہوتے ہیں تو عدالتیں ان غریب شہریوں کیلئے آخری امید کی کرن ہے جو شہریوں اور کارکنوں کی جانوں کی حفاظت کیلئے اقدامات اٹھائے۔ اس وقت کیسکو سمیت پاور سیکٹر میں غیر آئینی اور غیر قانونی طور پر وفاقی حکومت آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن کے ذریعے محنت کشوں کو آئین کی آرٹیکل 17 کے تحت اور آئی آر اے 2012 کے تحت ٹریڈ یونین بنانے کے مسلمہ تسلیم شدہ آئینی اور قانونی حق اور اسی طرح اجتماعی سودا کاری ایجنٹ (سی بی اے) کے حق کو تسلیم کرنے میں رکاوٹیں ڈالے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے ایک طرف آئے روز لائن مین قتل کئے جارہے ہیں اور دوسری طرف کارکنوں کی بات چیت سے روگردانی یا اس میں لیت ولعل سے کام لینے کی وجہ سے وہ اپنے جائز حقوق حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا کررہے ہیں۔ ایسی صورتحال میں ہمارے ریاستی اداروں ،حکومت ، پاور سیکٹر کی کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ کو چاہیے کہ وہ لائن مینوں کے آئینی اور قانونی حقوق کو تسلیم کرے تاکہ لائن مینوں کی جانوں کی حفاظت کو یقینی بنا کر آئین اور قانون کی پاسداری کو ممکن بنایا جاسکے۔

کرپشن بمقابلہ دیانتداری

تحریر، کوثر عباس

کس کس بہانے سے راستے نہ روکے گئے تھے؟ صرف ایک مثال عرض کرتا ہوں۔ کسی بھی نیٹ روک کا سو روپے کا ایزی لوڈ کرنے پر پچھتر روپے ملتے تھے۔ وقت بدلا، نواز حکومت آئی اور سو روپے پر اٹھاسی روپے ملنے لگے۔ طاقت وروں کی نواز حکومت سے بگڑ گئی۔ حکومت گرانے کے لیے دو کزن میدان میں اتارے گئے۔ ایک کزن میدان سے جاتا تو دوسرا اتار دیا جاتا اور کبھی سین کو مزید پر کشش بنانے کے لیے اکٹھا کر دیا جاتا۔ احتجاج سے حکومت نہ گر سکی تو کئی دوسرے ذرائع آزمائے گئے جن میں ایک حکومت کی معاشی ناکا بندی بھی شامل تھی۔ ایزی لوڈ کا ذکر میں اسی ضمن میں کررہا ہوں۔ مہم چلوائی گئی کہ سو روپے کے لوڈ پر سو روپیہ دیا جائے۔ سو نوٹس لیا گیا اور عوام کو سو روپے لوڈ کرنے پر سو روپے پورے ملنے لگے۔ یوں حکومت پاکستان کو اگر ٹیکس کی مد میں کچھ رقم ملتی تھی تو وہ بھی رکوا دی گئی، اس کے علاوہ حکومت کے بنائے گئے کئی منصوبے جہاں سے آمدن متوقع تھی، لے لیے گئے تاکہ حکومت طاقتوروں کے آگے گھٹنے ٹیک دے لیکن ایسا کچھ نہ ہوا۔

بات کرنے کا مقصد صرف اتنا ہے کہ کہاں کہاں راستہ نہ روکا گیا لیکن اس کے باوجود ملک ترقی کرتا رہا، سڑکیں بنتی رہیں، موٹرویز بھی پھلتے پھولتے رہے، بجلی کا بحران بھی حل ہوگیا، گیس کی لوڈشیڈنگ کا مسئلہ بھی ختم ہوگیا، پرانی تاریں بھی تبدیل کر دی گئیں، ندی نالوں سے اڈتے سیلابوں کے آگے بند بھی باندھ دیے گئے، ضرب عضب کے لیے سرمایہ بھی مہیا کر دیا گیا، سی پیک کا نہ صرف افتتاح ہوگیا بلکہ وہ گھوڑے کی رفتار سے دوڑنے لگا، پاکستان چین اور روس کی مزید قربت میں بھی آ گیا، ملک سے بم دھماکے بھی ختم ہو گئے، اشیائے خوردونوش کی قیمتیں ایک مقام پر آ کر رک گئیں اور طویل عرصے تک رکی رہیں۔ بہت سی چیزیں سستی بھی ہو گئیں، بجلی کی پروڈکشن کو فرنس آئل سے سستے ذرائع پر منتقل کر کے نہ صرف اسے بلکہ گیس کی ترسیل اور ضیاع کو روک کر اسے بھی سستا کر دیا گیا، تعلیم، صحت اور پولیس سمیت متعدد محکموں میں نہ صرف بہتری لائی گئی بلکہ ان میں بھرتی کی ذریعے افرادی قوت کی کمی کو بھی پورا کیا گیا، لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے گئے، زرمبادلہ کے ذخائر بھی بڑھتے رہے، شرح نمو بھی بالائی سیڑھیاں چڑھتی رہی، مشرف دور سے فنڈ کی کمی سے سنگ بنیاد کی سطح پر رکے ڈیموں کے لیے نہ صرف فنڈ مہیا کیے گئے بلکہ ان کے لیے زمین خرید کران پر کام بھی شروع کردیا گیا، کئی سالوں سے ''سسکتا'' نیا ایئر پورٹ بھی بن گیا، کئی شہروں میں میٹرو بنا کر شہریوں کے لیے سستے اور باوقار سفر کی فراہمی یقینی بنائی گئی، ہسپتالوں میں دوائیں اور ٹیسٹ مفت کر دیے گئے، قطر سے سستی ترین ایل این جی کا معاہدہ بھی ہو گیا، پٹرولیم مصنوعات بھی سستی ہوتی رہیں، ملکی تاریخ کا کم ترین قرضہ لیا گیا، کئی سالوں سے رکے پے سکیل نہ صرف ریوائز ہوتے رہے بلکہ سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بھی بڑھتی رہیں، بیرونی اور اندرونی قرضوں کا حجم بھی کم ہوتا رہا، اور حکومتی سطح پر پانچ سالوں میں ایک بھی سکینڈل بریک نہ ہوسکا لیکن نواز شریف کرپٹ رہا کیونکہ دیانتدار وہی ہے جو ''پیا من'' بھائے اور ''پیا من'' تو ناراض تھے۔

وقت بدلا، عمران حکومت معرض وجود میں آئی، پاکستان سے کرپشن کا باہر جانے والا تین چار ہزار ارب روپیہ بھی روک دیا گیا، بجلی، گیس اور دہشت گردی جیسے جن پر بھی قابو پایا جاچکا تھا لہٰذا اس ضمن میں بھی اچھی خاصی بچت ہورہی ہے، تنخواہیں نہ بڑھا کر بھی پیسہ بچا لیا گیا، پیج بھی ایک ہے، ملک میں دھرنا دینے والے لعل پیاروں کی کوئی جوڑی بھی نہیں ہے، کوئی موٹروے اور میٹرو بھی نہیں بن رہی، بیرونی قرضہ پچھلے ستر سالوں سے دوگنا ہوگیا ہے، اب کسی کرپٹ کی حکومت بھی نہیں ہے، اشیائے ضروریہ مہنگا کر کے کھربوں روپیہ بھی عوام کی جیبوں سے نکال لیا گیا ہے، ہسپتالوں میں غریبوں کے مفت علاج معالجے، ٹیسٹ اور دواؤں کی مد میں ضائع ہونے والی رقم بھی بچالی گئی ہے، چینی، آٹا اور گھی جیسی اشیائے خوردونوش کی چیزیں تین چار سو فیصد مہنگی کر کے بہت سا پیسہ کمایا جاچکا ہے، ٹیکس در ٹیکس لگا کر بھی عوام کی جیبوں سے خوب روپیہ نکالا گیا ہے، بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتیں گھڑی کی سوئی کی رفتار سے بڑھ رہی ہیں اور اس صورت میں بھی ملکی خزانہ بھر رہا ہے اور یہی وجہ ہے کہ وزیراعظم صاحب وقتاً فوقتاً اپنے پیارے عوام کو یاد دلاتے رہتے ہیں کہ اس مہینے ریکارڈ ریونیو اکٹھا ہوگیا ہے۔ خواتین کو با اختیار بنانے کا مطلب اپنی زندگی کے فیصلے بغیر کسی جبر کے خود کرنے ہیں۔ سوال لیکن پھر بھی یہی ہے کہ اگر واقعی اتنا پیسہ اکٹھا ہو رہا ہے تو جا کہاں رہا ہے؟ عوام شہباز گل اور باقی صادقوں اور امینوں کے دیے گئے اعداد وشمار پڑھ اور سن کر پہلے نہیں تو اب یہ ضرور سوچتے ہیں کہ یہ کیسے دیانتدار ہیں جو ہم سے سب کچھ چھین کر بھی دیانتدار ہیں اور وہ کیسا کرپٹ تھا جو ملک اور عوام کو اتنا کچھ دے گیا؟ مہنگائی، غربت و افلاس اور بیروزگاری کی چکی میں پستے عوام پھر اس کرپشن کو کیوں یاد نہ کریں اور اس دیانتداری سے پناہ کیوں نہ مانگیں؟

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے عوام پرانے چہروں کے بلند و بانگ دعووں سے بخوبی واقف ہیں انہوں نے کہا کہ آج مختلف سکیموں کے ذریعے لوگوں کے ضمیر خریدنے کی کوشش کی جارہی ہے لیکن اس کے باوجود ناکامی ان کی مقدر ہوگی انہوں نے کہا کہ کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقوں میں تین سال بعد ترقیاتی منصوبوں سٹریٹ لائٹس کی تقسیم اور عوام کے ضمیر خریدنے کی کوشش انتخابات کے قوانین کے خلاف عمل ہے اس پر الیکشن کمیشن کو نوٹس لینا چاہیے انہوں نے کہا کہ تین سال سے مختلف دھوکوں اور جھوٹ کے ذریعے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے بعد اب ایک بار پھر کنٹونمنٹ بورڈ جیسے لیول کے انتخابات کو بھی چوری کرنے سے گریز نہیں کررہے ہیں اس کے خلاف جمعیت علما اسلام بھرپور احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے انہوں نے کہا جمعیت علما اسلام بلاتفریق خدمت انسانیت کیلئے میدان میں اتری ہے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ودکانداران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ امن وامان برقرار رکھنے میں انتظامیہ کے ساتھ عوام کا تعاون انتہائی ضروری ہے انہوں نے کہا کہ امن وامان کی بہتری کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے قانون شکنی کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، ایسے واقعات رونما کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں کی جائے گی ایسے عناصر کے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے اور آخر میں انجمن تاجران کی ہر قسم کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی بھی کرائیں۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خبر رساں ادارے (بی بی سی) سے بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ ہمارے پیارے اس اذیت ناک انجام سے دوچار ہوں گے تو ہم ان کو کبھی بھی نہ جانے دیتے۔ ضلع چاغی کی تحصیل تفتان کے اسسٹنٹ کمشنر محمد حسین نے بتایا کہ تین دن کی مسلسل کوششوں کے بعد دو افراد کی لاشوں کو برآمد کیا گیا جو کہ تین ہفتے سے زیادہ صحرا میں پڑے رہنے کی وجہ سے 65 فیصد تک ڈی کمپوز ہوچکی تھیں۔ دونوں لاشوں کو بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب کوئٹہ میں لواحقین کے حوالے کردیا گیا تھا اور جمعے کی صبح ان کی اپنے اپنے علاقوں میں تدفین ہوئی۔ یہ سات افراد ایک بہتر مستقبل کا خواب لے کر پنجاب سے روانہ ہوئے تھے لیکن ویزے کی حصول میں مشکلات کی وجہ سے انہوں نے ان غیر روایتی راستوں کا انتخاب کیا تھا جہاں سے انسانی سمگلرز لوگوں کو غیر قانونی طور پر لے جاتے ہیں۔ رانا زاہد حسین کا کہنا تھا کہ ان سات افراد میں ان کے چھ رشتہ دار تھے جن میں بھائی سجاد علی، چچازاد بھائی، دو ماموں زاد بھائی، ایک بھانجا اور قریبی رشتہ دار شامل تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ سجاد علی پہلے ہی ایران میں ایک کارخانے میں کام کرتے تھے، اس لیے باقی پانچ رشتہ دار ایک اور شخص کے ساتھ محنت مزدوری کے لیے ان کے ساتھ جانے کے لیے تیار ہوگئے۔ انھوں نے بتایا کہ یہ لوگ تین اگست کو پنجاب سے روانہ ہوئے اور چاغی پہنچنے کے بعد پانچ اگست کو وہاں سے ایران کی جانب روانہ ہوئے تھے۔ رانا زاہد حسین کے بقول ان کے بھائی سجاد کی کوئٹہ کے ایک ایجنٹ سے اس حوالے سے بات ہوئی اور معاملہ گیارہ ہزار روپے فی کس کے حساب سے طے ہوا کہ وہ ایجنٹ انھیں تافتان کے بارڈر سے ایران داخل کروا دے گا۔ انھوں نے کہا کہ ان کی معلومات کے مطابق مجموعی طور پر دس افراد نے ایران جانا تھا اور ایجنٹ سے ایک لاکھ دس ہزار روپے میں معاملات طے پا گئے تھے۔ رانا زاہد کا کہنا تھا کہ ان کا بھائی سجاد اور بھانجا محمد بلال اور ایک اور رشتہ دار محمد خلیق دیگر سات افراد کے ہمراہ پانچ اگست کو کوئٹہ پہنچے جہاں پر ان کی ملاقات ایجنٹ سے ہوئی جو انھیں گاڑی کے ذریعے نوکھنڈی کے راستے تافتان بارڈر کی طرف لے کر گئے۔ راستے میں ان دس افراد نے اس ایجنٹ کو گیارہ ہزار روپے فی کس کے حساب سے ادا کیے تو رانا زاہد کے بقول اس ایجنٹ نے کہا کہ اس کا سودہ تو 35 ہزار روپے فی کس کے حساب سے ہوا تھا۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ سفر سے متعلق رانا زاہد حسین کو یہ تمام معلومات اس واقعے میں زندہ بچ جانے والے افراد نے دی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بحث وتکرار کے بعد اس ایجنٹ نے ایک لاکھ دس ہزار روپے رکھ لیے اور پھر کچھ دور جانے کے بعد ان تمام افراد کو یہ کہہ کر گاڑی سے اتار دیا کہ وہ کچھ دیر کے لیے یہاں رکیں، تو وہ دوسرے لوگوں کو لے کر آتا ہے۔ رانا زاہد جس وقت بی بی سی سے بات کر رہے تھے تو وہ اس وقت اپنے بھائی اور بھانجے کی میتوں کو تافتان بارڈر سے لے کر اپنے آبائی علاقے میں آرہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ایجنٹ کے روپے میں تبدیلی دیکھتے ہوئے ایران جانے والے ان دس افراد نے خطرے کو بھانپ لیا

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آباد کرنا پہلے بھی خطرناک تھا اب بھی خطرناک ہے ۔ حکمران ہوش کا ناخن لے اور امریکہ کے بجائے افغانستان و اسلامی ممالک کو دوست بنائیں امریکی غلامی سے چند بااختیار مفاد پرست تو مستفید تو ہوئے لیکن ملک وملت کو مستقل ناقابل تلافی نقصان پہنچایا جماعت اسلامی مجاہدین کے پشتیبان، ظالموں کے خلاف اور اسلامی نظام کے حامی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر جماعت اسلامی سراج الحق کی اپیل پر ملک بھر میں جمعۃ المبارک کو امریکی فوج کی افغانستان میں پسپائی پر کوئٹہ پریس کلب کے سامنے یوم تشکر و دعا کے سلسلے میں منعقدہ تشکر ریلی و مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے۔ بارڈرز کی بندش اور ائے روز کشیدگی سے دشمن اپنے مزموم مقاصد حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گی جس سے برادر ممالک کو ناقابل تلافی مالی نقصان کا سامنا ہوگا انہوں نے کہا کہ برادر ممالک کو ایک دوسرے کی خودمختیاری اور استحکام کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے احترام کرنا ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ دیرپا دو طرفہ تعلقات قائم کرنے کیلئے تینوں ملکوں کو ایک دوسرے میں مداخلت کرنے کے بجائے ایک اچھے ہمسائے کے حق کو ادا کرنا ہوگا بارڈر پر سفارتی اور دو طرفہ تعلقات بحال کرکے دشمن کے ناپاک اعزاہم خاک میں ملانے کیلئے بارڈر کو تجارت اور امد و رفت کیلئے جلد سے جلد کھولا جائے تاکہ بارڈر سے متصل دونوں اطراف پر عوام سکھ کی زندگی گزار سکے انہوں نے ملکی سرحدات پر دیرپا آمن کی کوششوں پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک مصدقہ حقیقت ہے کہ ہمسائے کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا بلکہ عدم مداخلت اور بھائی چارگی سے انہیں اپنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خان مینگل کی وفات سے بلوچستان و بلوچ قوم پرست سیاست میں ایک بہت بڑی خلا پیدا ہوئی ہے ۔ سردار عطاءاللہ مینگل کی جدوجہد محض بلوچ قوم و بلوچستان کے لئے نہیں تھی بلکہ وہ دنیا بھر کے مظلوم اقوام کی آواز تھے ۔ موصوف کی پوری زندگی کی سیاسی جدوجہد پر اسے سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ اصولی و جمہوری سیاست کی۔ اور جمہوری جدوجہد میں زندگی گزاری۔ وہ آمر کے خلاف ایک توانا آواز تھے. انکی بلوچ قوم وبلوچ دھرتی کی سائل ووسائل کے دفاع و بلوچ قوم کے تشخص و بلوچ قوم کے بقا کی جنگ بڑی بہادی سے لڑتے رہے ۔ انہوں نے کہا کہ سردار عطاءاللہ مینگل نے پوری زندگی مظلوم و پسے ہوئے طبقات کے لئے جدوجہد کی ۔ بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پجار) اس عظیم ہستی کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ اللہ تعالی مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر وجمیل عطا کرے آمین۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایک شاندار اعلی شان پروگرام قرار دیا ہے اور اس شاندار پروگرام کے انعقاد پر بلوچستان فورم آف انوائرمنٹل کے صوبائی صدر ظاہر خان ناصر اور جنرل سیکرٹری شاہ خان اچکزئی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان فورم آف انوائرمنٹل جرنلسٹ صحافیوں کے جائز حقوق کیلئے منظم طریقے سے کام کررہا ہے اس پر اس کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے وہ کم ہوگا ہم بلوچستان فورم آف انوائرمنٹل کی جانب سے بلوچستان بھر کے صحافیوں کی فلاح بہبود اور ان کیلئے انقلابی اقدامات کرنے پر ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تمام صحافتی تنظیموں کو بی ایف یو جے کے پلیٹ فارم سے صحافیوں کے حقوق اور ان کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کرنی چاہیے کیونکہ بلوچستان بھر کے صحافیوں کے جائز حقوق اور دور دراز علاقوں کے صحافیوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے جو کردار پی ایف یو جے ادا کررہا ہے وہ آج تک کسی صحافتی تنظیم نے ادا نہیں کیا اور وہ وقت دور نہیں ہے کہ جب بلوچستان کی صحافی برداری کے تمام مسائل اور حقوق ایک دن ایسی تنظیم کے پلیٹ فارم سے حاصل کر لئے جائیں گے۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ان خیالات کا اظہار انہوں نے خسرہ مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاکٹی پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم فیصل اقبال کھوسہ ڈویژنل آفیسر ای پی آئی ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر زبیر احمد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مدثر حسین ڈاکٹر شہلا ڈاکٹر منظور احمد ابڑو و دیگر موجود تھے ڈویژنل آفیسر ای پی آئی ڈاکٹر زبیر احمد نے خسرہ مہم کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لارہی ہے خسرہ کے مرض سے بچوں کو بچانے کے لیے یہ مہم شروع کی جارہی ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ عوام پر بھی لازم ہے کہ وہ حکومتی اقدامات پر مکمل طور پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور اپنے بچوں کو خسرہ کے مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے انہیں ویکسین لگوائیں خسرہ ایک خطرناک بیماری ہے جسے مادری زبان میں مائی بھی کہا جاتا ہے اس مہلک مرض سے بچوں کو بچانا والدین کی ذمہ داری ہے اور اس وبا کو پھیلنے سے روکنے کے لیے حکومت نے اولین سطح پر اقدامات شروع کردیئے ہیں تاکہ خسرہ کا مرض بے قابو نہ ہوسکے انہوں نے کہا کہ سرد علاقوں سے واپس آنے والے افراد کے بچوں کو بھی خسرہ کے ٹیکے لگائے جائیں تاکہ یہ مرض نصیر آباد میں بھی نہ پھیل سکے۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کوشش کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ رنگ ہم کسی صورت نہیں لیں گے انہوں نے کہا کہ شام کے 5 بج چکے ہیں اور ایکسین اریگیشن کسی کے کہنے پر دفتر سے اپنی کرسی چھوڑ کر چلے گئے ہیں اور ٹینڈر اوپن کرنے کا ٹائم 2 بجے کا دیا گیا تھا انہوں نے کہا کہ ٹینڈر اوپن نہ کرنے کے خلاف عدالت سے رابطہ کریں گے اس موقع پر ٹھیکیدار لیاقت علی پٹھان اور گلاب خان بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ ایکسین اریگیشن نے پٹ فیڈر کینال کو مکمل طور پر تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے ایکسین کی نااہلی کے سبب ٹیل کے زمیندار آج بھی پانی نہ ملنے کے سبب سڑکوں پر ہیں انہوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری اریگیشن بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر نوٹس لیکر کاروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پارٹی کے ضلعی صدر حاجی عبدالمالک کاکڑ۔ جمعیت نظریاتی کے حاجی مسعود اللہ۔ انجمن صدر محمد عارف کاکڑ متحدہ قبائل پیڈریشن کے رہنماء عنایت مہترزئی اور دیگر سیاسی اور قبائلی رہنماؤں نے سانحہ مانگی ڈیم زیارت کی شدید الفاظ میں مزمت کی اور ایف سی کو فوری طور پر ہوٹانے کا مطالبہ کیا انہوں نے کیا کہ حکومت امن وامان قائم کرنے میں مکمل طور سے ناکام ہوچکا ھے بلوچستان کے غیور عوام حکومت کیطرف سے زیارت واقعہ پر خاموشی اور بے حسی پر شدید افسوس کا اظہار کیا بلوچستان میں کچھ عرصہ سے مسلسل حالات خراب کرنے کی سازشیں کی جارہی ھے لیکن اپنے آپ کو منتخب نمائندے کیلانے والے صرف اقتدار کی مزے لوٹ رہے ہیں ایسے المناک واقعات کی فوری تدارک ہو اور عوام سرکاری ملازمین کی حفاظت اولین ترجیح ہونی چاہیے آئے روز کے جنازے اٹھانے سے عوام تنگ آچکے ہیں اگر نواب ایاز خان چیف آف پشتون اور جرگہ کے مطالبات فوری طور تسلیم نہ کئے گئے تو شدید عوامی دباؤ کا سامنا کرنا ہوگا

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کا مسئلہ حل کردیا ہے اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی خاران کے ضلعی صدر میر محمود خان نوشیروانی نے پارٹی کے سینئر رہنما مولوی اللہ داد اور میر چراغ بلوچ و دیگر رہنماؤں اور مقامی لوگوں کے ہمراہ کلی پنڈوکزئی کے بند واٹر سپلائی کے لئے میر عبدالکریم نوشیروانی کی طرف سے فراہم کردہ سرسبیل اور اسٹارٹر سامان کی فراہمی اور مرمت کے بعد کلی کے لئے پانی فراہمی کا افتتاح کیا اس موقع پر سرخاران کلی پنڈوکزئی کے علاقہ معتبرین حاجی منیر احمد پنڈوکزئی۔ محمد ابراہیم پنڈوکزئی۔ مقبول احمد۔ محمد عمر۔ شاہی عبید اللہ۔ عبدالرازق۔ ریاض احمد ودیگر نے کہا کہ ہم سابق وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی کے بے حد مشکور ہیں جھنوں نے ہماری تکلیف کو محسوس کرکے ہمارے بند واٹر سپلائی کیلئے بغیر اقتدار اور فنڈز کے اپنے ذاتی خرچہ پر نئے سرسبیل اور اسٹارٹر میشنری فراہم کرکے پانی کا مسئلہ حل کردیا ہمارا کلی واٹر سپلائی گزشتہ دو ماہ سے مشینری خراب ہونے کے باعث بند پڑا تھا شدید گرمی میں ہمارے پنڈوکزئی کلی کے مکین پانی کے پانی کو ترس رہے تھے مگر ہمارا کسی نے دادرسی نہیں کی جس پر ہم نے خاران کے ہمدرد میر عبدالکریم نوشیروانی کو اپنے بند واٹر سپلائی مسئلہ سے آگاہ کیا جس پر جس پر انہوں نے ہمارے مسئلہ کو حل کرکے پانی فراہمی کو بحال کرایا ہم کلی والے ان کے شکر گزار ہیں

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنماء مولانا عبدالودود پشتونخواہ کے ضلعی سیکرٹری عبیداللہ پانیزی واجد لالا۔ عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر حاجی عبدالباری کاکڑ۔ ڈاکٹر جعفر خان مولوی حافظ نور احمد عظیم کاکڑ کے انجمن تاجران صدر حکیم جمال الدین. ولسی کمیٹی خانوزئی حاجی عظیم ٹھیکدار ولسی کمیٹی بلوزئی آحد خان کاکڑ ولسی کمیٹی رود ملازئی ھاشم تارن قاصد خان کاکڑ ملک حسین اور دیگر سیاسی اور قبائلی رہنماوں نے سانحہ مانگی ڈیم زیارت کی شدید الفاظ میں مزمت کی اور ایف سی کو فوری طور پر ہوٹانے کا مطالبہ کیا انہوں نے کیا کہ حکومت امن وامان قائم کرنے میں مکمل طور سے ناکام ہوچکا ھے بلوچستان کے غیور عوام حکومت کیطرف سے زیارتِ واقعہ پر خاموشی اور بے حسی پر شدید افسوس کا اظہار کیا بلوچستان میں کچھ عرصہ سے مسلسل حالات خراب کرنے کی سازشیں کی جاری ھے لیکن اپنے آپ کو منتخب نمائندے کیلانے والے صرف اقتدار کی مزے لوٹ رہے ہیں ایسے المناک واقعات کی فوری تدارک ہو اور عوام سرکاری ملازمین کی حفاظت اولین ترجیح ہونی چاہیے آئے روز کے جنازے اٹھانے سے عوام تنگ آچکے ہیں اگر نواب ایاز خان چیف آف پشتون اور جرگہ کے مطالبات فوری طور تسلیم نہ کئے گئے تو شدید عوامی دباؤ کا سامنا کرنا ہوگا

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے کہ پولیس خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہے سٹی پولیس شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے اور امن وامان قائم کرنے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے شہریوں اور کاروباری حضرات نے آئی جی بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس جانب توجہ دیں اور امن وامان کی صورت حال کو بہتر بنائیں۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرتے ہوئے کہا ہے کہ کرنل نے جب سے 73 ونگ کا چارج سنبھالا ہے علاقے کے امن و امان تعلیم و دیگر مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے بہترین اقدامات اٹھائے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ 73 ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل عبدالباقی کاکڑ کی ہر وقت اہل علاقے کے ساتھ بھرپور تعاون رہا ہے بارڈر ہو یا دیگر مسائل کرنل نے اس ضمن اچھا کردار ادا کیا ہے انہوں نے امید کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی علاقے کے امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریگا۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لاکپ انچارج اور سنتری سمیت تھانہ میں ڈیوٹی پر معمور دیگر اہلکاروں کو چکمہ دیکر فرار ہوگیا پولیس لاکپ سے قیدی کے فرار ہونے کے بعد پولیس کی دوڑیں لگ گئی پہلے پہل تو معاملے کو چھپانے کی ہر ممکن کوشش کی گئی تاہم حقیقت کھل جانے کے بعد پولیس تھانہ کے ذمہ دار افسران و اہلکار خود کو بری الزمہ قرار دینے کے لیے مختلف کہانیاں گھڑنے لگے اس سے قبل بھی تھانہ کیٹل فارم سے مختلف ادوار میں دو قیدی فرار ہوچکے تھے جن کو بعد ازاں چھاپوں کے دوران گرفتار کرلیا گیا فرار ہونے والے قیدی عبدالغفار ڈنگر کے متعلق قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں کہ پولیس نے ایک بااثر افراد کی مداخلت اور ساتھ بھاری رقم وصولی کے بعد قیدی کو فرار کروایا ہے تاہم محکمہ کے بالا حکام کی جانب سے تاحال کوئی حتمی بیان سامنے نہ آسکا ہے۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی آزادی کی شروعات ہے عالم اسلام کو استعمار اور سامراج سے نجات دلا کر مکمل آزادی سے ہمکنار کیا بیسروسامانی کی حالت میں امت مسلمہ کی دینی غیرت وتشخص کا تحفظ کیا۔ انہوں نے کہا کہ امارت اسلامی افغانستان حریت وآزادی لاکھوں قربانیوں کا ثمر تھا عظیم شہدا کی قربانیوں سے امت مسلمہ کا سر فخر سے بلند کیا امریکہ اور نیٹو کی افغانستان میں شکست آئندہ نسلوں کے لیے عبرت آموز سبق ہوگا ایوبی اور ابدالی کی تاریخ کو دہرا کر اسلام دشمن استعمار کو لوہے کے چنے چبوائے دنیا کی بڑی بڑی طاقتوں کا غرور خاک میں ملا دیا تمام دنیا کی عسکری اور سیاسی قیادت امریکہ کے سامنے سرنڈر ہونے کی باوجود طالبان اسلام کے سربلندی کے لیے لازوال قربانیاں آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں ان کے غیر متزلزل یقین اور مجاہدانہ استقامت وقربانیاں تاریخ کبھی فراموش نہ کرسکے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو قوم اپنے خون سے آزادی کی تحریک کو سینچ رہی ہو اور اپنی آزادی کے لیے قربانیاں اور شہادتیں دے رہی ہو وہ قوم آزادی کی نعمت سے محروم نہیں رہ سکتی انہوں نے کہا کہ قوم پرست اپنے آقاوں کی شکست اور طالبان کی فتوحات پر ماتم ضرور کریں لیکن بے بنیاد الزامات اور پروپیگنڈوں کو چھوڑ دے قوم پرست امریکہ سے مزید امیدیں نہ رکھے افغان ملت اس کو قوم پرست لیڈروں کو پختون نہیں بلکہ افغان ملت کی دلال سمجھتے ہیں قوم پرست نے ہمیشہ زہر اگلنے کی سیاست کی قوم پرست بے بنیاد پروپیگنڈوں سے مقصد اسلام کا عظیم فلسفہ جہاد مٹانا چاہتے ہیں اقتدار اور مفادات کے غلام کفری قوتوں سے وفاداری کی شوفکیٹ لینے کے لیے مسلسل مجاہدین اور جہاد کے خلاف زبان دارزی کررہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ 21 سال قبل عظیم مجاہد ملا محمد عمر مجاہد کی پیشنگوئیاں امریکہ کی شکست کے حوالے سے آج ثابت ہورہے ہیں دنیا نے دیکھ لیا کہ سپر پاور کے دعویدار آج طالبان کے سامنے گھٹنے ٹیک ہوکر شکست تسلیم کرلیا قوم پرستوں کی ماتمی جلسے اور جرگے امریکہ اور کابل کٹھ پتلی حکومت کی شکست کو چھپا نہیں سکتے انہوں نے کہا کہ افغان غیور ملت اپنی سرزمین پر بیس سال سے امارت اسلامیہ کے اسلامی حکومت چاہتی ہے اللہ تعالی نے افغانیوں کی ارمانوں کو پورا کردیا۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اللہ مینگل کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ میر علی حسن زہری نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کو ایک مدبر، اصول پسند اور گہری سیاسی بصیرت رکھنے والے سیاستدان کے طور پر یاد رکھا جائے گا انہوں نے سردار اختر مینگل، بی این پی کے رہنماؤں اور ورکروں سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی سردار عطاء اللہ مینگل کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایک توانا اور طاقت ور آواز ہمشہ بند ہو گیا سردار عطاء اللہ خان مینگل بلوچ قوم کے ایک عظیم رہنما تھے ان کی وفات سے ہر آنکھ اشک بار اور غمزدہ ہے انہوں نے اپنی ساری زندگی بلوچستان اور یہاں آباد محکوم ومظلوم بلوچ قوم کی بہتری، بلوچستان کے ساحل وسائل کی دفاع اور بلوچ عوام کے حقوق کی جہدوجہد جمہوریت کی بقا کے لیے قانون کی بالادستی کے لیے اپنی تمام تر زندگی کو صرف کیا تھا جمہوریت کی بحالی کے لیے سردار عطاء اللہ مینگل طویل جدوجہد ہیں جو رہتی دنیا تک یاد کیا جائے گا

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پیپلز پارٹی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر سابق صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کی قیادت میں عمرانی ہاوس سے احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی میں پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر میر بلال خان عمرانی، شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین حاجی رحمت اللہ بنگلزئی، نیشنل پارٹی کے صدر جاگن خان مغیری، ہجوانی قومی اتحاد کے چیئرمین ذاکر حسین ہجوانی، سٹی صدر محمد رحیم لہڑی، تحصیل صدر سبزل خان رند، خادم علی ڈنڈور، سردار خان مغیری، میر حامد خان گولہ سمیت دیگر بڑی تعداد میں لوگ شریک تھے ریلی کے شرکا ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈ اٹھائے ہوئے مین بازار سے ہوتی ہوئی پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جہاں شدید نعرے بازی کی گئی ریلی کیشرکا سے پیپلز پارٹی کیسابق صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، میر بلال خان عمرانی نیشنل پارٹی کے سی سی ممبر عبدالرسول بلوچ، میر عرض محمد جتک، عبدالرزاق پندرانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اریگیشن اور انتظامیہ کی نااہلی اور غفلت کے سبب آج بلوچستان کا گرین بیلٹ تباہ برباد ہوتا جارہا ہے

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے لئے پولیس نے بچے کو سول ہسپتال لے جاکر نمونے لئے جبکہ اجتماعی زیادتی کے کیس میں پولیس ملزمان کو گرفتار کرنے میں تاحال ناکام ہے دوسری جانب جیکب آباد میں معصوم اوینا ش کو اغوا کے بعد کار میں اجتماعی زیادتی کے واقع کا چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ نے نوٹس لیکر رپورٹ طلب کر لی ہے چیف جسٹس نے ڈی آئی جی لاڑکانہ، ایس ایس پی جیکب آباد اور ایس ایچ او سٹی کو 6 ستمبر کو طلب کرلیا ہے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اسلامی کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ، دعوت اسلامی بے بہا سرمائی اسلام ہے جو پُرفتن دوَر میں لاتعداد مسلمانوں کی ہدایت کا ذریعہ بنی، انہوں نے مزید کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے اس خطرناک دجالی دوَر میں جس تیزی کے ساتھ گمراہی پھیلائی جارہی ہے وہاں قبلہ امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی عالمانہ دور اندیشی اور تنظیمی پائے استقلال کی بدولت دعوت اسلامی نے دنیا بھر میں عشق رسول صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم سے معطر مدنی ماحول مہیا کیا ہوا ہے جس کی خوشبوء سے سینکڑوں غیر مسلم کو اسلام کی لازوال دولت نصیب ہوئی ہے اور لاتعداد مسلمان گمراہی کے دلدل سے نجات پا کر سنت مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم سے آراستہ زندگی گذارنے لگے ہیں .اس تقریب میں ڈویژنل صدر علامہ مجیب الرحمن شامی، علامہ محمد اشرف سہو سمیت ڈویژن کابینہ اور دیگر کارکنان نے بھی شرکت کی جس میں دعوت اسلامی کی 40 سالہ عمدہ کارکردگی کو سراہا گیا اور مزید ترقی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اور اس خوشی کے موقع پر کیک بھی کاٹا گیا

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ثابت ہونے پر ملزم آصف علی بھٹو کو عمر قید کی سزا کے ساتھ پانچ لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کا فیصلا سنادیا۔ دوسری جانب ماڈل کرمنل ٹرائل کورٹ کے جج عبدالوہاب تنیو کی عدالت میں قتل کا گناہ ثابت ہونے پر عدالت نے دو ملزمان ایک الاہی بخش کو پھانسی کی سزا اور دوسرے عبدالحمید کو عمر قید کی سزا کا فیصلا سنادیا۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے باھر آئی ایچ ایس کے برطرف ملازمین کا بحالی کے لئے قرآن پاک اٹھا کر پرامن احتجاج تاحال جاری ہے جبکہ دوسری جانب صوبائی وزیر عذرہ پیچوھو کے آمد کے دوران ڈی ایس پی نوڈیرو کی رہنمائی میں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 25 سے زائد مظاہرین کو گرفتار کرلیا معلومات کے مطابق نوڈیرو بھٹو ھاؤس کے باھر آئی ایچ ایس کے برطرف ملازمین راشد سومرو، شوکت بھٹو، امداد عباسی، ریاض بھرچونڈ، ظہیر میرانی، اظہر میرانی کے رہنمائی میں قرآن پاک اٹھا کر پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اور بحالی کے لیئے نعرے بازی کی محکمہ صحت میں ریگیولر کرنے کا مطالبہ کرتے رہے دوران احتجاج صوبائی وزیر صحت عذرہ پیچوھو نوڈیرو ہاؤس پر پہنچتے ہی نوڈیرو کے ڈی ایس پی غلام مرتضی میرانی نے کاروائی کرتے ہوئے 25 سے زائد مظاہرین کو گرفتار کرکے نوڈیرو تھانہ پر لاکپ کردیا اور نوڈیرو کے صحافیوں کو ڈی ایس پی غلام مرتضی میرانی نے کوریج سے روک دیا اور بدتمیزی بھی کی، اس سلسلے میں نوڈیرو کے صحافیوں نے ایس ایس پی لاڑکانہ عمران قریشی سے نوٹس کا مطالبہ کیا ہے۔ جبکہ آخری اطلاع تک آئی ایچ ایس کے برطرف کئے گئے ملازمین کو آزاد کردیا گیا ہے جو نوڈیرو ھاوس کے باھر احتجاج جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جامعہ حمادیہ میں منعقد ہوا اجلاس کی صدارت درگاہ امروٹ شریف کے سجادہ نشین اور صوبائی نائب امیر مولانا سید سراج احمد شاہ امروٹی نے کی

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فائرنگ کرکے اس کو مارڈالا اور عورت نور جہان کو زخمی کردیا، پولیس الاع ملنے پر مقتول اور زخمی عورت کو شعبہ حادثات منتقل کیا، جہاں پوسٹ مارٹم کے بعد نعش ورثاؤ کے حوالے کردی جبکہ زخمی عورت کو فرسٹ ایڈ فراہم کرکے اس کی حیاتی بچائی۔ دوسری جانب بچل تھانہ کے حدود غلام شاہ کالونی کی کمسن لڑکی 16 سالا ندیہ کلہوڑو پر نامعلوم مسلحہ افراد نے فائرنگ کرکے اس کو زخمی کردیا، جس کو شعبہ حادثات لاڑکانہ منتقل کیا گیا، جہاں اس کو بی امداد فراہم کرکے بچالیا۔ جبکہ کنگا یارو تھانہ کی حدود گاؤں قابل گریو کے سامنے قومی شاہراہ پر بس کی رکشا کو ٹکر لگنے کے باعث دونوجوان راجا اور ریحان موقع پر ہی موت کا شکار ہوگئے جبکہ بس ڈرائیور کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ اور کنگا تھانہ کی حدود میں تیز رفتار موٹر سائیکل سے پانچ بچوں کی ماں کر گرنے سے سخت زخمی ہوگئی جس کو طبی امداد کیلئے شعبہ حادثات منتقل کیا گیا، جہاں زخموں کی تاب برداشت نہ کرتے ہوئے وہ موت کے منہ میں چلی گئیں۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مظاہرین کے چار مطالبات پر عمل درآمد کرنے پر زور پشتونخواہ میپ اور عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے ریلی کا انعقاد چاچا خان چوک ہرنائی سے کیا گیا۔ جس کی قیادت پشتونخواہ میپ کے ضلعی سینئر معاون ملک سلام ترین نے کی۔ جبکہ اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر ولی داد میانی، جنرل سیکرٹری کامران ترین، اور دونوں پارٹیوں کے دیگر سیاسی قائدین بھی موجود تھے۔ ریلی کے شرکا نے کالے جھنڈے اٹھا رکھے تھے۔ اور پورے شہر کا چکر لگایا۔ اور حکومت سے مطالبہ کیا گیا۔ کہ وہ فوری طور پر دھرنے کے چار مطالبات مان لیں۔ جن میں زیارت اور ہرنائی سے ایف سی کا انخلا، ڈی سی زیارت کو فوری طور پر برطرف کرنا، واقعے کی ایف آئی آر میں ڈی سی زیارت کو شامل کرنا اور واقعے کی تحقیقات کے لئے جوڈیشل کیمشن کا قیام شامل ہیں۔ یاد رہے۔ اگست 2021 کی 26 تاریخ کو زیارت کے علاقے مانگی ڈیم کے ایریا میں دہشت گردوں کی جانب سے لیویز گاڑی کے نیچے آئی ای ڈی نصب کیا گیا تھا۔ جس پر لیویز گاڑی جانے کے بعد وہ پھٹ گیا تھا۔ جس میں زیارت لیویز کے تین جوان میجر رسالدار میرزمان کاکڑ، مدثر حسین کاکڑ اور زین اللہ کاکڑ شہید ہوگئے تھے۔ اس واقعے کے خلاف اسی روز خانی کراس پر لاشوں کو رکھ کر دھرنا دیا جو تا حال جاری ہے۔ اور مطالبات تسلیم ہونے تک جاری رہیگا۔ ہم احکام بالا اور انسانی حقوق کے تنظیموں سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں۔

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جمعہ ضلع چمن 11 ستمبر بروز ہفتہ ضلع پشین 12 ستمبر بروز اتوار ضلع قلعہ سیف اللہ 13 ستمبر بروز سوموار ضلع زیارت 14 ستمبر بروز منگل ضلع دکی 16 ستمبر بروز جمعرات ضلع ژوب وشیرانی 17 ستمبر بروز جمعہ ضلع لورالائی 23 ستمبر بروز جمعرات ضلع کوئٹہ کا دورے ہوگا۔۔ تمام اضلاع کیصدر و جنرل سیکرٹریز اپنے شیڈول کے مطابق تیاریاں جاری رکھے

پولیس

ریلوے اسٹیشن	9201490
کینٹ پولیس اسٹیشن	9201087
بجلی روڈ پولیس اسٹیشن	9202042
سٹی پولیس اسٹیشن	9201250
گوالمنڈی پولیس اسٹیشن	1217
پشتون آباد پولیس اسٹیشن	2664040
قائد آباد پولیس اسٹیشن	9202218
انڈسٹریل پولیس اسٹیشن	92111050
پولیس لائن	9201435
کچلاک پولیس اسٹیشن	2890234
سریاب پولیس اسٹیشن	9211080
بروری پولیس اسٹیشن	2853610
نیو سریاب پولیس اسٹیشن	2892033
شالکوٹ پولیس اسٹیشن	2460190
ایمرجنسی سینٹر	15
ایمرجنسی سینٹر (A)	9202555
ایمرجنسی سینٹر (B)	9202777
سول لائن پولیس اسٹیشن	9202730
کرائمز برانچ	9201418
صدر پولیس اسٹیشن	9201435
ٹریفک ایمرجنسی	9201991
سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس اسٹیشن	9211707
سی آئی اے	9202253
ایئرپورٹ پولیس اسٹیشن	2880387

بجلی

مرکزی شکایات سینٹر	18
کوئٹہ سٹی ڈویژن	9202027
ریونیو آفس سریاب	9211341
سب ڈویژن کرانی	2442834
کچلاک سب ڈویژن	2890075
گوالمنڈی سب ڈویژن	2869001
لیاقت بازار شکایات آفس	9201459
بروری سب ڈویژن	2828400
زرغون آفس	2823403
سپرنٹنڈنٹ انجینئر کوئٹہ	9202003

پی آئی اے

انکوائری	117
ایکس چینج	9201993/9202632
ریزرویشن	9201066
ایئرپورٹ انکوائری	114
[illegible]	9203873
ایئرپورٹ ایکسچینج	2880213/6
ٹریفک	2880028

ٹیلیفون

ہیلپ لائن	1236
شکایات	1218
بلنگ ہیلپ لائن	1200

ہسپتال

ایدھی سینٹر	2830861/115
عمر فاؤنڈیشن	2837296
سول ہسپتال ایمبولینس	9202017
سول ہسپتال ایکس چینج	9202017
کرسچن ہسپتال	2842697
وفاقی میڈیکل سینٹر	9211636
ہیلپر آئی ہسپتال	9211087
ریلوے ہسپتال	9211078
لیڈی ڈفرن ہسپتال	2836532
فاطمہ جناح ٹی بی سینیٹوریم	2853618
چلڈرن ہسپتال	2823705/14
مائیکلو شہید ٹرسٹ	2824875/2828383
پاکستان جنرل ہسپتال	2842043/284229
جیلانی ہسپتال	2447183
ایل آر بی ٹی	2850362
شعبہ حادثات سول ہسپتال /ایمرجنسی	137
بی ایم سی	2823618/2830553
فوجی فاؤنڈیشن میڈیکل سینٹر	2664461

فائر بریگیڈ

سٹی فائر بریگیڈ	2841118/920264
سرکلر روڈ	9201066/16
کنٹونمنٹ بورڈ	9201629

واسا شکایات

ایکسین	9211612
سب آفس مالی باغ	9202299
کواری روڈ	9202846
ایوب اسٹیڈیم	9202708

دیگر اہم نمبر

پی ٹی وی سینٹر	9202626
ریڈیو پاکستان	9202393
کوئٹہ پریس کلب	2821731
بلوچستان یونیورسٹی	9202791

☆☆☆☆☆☆☆☆

صحافت شوبز

بار بار پیر یا شیخ صاحب سے متعلق طعنے نہ دیئے جائیں‘فیروز خان کی تنبیہ

میری بے وقوفی تھی جو میں نے اپنی اتنی ذاتی باتیں عوام کیساتھ شیئر کردیں

لاہور (ویب ڈیسک) اداکار فیروز خان نے کہا ہے کہ انہیں بار بار پیر یا شیخ صاحب کے طعنے نہ دیئے جائیں، یہ ان کا ذاتی مسئلہ ہے اور کسی کی روحانیت پر یوں بیانات دینا مذاق کی بات نہیں ہوتی۔ ایک انٹرویو میں اداکار فیروز خان نے کہا کہ میرے شیخ صاحب نے مجھے کبھی منع نہیں کیا کہ شوبز میں کام نہیں کرنا، ایک دن میں اٹھا اور میں نے ماروی سرمد کا بیان دیکھا، وہ اتنا عجیب بیان تھا کہ میرے لئے اس کو پڑھنا بہت دردناک تھا، میں نے سوچا کہ میں کس سائیڈ میں کھڑا رہوں گا، ماروی سرمد یا خلیل الرحمٰن ،تو میں نے سوچا کہ میں انڈسٹری ہی چھوڑ دیتا ہوں، پھر مجھے میرے بڑے بزرگوں نے سمجھایا کہ آپ کو انڈسٹری میں رہتے ہوئے اپنے موقف کو ظاہر کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ مجھے دیکھ رہے ہیں میں انہیں کہنا چاہتا ہوں شیخ کا کوئی مذاق نہیں، یہ مجھے یہ بھی شیخ نے بولا، وہ بھی شیخ نے بولا، میں اس معاملے میں بہت حساس ہوں، میرے ذاتی عقائد میری ذاتی چیز ہیں۔ میں پیر صاحب کی بہت عزت کرتا ہوں اور ان سے متعلق بہت ہی حساس ہوں اس لیے وہ اس حوالے سے کوئی مذاق برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ میری بے وقوفی تھی کہ میں نے اپنی اتنی ذاتی نوعیت کی باتیں عوام میں شیئر کردیں، یہ میرے لیے حساس معاملہ ہے۔ اداکار فیروز خان نے کہا ہے کہ انہیں بار بار پیر یا شیخ صاحب کے طعنے نہ دیئے جائیں، یہ ان کا ذاتی مسئلہ ہے اور کسی کی روحانیت پر یوں بیانات دینا مذاق کی بات نہیں ہوتی۔ ایک انٹرویو میں اداکار فیروز خان نے کہا کہ میرے شیخ صاحب نے مجھے کبھی منع نہیں کیا کہ شوبز میں کام نہیں کرنا، ایک دن میں اٹھا اور میں نے ماروی سرمد کا بیان دیکھا، وہ اتنا عجیب بیان تھا کہ میرے لئے اس کو پڑھنا بہت دردناک تھا، میں نے سوچا کہ میں کس سائیڈ میں کھڑا رہوں گا، ماروی سرمد یا خلیل الرحمٰن ،تو میں نے سوچا کہ میں انڈسٹری ہی چھوڑ دیتا ہوں، پھر مجھے میرے بڑے بزرگوں نے سمجھایا کہ آپ کو انڈسٹری میں رہتے ہوئے اپنے موقف کو ظاہر کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ مجھے دیکھ رہے ہیں میں انہیں کہنا چاہتا ہوں شیخ کا کوئی مذاق نہیں، یہ مجھے یہ بھی شیخ نے بولا، وہ بھی شیخ نے بولا، میں اس معاملے میں بہت حساس ہوں



نوے کی دہائی میں فلم انڈسٹری میں شاہکار فلمیں بن رہی تھیں‘ بابرہ شریف

ہماری فلم انڈسٹری میں ہر شعبے میں باصلاحیت لوگ ہیں ،صرف منصوبہ بندی کا فقدان ہے

لاہور (ویب ڈیسک) ماضی کی نامور اداکارہ بابرہ شریف نے کہا ہے کہ نوے کی دہائی میں فلم انڈسٹری میں شاہکار فلمیں بن رہی تھیں ، اسٹوڈیوز میں اتنا کام ہوتا تھا کہ بیک وقت کئی کئی فلموں کی شوٹنگ چل رہی ہوتی تھی۔ ایک انٹرویو میں بابرہ شریف نے کہا کہ ماضی کی فلمیں آج بھی لوگوں کے ذہنوں میں نقش ہیں اور یقیناً اس وقت بہترین کام ہوا ہوگا تو کئی سال گزرنے کے باوجود لوگ آج بھی اس دور کی فلموں کو یاد رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری فلم انڈسٹری کے ہر شعبے میں باصلاحیت لوگ موجود ہیں اور میری ذاتی رائے کے مطابق صرف منصوبہ بندی کا فقدان ہے، جو لوگ فلم انڈسٹری میں کام کررہے ہیں انہیں رابطے بڑھا کر فلم انڈسٹری کی ترقی کے لئے متفقہ حکمت عملی اپنانی چاہیے ماضی کی نامور اداکارہ بابرہ شریف نے کہا ہے کہ نوے کی دہائی میں فلم انڈسٹری میں شاہکار فلمیں بن رہی تھیں، اسٹوڈیوز میں اتنا کام ہوتا تھا کہ بیک وقت کئی کئی فلموں کی شوٹنگ چل رہی ہوتی تھی۔ ایک انٹرویو میں بابرہ شریف نے کہا کہ ماضی کی فلمیں آج بھی لوگوں کے ذہنوں میں نقش ہیں اور یقیناً اس وقت بہترین کام ہوا ہوگا تو کئی سال گزرنے کے باوجود لوگ آج بھی اس دور کی فلموں کو یاد رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری فلم انڈسٹری کے ہر شعبے میں باصلاحیت لوگ موجود ہیں اور میری ذاتی رائے کے مطابق صرف منصوبہ بندی کا فقدان ہے، جو لوگ فلم انڈسٹری میں کام کررہے ہیں انہیں رابطے بڑھا کر فلم انڈسٹری کی ترقی کے لئے متفقہ حکمت عملی اپنانی چاہیے

وہاب ریاض کی حیدر علی کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی وہاب ریاض کی جانب سے ٹوکیو پیرالمپکس میں تاریخ رقم کرنے والے حیدر علی کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد دی گئی ہے۔ ایک انٹرویو میں وہاب ریاض نے کہا کہ پاکستان کے لیے پہلی مرتبہ پیرالمپکس گولڈ جیتنے پر حیدر علی کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وہاب ریاض نے حیدر علی کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آپ نے شاندار کامیابی حاصل کی ہے، بہت خوب ہیرو۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی وہاب ریاض کی جانب سے ٹوکیو پیرالمپکس میں تاریخ رقم کرنے والے حیدر علی کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد دی گئی ہے۔ ایک انٹرویو میں وہاب ریاض نے کہا کہ پاکستان کے لیے پہلی مرتبہ پیرالمپکس گولڈ جیتنے پر حیدر علی کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وہاب ریاض نے حیدر علی کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آپ نے شاندار کامیابی حاصل کی ہے، بہت خوب ہیرو۔

اداکار عابد علی کی دوسری برسی (کل) منائی جائے گی

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کی ڈرامہ انڈسٹری پر چار دہائیوں تک راج کرنے اور ہر کردار میں سمو جانے کی صلاحیت رکھنے والے سینئر اداکار عابد علی کی دوسری برسی کل (اتوار) کو منائی جائے گی۔ اداکار عابد علی نے 70 سے 90 کی دہائی تک پی ٹی وی کے کئی مقبول ڈراموں میں کام کیا جن میں وارث ،پیاس، دوریاں، دشت، مہندی، دیار دل اور دیگر ڈرامے شامل ہیں۔ پاکستان میں جب نجی ٹیلی وژن نے قدم رکھا تو عابد علی نے ان چینلز پر بھی کئی ڈراموں میں کام کیا اور اس کے علاوہ ہدایتکاری بھی کی۔ عابد علی کی پیدائش کوئٹہ میں ہوئی تھی۔ سکول کے دنوں میں ان کی توجہ تحریر اور مصوری کی طرف رہی تاہم 1969 میں کالج کے دنوں میں انہوں نے ریڈیو پر اپنی کرشماتی آواز کے سحر سے سب کو متاثر کردیا۔ 1973 میں وہ لاہور چلے آئے جہاں پاکستان ٹیلی وژن پر اپنی قسمت آزمانے کی کوشش کی اور بالآخر وہ اس میں کامیاب ہوگئے اور وارث جیسے سپرہٹ ڈرامے میں انہیں کردار بھی ملا

سلمان خان کا فلم میں استعمال شدہ تولیہ تین لاکھ سے زائد میں نیلام

سلمان خان نے یہ تولیہ سال 2004 میں استعمال کیا تھا جو پاکستانی 3 لاکھ 25 ہزار روپے میں نیلام ہوا

ممبئی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ فلم مجھ سے شادی کروگی کے گانے ’’جینے کے ہیں چار دن میں‘‘ سلمان خان نے جو تولیہ استعمال کیا تھا اس کی نیلامی ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سلمان خان کے ذریعہ ایک فلم میں استعمال کیے گئے تولیہ کی نیلامی کی گئی، سلمان خان نے یہ تولیہ سال 2004 میں آئی فلم مجھ سے شادی کروگی میں استعمال کیا تھا۔ کئی سالوں بعد اس تولیہ کو ایک لاکھ 42 ہزار روپے (یعنی 3 لاکھ 25 ہزار پاکستانی روپے) میں نیلام کیا گیا ہے۔



سدھارتھ شکلا کی موت پر سلمان خان بھی افسردہ

یاد رہے کہ سدھارتھ نے بگ باس 13 جیتا تھا اور اس کی میزبانی سلمان خان نے کی تھی

ممبئی (ویب ڈیسک) بھارتی اداکار سدھارتھ شکلا کی موت پر بگ باس کے میزبان اور بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان بھی افسردہ ہیں اور انہیں اس حوالے سے شدید دھچکا لگا ہے۔ سلمان خان نے سدھارتھ کی موت پر کہا کہ ان کی بہت یاد آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سدھارتھ بہت جلدی چلے گئے۔ یاد رہے کہ سدھارتھ نے بگ باس 13 جیتا تھا اور اس کی میزبانی سلمان خان نے کی تھی۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے تعزیتی پیغام میں سلمان خان نے کہا کہ سدھارتھ بہت جلد چلے گئے، ان کے خاندان سے تعزیت کرتے ہوئے سلو بھائی نے کہا کہ ہم سدھارتھ کو بہت مس کریں گے۔ بھارتی اداکار سدھارتھ شکلا کی موت پر بگ باس کے میزبان اور بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان بھی افسردہ ہیں اور انہیں اس حوالے سے شدید دھچکا لگا ہے۔ سلمان خان نے سدھارتھ کی موت پر کہا کہ ان کی بہت یاد آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سدھارتھ بہت جلدی چلے گئے۔ یاد رہے کہ سدھارتھ نے بگ باس 13 جیتا تھا اور اس کی میزبانی سلمان خان نے کی تھی۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے تعزیتی پیغام میں سلمان خان نے کہا کہ سدھارتھ بہت جلد چلے گئے، ان کے خاندان سے تعزیت کرتے ہوئے سلو بھائی نے کہا کہ ہم سدھارتھ کو بہت مس کریں گے۔

عاصم اظہر کو میوزک انڈسٹری میں 8 سال مکمل ہو گئے

گلوکار نے انسٹاگرام پر میوزک انڈسٹری میں یادگار لمحات کی جھلکیوں پر مشتمل ویڈیو کلپ شیئر کی

لاہور (ویب ڈیسک) گلوکار عاصم اظہر کے میوزک کی دنیا میں کامیاب سفر کے 8 سال مکمل ہوگئے ۔ عاصم اظہر نے انسٹاگرام پر میوزک انڈسٹری میں اپنے 8 سالہ سفر سے یادگار لمحات کی جھلکیوں پر مشتمل ایک ویڈیو کلپ شیئر کیا ہے۔ انہوں نے یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ انہیں یقین نہیں آرہا کے آٹھ سال مکمل ہوگئے ہیں، ایسا لگتا ہے جیسے کل کی بات ہو ۔ انہوں نے مزید لکھا کہ وقت کتنی تیزی سے گزرا اور ان 8 سالوں میں انہیں جو پیار ملا یہ بیان کرنے کے لیے ان کے پاس الفاظ نہیں ۔ عاصم اظہر نے اپنے مداحوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے وعدہ کیا کہ جب تک لوگ انہیں پسند کریں گے اسی طرح انہیں محظوظ کرتے رہیں گے۔ گلوکار عاصم اظہر کے میوزک کی دنیا میں کامیاب سفر کے 8 سال مکمل ہوگئے ۔ عاصم اظہر نے انسٹاگرام پر میوزک انڈسٹری میں اپنے 8 سالہ سفر سے یادگار لمحات کی جھلکیوں پر مشتمل ایک ویڈیو کلپ شیئر کیا ہے۔ انہوں نے یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ انہیں یقین نہیں آرہا کے آٹھ سال مکمل ہوگئے ہیں، ایسا لگتا ہے جیسے کل کی بات ہو

ثانیہ مرزا کو یو ایس اوپن کے ویمنز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں شکست

نئی دہلی (ویب ڈیسک) بھارتی ٹینس کھلاڑی ثانیہ مرزا کو یو ایس اوپن کے ویمنز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ثانیہ مرزا اور ان کی ساتھی کو یو ایس اوپن کے ویمنز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں کورالوکا اولارو اور نادیہ کچھوک کی جوڑی نے شکست سے دو چار کیا ہے۔ بھارتی ٹینس کھلاڑی ثانیہ مرزا کو یو ایس اوپن کے ویمنز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ثانیہ مرزا اور ان کی ساتھی کو یو ایس اوپن کے ویمنز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں کورالوکا اولارو اور نادیہ کچھوک کی جوڑی نے شکست سے دوچار کیا ہے۔ بھارتی ٹینس کھلاڑی ثانیہ مرزا کو یو ایس اوپن کے ویمنز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ثانیہ مرزا اور ان کی ساتھی کو یو ایس اوپن کے ویمنز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں کورالوکا اولارو اور نادیہ کچھوک کی جوڑی نے شکست سے دوچار کیا ہے۔ بھارتی ٹینس کھلاڑی ثانیہ مرزا کو یو ایس اوپن کے ویمنز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ثانیہ مرزا اور ان کی ساتھی کو یو ایس اوپن کے ویمنز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں کورالوکا اولارو اور نادیہ کچھوک کی جوڑی نے شکست سے دوچار کیا ہے۔

مہک نور پشتو فلم ’’سردار‘‘ میں اپنے حصے کا کام مکمل کرانے کے بعد لاہور واپس پہنچ گئیں

لاہور (ویب ڈیسک) اداکارہ مہک نور پشتو فلم ’’سردار‘‘ میں اپنے حصے کا کام مکمل کرانے کے بعد لاہور واپس پہنچ گئیں ،آج سے گوجرانوالہ کے پنجاب تھیٹر میں شروع ہونے والے نئے اسٹیج ڈرامہ ’’جوگی‘‘ میں پرفارم کریں گی۔ مہک نور چند روز سے پشاور اور شمالی علاقہ جات میں اپنی زیر تکمیل پشتو فلم ’’سردار‘‘ کی شوٹنگ میں مصروف رہیں۔ فلم میں جہانگیر خان جانی، ارباز خان، دیدار ملتانی سمیت دیگر اداکار شامل ہیں۔ اداکارہ مہک نور پہلے سپیل میں اپنے حصے کا کام مکمل کرانے کے بعد واپس لاہور پہنچ گئی ہیں اور وہ آج سے گوجرانوالہ کے پنجاب شروع ہونے والے اسٹیج ڈرامہ ’’ جوگی ‘‘ میں پرفارمنس دیں گی۔

امریکی سفارتخانے کی حیدر علی کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد میں امریکی سفارتخانے نے پاکستانی پیرا ایتھلیٹ حیدر علی کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ امریکی سفارتخانے کی جانب سے ٹوئٹر پر جاری بیان میں کہا گیا کہ حیدر علی کو پاکستان کی جانب سے پہلا پیرالمپکس گولڈ جیتنے پر مبارکباد دیتے ہیں۔ سفارتخانے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ حیدر علی تاریخ رقم کرنے کے عادی ہوچکے ہیں، حیدر علی نے 2008 میں بھی سلور میڈل جیت کر تاریخ رقم کی تھی

حیدر علی نے بڑی کامیابی سمیٹی، شاباش ہیرو، حسن علی

اپنے اس پیدائشی نقص کے باوجود بھی وہ پاکستان نام عالمی سطح پر روشن کرتے دکھائی دیتے ہیں

لاہور (ویب ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر حسن علی نے ٹوکیو پیرالمپکس میں پاکستان کیلئے پہلا گولڈ میڈل جیتنے پر حیدر علی کو شاباشی دے دی۔ حسن علی نے حیدر علی کیلئے سوشل میڈیا پر ایک پیغام جاری کیا اور حیدر علی کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد دی۔ حسن علی نے حیدر علی کو ہیرو قرار دیتے ہوئے کہا کہ آپ نے پاکستان کیلئے بہت بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ حسن علی نے کہا کہ حیدر علی نے عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا ہے، شاباش ہیرو۔ واضح رہے کہ پاکستان کے حیدر علی نے ٹوکیو پیرالمپکس میں تاریخ رقم کردی اور پاکستان کیلئے پیرالمپکس میں گولڈ میڈل جیتنے والے پہلے پاکستانی بننے کا اعزاز اپنے نام کرلیا۔ حیدر علی نے ٹوکیو پیرالمپکس میں مردوں کے ڈسکس تھرو مقابلے میں شرکت کی، حیدر علی نے پانچویں باری میں 55 اعشاریہ 26 میٹر کی کامیاب تھرو کی۔ حیدر علی کا تعلق گوجرانوالہ سے ہے، حیدر علی کی دائیں ٹانگ پیدائشی طور پر بائیں ٹانگ سے دو انچ پتلی اور ایک انچ چھوٹی ہے، اپنے اس پیدائشی نقص کے باوجود بھی وہ پاکستان نام عالمی سطح پر روشن کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر حسن علی نے ٹوکیو پیرالمپکس میں پاکستان کیلئے پہلا گولڈ میڈل جیتنے پر حیدر علی کو شاباشی دے دی۔

2022ء میری شادی کا سال ہوگا‘ سویرا شیخ

بعض اوقات انسان جو تدبیریں کرتا ہے وہ پوری نہیں ہوتیں‘خصوصی گفتگو

لاہور (ویب ڈیسک) نامور اداکارہ و ماڈل سویرا شیخ نے کہا ہے کہ 2022ء میری شادی کا سال ہوگا،بعض اوقات انسان اپنی سوچ کے مطابق جو تدبیریں کرتا ہے وہ پوری نہیں ہوتیں اور ہوتا وہی ہے جو خدا کی ذات کو منظور ہوتا ہے۔ انگلینڈ سے ’’ویب ڈیسک‘‘ سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سویرا شیخ نے کہا کہ کورونا وباء کی وجہ سے ہر شعبہ زندگی پر اثرات مرتب ہوئے ہیں ۔ لوگوں نے اپنے آنے والے سالوں کے شیڈول مرتب کئے ہوئے تھے وہ سب دھرے کے دھرے رہ گئے اور میری شادی بھی تاخیر کا شکار ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ میں کچھ عرصے کے لئے انگلینڈ آ گئی تاہم اب واپس آنے کے بعد 2022ء کو اپنا گھر بسالوں گی ۔ سویرا شیخ پاکستان سمیت مختلف ممالک کے کمرشلز میں ماڈلنگ بھی کر چکی ہیں۔ نامور اداکارہ و ماڈل سویرا شیخ نے کہا ہے کہ 2022ء میری شادی کا سال ہوگا،بعض اوقات انسان اپنی سوچ کے مطابق جو تدبیریں کرتا ہے وہ پوری نہیں ہوتیں اور ہوتا وہی ہے جو خدا کی ذات کو منظور ہوتا ہے۔

نامور گلوکار حبیب ولی محمد کو مداحوں سے بچھڑے 7 برس بیت گئے

دھیمے سروں کے ساتھ حبیب ولی محمد کی مدھر آواز آج بھی گنگناتی محسوس ہوتی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) نامور گلوکار حبیب ولی محمد کو مداحوں سے بچھڑے 7 برس بیت گئے، دھیمے سروں کے ساتھ ان کی مدھر آواز آج بھی گنگناتی محسوس ہوتی ہے۔ حبیب ولی محمد 16 جنوری سن 1921ء کو رنگون میں پیدا ہوئے پھر ان کا خاندان ممبئی منتقل ہوگیا۔ اس گھرانے نے کاروباری دنیا میں نام کمایا۔ حبیب ولی محمد نے کالج سے ہی گلوکاری کی ابتدا کردی تھی، پاکستان بننے کے بعد حبیب ولی محمد نے اپنے خاندان کے ہمراہ کراچی میں سکونت اختیار کی۔ انہوں نے امریکا سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی، حبیب ولی محمد نے کئی ملی نغمے گائے جبکہ ٹیلی وژن اور فلم کے لیے گائے گیتوں کو بھی بے پناہ شہرت ملی، ان کی ا?واز میں گائی ہوئی غزلوں نے کئی پاکستانی فلموں کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔ شہرہ آفاق گلوکار حبیب ولی محمد 3 ستمبر سن 2014ء کو امریکا کے اسپتال میں خالق حقیقی سے جا ملے۔

صحافت سپورٹس

SPORTS

رونالڈو نے زیادہ انٹرنیشنل گولز کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا

عالمی ریکارڈ اپنے نام کرنے اور ٹیم کو فتح دلانے پر بہت خوش ہوں، رونالڈو

باسیل (ویب ڈیسک) کرسٹیانو رونالڈو نے زیادہ انٹرنیشنل گولز کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ آئرلینڈ کے خلاف دوستانہ میچ میں پہلے گول سے رونالڈو کے مجموعی گولز کی تعداد 110 ہوگئی، اس طرح انھوں نے ایران کے سابق اسٹرائیکر علی دائی کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اسی مقابلے میں ایک بار اور گیند کو جال میں پہنچا کر رونالڈو نے اپنے مجموعی گولز کی تعداد 111 تک پہنچا دی، انھوں نے یہ کارنامہ اپنے کیریئر کے 180 ویں میچ میں انجام دیا۔ رونالڈو کا کہنا ہے کہ عالمی ریکارڈ اپنے نام کرنے اور ٹیم کو فتح دلانے پر بہت خوش ہوں۔ کرسٹیانو رونالڈو نے زیادہ انٹرنیشنل گولز کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ آئرلینڈ کے خلاف دوستانہ میچ میں پہلے گول سے رونالڈو کے مجموعی گولز کی تعداد 110 ہوگئی، اس طرح انھوں نے ایران کے سابق اسٹرائیکر علی دائی کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اسی مقابلے میں ایک بار اور گیند کو جال میں پہنچا کر رونالڈو نے اپنے مجموعی گولز کی تعداد 111 تک پہنچا دی، انھوں نے یہ کارنامہ اپنے کیریئر کے 180 ویں میچ میں انجام دیا۔ رونالڈو کا کہنا ہے کہ عالمی ریکارڈ اپنے نام کرنے اور ٹیم کو فتح دلانے پر بہت خوش ہوں۔ کرسٹیانو رونالڈو نے زیادہ انٹرنیشنل گولز کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ آئرلینڈ کے خلاف دوستانہ میچ میں پہلے گول سے رونالڈو کے مجموعی گولز کی تعداد 110 ہوگئی، اس طرح انھوں نے ایران کے سابق اسٹرائیکر علی دائی کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اسی مقابلے میں ایک بار اور گیند کو جال میں پہنچا کر رونالڈو نے اپنے مجموعی گولز کی تعداد 111 تک پہنچا دی، انھوں نے یہ کارنامہ اپنے کیریئر کے 180 ویں میچ میں انجام دیا۔ رونالڈو کا کہنا ہے کہ عالمی ریکارڈ اپنے نام کرنے اور ٹیم کو فتح دلانے پر بہت خوش ہوں۔ کرسٹیانو رونالڈو نے زیادہ انٹرنیشنل گولز کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ آئرلینڈ کے خلاف دوستانہ میچ میں پہلے گول سے رونالڈو کے مجموعی گولز کی تعداد 110 ہوگئی، اس طرح انھوں نے ایران کے سابق اسٹرائیکر علی دائی کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اسی مقابلے میں ایک بار اور گیند کو جال میں پہنچا کر رونالڈو نے اپنے مجموعی گولز کی تعداد 111 تک پہنچا دی، انھوں نے یہ کارنامہ اپنے کیریئر کے 180 ویں میچ میں انجام دیا۔

ٹوکیو پیرالمپکس، حیدر علی نے پاکستان کیلئے طلائی تمغہ جیت کر تاریخ رقم کردی

حیدر علی نے چھ میں سے تیسری باری میں 47.84 میٹر کی تھرو کی، پانچویں باری میں 55.26 کی تھرو کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا

ٹوکیو (ویب ڈیسک) ٹوکیو پیرالمپکس میں مردوں کے ڈسکس تھرو مقابلے میں حیدر علی نے پاکستان کے لیے پہلا طلائی تمغہ جیت کر تاریخ رقم کر دی۔ حیدر علی نے چھ میں سے تیسری باری میں 47.84 میٹر کی تھرو کی جبکہ پانچویں باری میں 55.26 کی تھرو کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا، یہ ان کی اب تک کی سب سے بڑی تھرو ہے۔ مقابلے میں یوکرین کے مائیکولا زابنیاک نے 52.43 میٹر کی تھرو کے ساتھ چاندی جبکہ برازیل کے وکٹر ٹیکزیرا ڈی سوزا نے 51.86 میٹر کی تھرو کے ساتھ کانسی کا تمغہ جیتا۔ حیدر علی ٹوکیو پیرالمپکس میں گولڈ میڈل جیتنے والے پہلے پاکستانی ہیں۔ انہوں نے اس سے قبل بھی پاکستان کے لیے دو پیرالمپکس میڈل جیت رکھے ہیں۔ حیدر علی نے لانگ جمپ مقابلوں میں 2008 میں چاندی اور 2016 میں کانسی کا تمغہ جیتا تھا۔ وہ میڈل کی دوڑ میں پاکستان کی آخری امید تھے کیونکہ دوسری پاکستانی ایتھلیٹ انیلا عزت بیگ نااہل قرار دے دی گئی تھیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر حیدر علی کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں آپ پر فخر ہے۔

خیبر پختونخوا خواتین مارشل آرٹ تین روزہ ٹریننگ کیمپ کا آغاز

پشاور (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا خواتین مارشل آرٹ ٹریننگ کیمپ وادی ناران کے پرفضاء مقام بٹہ اکنڈی میں شروع ہوگئی ، جس میں صوبہ بھر سے کراٹے اور جوجتسو کے خواتین کھلاڑی شریک ہیں، کیمپ کا افتتاح ایڈمن آفیسر حیات آباد سپورٹس کمپلیکس کراٹے کوچ شاہ فیصل نے کیا ان کے ہمراہ صوبائی جوجتسو ایسوسی ایشن کے سیکرٹری تحسین اللہ، ڈائریکٹریٹ آف سپورٹس فمیل کوچ نازیہ چکنی سمیت دیگر اہم شخصیات موجود تھیں ، ڈائریکٹریٹ آف یوتھ آفیئرز خیبرپختونخوا کے تعاون، خیبرپختونخوا کراٹے ایسوسی ایشن اور خیبرپختونخوا جوجتسو ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام خیبرپختونخوا خواتین مارشل آرٹ ٹریننگ کیمپ یوتھ ہاسٹل بٹہ کنڈی ناران میں شروع ہوگئی کیمپ تین دن تک جاری رہیگی جس میں خیبرپختونخوا کے مختلف اضلاع سے خواتین کھلاڑی شریک ہیں ، ٹریننگ کیمپ پاکستان کی نیشنل جوجتسو گولڈ میڈلسٹ عروہ آفریدی کے زیر اہتمام جاری ہے ان کے ہمراہ کراٹے کوچ کامران علی شامل ہیں

پشاور فٹ بال لیگ میں 5 میچوں کا فیصلہ ہوگیا

پشاور (ویب ڈیسک) طہماس خان فٹ بال سٹیڈیم میں جاری چوتھی پشاور فٹ بال لیگ میں 5 میچوں کا فیصلہ ہوگیا۔ یوتھ گلیم ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام پشاور فٹبال لیگ کے پہلے میچ میں ورسک نے افغان ٹی وی پشتون کو ایک صفر سے ہرایا۔ میچ کا واحد گول 19 ویں منٹ میں وہاب نے کیا۔ دوسرے میچ میں واریئر نے ڈی سی صوابی ٹیم کو 2 کے مقابلے میں 6 گول سے ہرایا۔ واریئر کی جانب سے شاہ فیصل نے تین، سہیل نے دو اور حمزہ نے ایک گول کیا۔ ڈی سی صوابی کی جانب سے عمران اور وسیم نے گول کئے۔

عالمی 20 ورلڈ کپ میں پاکستان کو ٹاپ فور میں دیکھ رہا ہوں، فواد عالم

جس طرح سے ہم نے جنوبی افریقہ کو ہوم سیریز میں شکست دی، کوشش ہوگی کہ آسٹریلیا کو بھی مات دیں، خطاب

کراچی (ویب ڈیسک) قومی ٹیم کے مایہ ناز بلے باز فواد عالم نے ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاکستانی ٹیم سے بہتر کارکردگی کی امید ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی ایونٹ میں پاکستانی ٹیم کو ٹاپ فور میں دیکھ رہا ہوں اور وہ ورلڈ کپ جیت بھی سکتی ہے۔ ایک انٹرویو میں فواد عالم نے کہا کہ میری کوشش یہ ہے کہ پاکستان کے لیے بہتر سے بہتر کارکردگی دکھاتے ہوئے اپنی ٹیم کو فتح دلاؤں۔ انہوں نے کہا کہ ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلا ٹیسٹ بھی ہم بہت قریب آکر ہارے تھے تو کوشش یہی تھی کہ سیریز جیت نہیں سکتے لیکن ڈرا کر سکتے ہیں اور ڈرا کر کے بھی اگلی سیریز کے لیے حوصلے بلند ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ویسٹ انڈیز کے خلاف ان کے ہی ملک میں کھیلنا آسان نہیں ہوتا، باؤلنگ اور بیٹنگ دونوں اچھی ہیں اور کنڈیشنز بھی ان کے لیے سازگار تھیں لیکن مجموعی طور پر ٹیم کی کارکردگی بہت اچھی رہی اور خوشی ہے کہ ٹیم کی جیت میں میرا بھی کردار رہا۔ پہلے ٹیسٹ میچ میں آخری لمحات میں شکست کے حوالے سے بائیں ہاتھ کے بلے باز نے کہا کہ اتنی محنت کے بعد میچ ہارنے پر بہت دکھ ہوتا ہے کیونکہ اگلے ٹیسٹ میچ کے آغاز تک انتظار انتہائی صبر آزما ہوتا ہے۔ گزرے سالوں میں پرفارمنس کے باوجود مواقع ملنے کے ذکر پر فواد نے کہا کہ جو نصیب میں نہیں ہے وہ مل نہیں سکتا، اللہ تعالیٰ نے فرسٹ کلاس میں بہت ریکارڈز میرے نام کرائے، کوئی چیز ضائع نہیں ہوتی بلکہ ہر چیز کا ایک وقت ہوتا ہے اور وہ چیز آپ کو اسی وقت پر ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ میرے سال ضائع ہوئے، ان 10 سالوں میں جو ریکارڈز بنائے اس کے نتیجے میں بڑے بڑے کھلاڑیوں کے ساتھ میرا نام جڑا جو کسی بھی کھلاڑی کا خواب ہوتا ہے۔

وزیر اعظم آفس کی حیدر علی کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم آفس نے ٹوکیو پیرالمپکس کے مقابلے میں پاکستان کیلئے پہلا گولڈ میڈل حاصل کرنے والے حیدر علی کو فخر پاکستان قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا سائٹ ٹوئٹر پر وزیر اعظم آفس کے تصدیق شدہ ٹوئٹر اکاؤنٹ پر حیدر علی کے لیے ایک پیغام شیئر کیا گیا ہے۔ پیغام میں کہا گیا کہ پیرالمپکس میں پاکستان کیلئے پہلا گولڈ میڈل حاصل کرنے پر آپ کو بہت مبارک ہو۔ ٹوئٹ میں بتایا گیا کہ مردوں کے ڈسکس تھرو مقابلے میں حیدر علی نے پانچویں باری میں 55 اعشاریہ 26 میٹر کی کامیاب تھرو کی

پاکستان سٹوڈنٹ اولمپک ایسوسی ایشن کا یوم دفاع کے موقع پر 6 ستمبر کو کھیلوں کے مقابلے منعقد کروانے کا اعلان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان سٹوڈنٹ اولمپک ایسوسی ایشن نے یوم دفاع کے موقع پر 6 ستمبر کو کھیلوں کے مقابلے منعقد کروانے کا اعلان کردیا ہے، گذشتہ روز پاکستان سٹوڈنٹ اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ ان مقابلوں کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور پاکستان سٹوڈنٹ اولمپک ایسوسی ایشن نے تمام متعلقہ ایسوسی ایشنز کو ایونٹ منعقد کروانے کی ہدایات جاری کردی ہیں

پیرالمپک گیمز میں پاکستان کی تاریخ کا پہلا گولڈ میڈل

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان میں کھیل کے شعبہ میں کامیابی کی نئی تاریخ رقم کرتے ہوئے واپڈا کے ایتھلیٹ حیدر علی نے ٹوکیو پیرالمپک گیمز میں ڈسکس تھرو میں گولڈ میڈل جیت لیا۔ انہوں نے یہ گولڈ میڈل 55 اعشاریہ 26 میٹر کے فاصلے پر ڈسکس پھینک کر جیتا۔ یہ پاکستان میں کھیلوں کی تاریخ میں کسی بھی پیرالمپک گیمز میں پہلا گولڈ میڈل ہے

ویرات کوہلی نے سچن ٹنڈولکر کا تیز ترین 23 ہزار رنز کا ریکارڈ توڑ دیا

سابق بیٹنگ اسٹار سچن ٹنڈولکر نے 522 اننگز میں 23 ہزار انٹرنیشنل رنز مکمل کیے تھے

لندن (ویب ڈیسک) بھارتی کپتان ویرات کوہلی نے سچن ٹنڈولکر کا تیز ترین 23 ہزار رنز کا ریکارڈ توڑ دیا۔ انگلینڈ سے اوول ٹیسٹ کے پہلے روز ویرات کوہلی نے انٹرنیشنل کرکٹ میں 23 ہزار رنز کا سنگ میل عبور کرلیا، انھوں نے 490 اننگز میں یہ اعزاز حاصل کیا، سابق بیٹنگ اسٹار سچن ٹنڈولکر نے 522 اننگز میں 23 ہزار انٹرنیشنل رنز مکمل کیے تھے۔ ویرات کوہلی اس سنگ میل پر پہنچنے والے دنیا کے ساتویں کرکٹر ہیں بھارتی کپتان ویرات کوہلی نے سچن ٹنڈولکر کا تیز ترین 23 ہزار رنز کا ریکارڈ توڑ دیا۔ انگلینڈ سے اوول ٹیسٹ کے پہلے روز ویرات کوہلی نے انٹرنیشنل کرکٹ میں 23 ہزار رنز کا سنگ میل عبور کرلیا، انھوں نے 490 اننگز میں یہ اعزاز حاصل کیا، سابق بیٹنگ اسٹار سچن ٹنڈولکر نے 522 اننگز میں 23 ہزار انٹرنیشنل رنز مکمل کیے تھے۔ ویرات کوہلی اس سنگ میل پر پہنچنے والے دنیا کے ساتویں کرکٹر ہیں بھارتی کپتان ویرات کوہلی نے سچن ٹنڈولکر کا تیز ترین 23 ہزار رنز کا ریکارڈ توڑ دیا۔ انگلینڈ سے اوول ٹیسٹ کے پہلے روز ویرات کوہلی نے انٹرنیشنل کرکٹ میں 23 ہزار رنز کا سنگ میل عبور کرلیا، انھوں نے 490 اننگز میں یہ اعزاز حاصل کیا، سابق بیٹنگ اسٹار سچن ٹنڈولکر نے 522 اننگز میں 23 ہزار انٹرنیشنل رنز مکمل کیے تھے

بند کمروں میں بننے والی نئی مجوزہ سپورٹس پالیسی جلد بازی میں منظور کرنے کی بجائے فریقین سے مشاورت کی جائے

ملک کے نامور اولمپینز، سپورٹس آرگنائزرز، جرنلسٹوں، کوچز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی وزیر اعظم عمران خان سے درخواست

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ملک کے نامور اولمپینز، سپورٹس آرگنائزرز، جرنلسٹوں، کوچز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے وزیر اعظم عمران خان سے درخواست کی ہے کہ وہ بند کمروں میں بننے والی نئی مجوزہ سپورٹس پالیسی جلد بازی میں منظور کرنے کی بجائے پالیسی پر تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کے بعد منظور کی جائے ، کھیلوں کی وزارت کو ایک الگ وزارت بنانے سمیت ملک میں کھیلوں کی ترقی کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے جائے، کھیلوں سے سیاسی مداخلت کا مکمل خاتمہ ہونے سمیت کھلاڑیوں کیلئے بھیک مانگنے کا نظام ختم ہونا چاہیے، پاکستان سپورٹس بورڈ اور اولمپک ایسوسی ایشن کے درمیان جاری تنازعہ کا نقصان ملکی سپورٹس کو ہوگا۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ کی جانب سے تیاری کی جانیوالی نئی مجوزہ سپورٹس پالیسی پر سپورٹس سے وابستہ اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز اور سفارشات لینے کیلئے راولپنڈی اسلام آباد سپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن (رسجا) کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد کیا گیا

خیبر پختونخوا ہاکی لیگ کیلئے ٹرائلز شیڈول اور سلیکشن کمیٹی کا اعلان

ٹرائلز 9 ستمبر سے 16 ستمبر تک تمام ریجنل ہیڈکوارٹرز میں منعقد ہونگے ، سید ظاہر شاہ صدر کے پی ہاکی ایسوسی ایشن

پشاور (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا ہاکی ایسوسی ایشن ، پاکستان ہاکی فیڈریشن اور ڈائریکٹریٹ آف سپورٹس خیبر پختونخوا کیباہمی اشتراک سے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار قومی سطح پر منعقدہ ہونیوالی خیبر پختونخوا ہاکی لیگ کیلئے صوبائی ہاکی ایسوسی ایشن نے سلیکشن کمیٹی اور ٹرائلز کا اعلان کردیا اس سلسلے میں صوبائی ہاکی ایسوسی ایشن کے صدر سید ظاہر شاہ سیکرٹری ہدایت اللہ نے میڈیا سنٹر پشاور میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ 30 ستمبر سے شروع ہونے والی خیبر پختونخوا ہاکی لیگ کو بھرپور کامیابی سے ہمکنار کرنے اور تمام ہاکی کھلاڑیوں کو لیگ میں بھرپور موقع دینے کے لیے اوپن ہاکی ٹرائلز کرائے جارہے ہیں ٹرائلز کمیٹی کے چیئرمین اولمپین رحیم خان ہونگے

تلاش گمشدگی

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54400-9466145-9 بنام ثناء محمد کھیتران ولد فیض محمد کھیتران اور اس کیساتھ کیساتھ میرا پولیس سروس کارڈ، ڈرائیونگ لائسنس، اور پرس بمعہ پیسوں کے لیاقت بازار کے قریب کہیں گم ہوگئے ہیں جس کسی کو ملے اس نمبر 03118377322 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان کے تمام ڈویژن ہیڈ کوارٹرز سمیت مجموعی طور پر 9 پی آر سی لیب کی منظوری دی جاچکی ہے پنجگور اور تربت میں یہ لیب فعال کردی گئی ہیں جبکہ دیگر ڈویژن میں ٹیسٹنگ ریجنٹس اور کٹس کی خریداری کے لئے محکمہ خزانہ سے فنڈز کا اجرا ہوچکا ہے جس کے بعد بہت جلد دیگر تجویز کردہ مقامات پر بھی پی آر سی فعال کردی جائیں گی بلوچستان کے تمام ڈویژن ہیڈ کوارٹرز میں ان جدید لیبارٹریز کے قیام سے عوام کو مقامی سطح پر ہی کوویڈ، ہیپاٹائٹس، ٹی بی اور مختلف انفیکشن ڈیزیز سمیت متعدد پیچیدہ امراض کی تشخیصی کی طبی سہولیات میسر آسکیں گی پبلک ہیلتھ لیبارٹریز کے نیشنل کوآرڈینیٹر کرنل ڈاکٹر امجد نے پارلیمانی سیکرٹری صحت کو بتایا کہ دوروزہ انسپیکشن کے دوران بلوچستان میں ٹیسٹنگ سے متعلق اقدامات اور امور کا تفصیلی سے جائزہ لیا گیا ہے اس دوران لیب انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم کی بہتری سے متعلق ہدایات جاری کی گئی ہیں کرنل ڈاکٹر امجد نے بلوچستان میں ہیلتھ ریفارمز کو سراہتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے ویژن اور پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کی پروفیشلزم پر مبنی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ سے قریبی رابطہ کاری اور تعاون کو سراہا انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ محکمہ صحت بلوچستان اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ باہمی مشاورت سے طبی سروسز کی بہتری کے لیے اقدامات کا تسلسل جاری رکھیں گے دریں اثنا پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے جمعہ کو یہاں بلوچستان فزیو تھیراپسٹ ایسوسی ایشن کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان کے سرکاری اسپتالوں میں فزیو تھیراپی او پی ڈیز وکلینکس کے قیام سے متعلق تجاویز اور پریزنٹیشن پیش کی، وفد سے بات چیت کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ طبی لحاظ سے فزیوتھیراپی نہایت اہمیت کی حامل ہے اور یہ عمل علاج کے دوران اور بعد از علاج تسلسل کے ساتھ ضروری ہے پاکستان سمیت دنیا بھر میں کوویڈ کی عالمی وبا کے دوران فزیو تھیراپی کی اہمیت غیر معمولی طور پر سامنے آئی تاہم پاکستان کے عام آدمی میں اب بھی فزیوتھیراپی سے متعلق شعور کا فقدان ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ ہم فزیوتھیراپسٹ کی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کارلانے کے لئے قابل عمل حکمت عملی مرتب کررہے ہیں تاکہ ان کے وسائل مختص کئے جاسکیں ہیلتھ کیئر سے وابستہ ہر فرد ہماری ٹیم کا حصہ ہے اور ہم نے مل جل کر پوری تندہی اور محنت سے کام کرتے ہوئے عوام کو صحت عامہ کی معیاری اور قابل اعتماد خدمات فراہم کرنی ہیں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے فزیوتھیراپسٹ ایسوسی ایشن کے وفد کو یقین دلایا کہ متعلقہ فورم پر فزیوتھیراپسٹ کے محفوظ مستقبل کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

زاحتساب عدالت کوئٹہ کے جج منور احمد شاہوانی نے اپنے فیصلہ میں کہا ہے کہ قانون کے مطابق ملزم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی مرحلے پر ضابطہ فوجداری K 265 کے تحت بریت کی درخواست دے سکتا ہے اور عدالت کو یہ اختیارات حاصل ہے کہ وہ کسی بھی ملزم کو میرٹ پر کیس سے بری کردے تاہم معزز سپریم کورٹ چاغی بلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے کو غیر قانونی قرار دے چکی ہے اور چونکہ سابق چیئر مین نے بحیثیت چیئر مین بی ڈی اے چاغی بلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے پر دستخط کئے ہیں اور استغاثہ کی جانب سے ملزم پر متعدد الزامات عائد کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے ملزم کی مقدمے سے بریت کی درخواست رد کی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ نیب بلوچستان نے سابق چیئر مین بی ڈی اے عطا محمد جعفر سمیت 26 افراد کے خلاف ذاتی مفادات کے حصول کے لیے غیر ملکی کمپنی کو غیر قانونی فائدہ پہنچانے کے الزام میں ریفرنس دائر کیا ہے دائر ریفرنس کے مطابق سال 1993 میں بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور بروکن بلز پروپرائیٹری نامی آسٹریلوی کمپنی کے مابین چاغی بلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر کا ایک معائدہ طے پایا جس میں حکومت بلوچستان بالخصوص بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے افسران کی جانب سے آسٹریلوی کمپنی کو غیر قانونی فائدہ پہنچایا گیا، قومی مفادات سے متصادم اس معائدہ کی شرائط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے نا صرف غیر قانونی طریقہ سے بلوچستان مائننگ کنسیشن رولز میں ترامیم کی گئیں بلکہ بار بار غیر قانونی طور پر ذیلی معاہدات کر کے ٹیتھیان کا پر کمپنی نامی نئی کمپنی کو متعارف کر کے اربوں روپے کے مزید مالی فائدے حاصل کیے گے۔ ریکارڈ کی مزید جانچ پڑتال اور گواہان کے بیانات سے معلوم ہوا ریکوڈک منصوبے جس میں ملکی خزانے کو اربوں روپے کا فائدہ حاصل ہونا تھا جو بدعنوانی کی نظر ہو گیا۔ بعد ازاں ڈی جی نیب آپریشن اور ڈی جی نیب بلوچستان کی سربراہی میں کام کرنے والی تحقیقاتی ٹیم نے چیئر مین نیب جسٹس جاوید اقبال کی منظوری کے بعد بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے سابق چیئر مین و افسران سمیت 26 افراد کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت کوئٹہ میں دائر کر دیا تھا۔ سابق چیئر مین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی عطا محمد جعفر نے خود کو سزا سے بچانے کیلئے ضابطہ فوجداری کی دفعہ K265 سی آر پی سی کے تحت کرپشن کے مقدمہ سے بریت کی درخواست دائر کی تھی تاہم معزز احتساب عدالت نے ملزم کی درخواست مسترد کر دی ہے۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مسلح نقاب پوش ڈاکوؤں نے اسلحے کی زور پر دکان کا کیش میرا بٹوہ جس میں نقد رقم کے علاوہ میرا واپڈا کا سروس کارڈ اور شناختی کارڈ بھی تھا اسکے علاوہ گاہکوں سے نقدی اور موبائل لوٹ کر لے گئے میں نے نامعلوم نقاب پوش لٹیروں کے خلاف تھانہ میں ایف آئی آر بھی درج کی ہے۔ ضلعی انتظامیہ بالخصوص ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اور ایس ایچ او ڈاکوؤں کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے لوٹی گئی رقم اور دیگر اشیا برآمد کر کے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ے بازی۔ حکومت سے فوری طور پر دھرنا مظاہرین کے چار مطالبات پر عمل درآمد کرنے پر زور پشتونخواہ میپ اور عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے ریلی کا انعقاد باچا خان چوک ہرنائی سے کیا گیا۔ جس کی قیادت پشتونخواہ میپ کے ضلعی سینئر معاون ملک سلام ترین نے کی۔ جبکہ اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر ولی داد میانی، جنرل سیکرٹری کامران ترین، اور دونوں پارٹیوں کے دیگر سیاسی قائدین بھی موجود تھے۔ ریلی کے شرکا نے کالے جھنڈے اٹھا رکھے تھے۔ اور پورے شہر کا چکر لگایا۔ اور حکومت سے مطالبہ کیا گیا۔ کہ وہ فوری طور پر دھرنے کے چار مطالبات مان لیں۔ جن میں زیارت اور ہرنائی سے ایف سی کا انخلا، ڈی سی زیارت کو فوری طور پر برطرف کرنا، واقعے کی ایف آئی آر میں ڈی سی زیارت کو شامل کرنا اور واقعے کی تحقیقات کے لئے جوڈیشل کمیشن کا قیام شامل ہیں۔ یاد رہے۔ اگست 2021 کی 26 تاریخ کو زیارت کے علاقے مانگی ڈیم کے ایریا میں دہشت گردوں کی جانب سے لیویز گاڑی کے لئے آئی ای ڈی نصب کیا گیا تھا۔ جس پر لیویز گاڑی جانے کے بعد وہ پھٹ گیا تھا۔ جس میں زیارت لیویز کے تین جوان میجر رسالدار میرزمان کاکڑ، مدثر حسین کاکڑ اور زین اللہ کاکڑ شہید ہوگئے تھے۔ اس واقعے کے خلاف ایسی روز خانی کراس پر لاشوں کو رکھ کر دھرنا دیا جو تا حال جاری ہے۔ اور مطالبات تسلیم ہونے تک جاری رہیگا۔ ہم احکام بالا اور انسانی حقوق کے تنظیموں سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن چڑھانے اور کارآمد انسانی وسائل معاشرے کو فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔ کیونکہ معاشرے کی ترقی و بہتری کے لئے تعلیمی اداروں کا اہم حصہ رہا ہے۔ اور ہمیں اپنے ملک وصوبے کو ترقی سے ہمکنار کرنے، نوجوان نسل کو بہتر سمت کی جانب راغب اور برائی کے خاتمے کے لئے علم وشعور کو فروغ دینے اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کو ممکن بنا کر اپنے مقاصد حاصل کرنا ہے۔ جو کہ اعلیٰ تعلیم اور کارآمد تحقیق میں پوشیدہ ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے انکا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دور جدید کے تقاضوں پر پورا اترنے کے لئے ضروری ہے کہ علم کو سیڑی بنا کر مقاصد حاصل کئے جائیں۔ ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل کے لئے تعلیم یافتہ افرادی قوت ناگزیر ہے۔ اور جامعہ بلوچستان اپنے محدود وسائل میں رہتے ہوئے صوبے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع مہیا کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ اور مستقبل انہیں ہی سے وابستہ ہے۔ اس موقع پر جامعہ کے وائس چانسلر نے وفاقی سیکرٹری کو جامعہ کی جانب سے یادگاری شیلڈ پیش کیں۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کا سلسلہ سلیم کالونی اپنی رہائش گاہ پر جاری ہے تعزیت کرنے والوں میں سردار زادہ فیصل خان جمالی، میر زبیر خان جمالی، میر ہمایوں خان جمالی، میر عامر علی خان جمالی، میر فاروق خان جمالی، علی خان جمالی، سردار محمد جان پندرانی، میر مرتضی خان جمالی، اسلم خان عمرانی، سردار منیر دشتی، مقدم ضمیر حسین طیبانی، عبدالستار خان عمرانی، رئیس اصغر سومرو، ڈاکٹر عبدالجبار سومرو، علی نواز عمرانی، صدر پریس کلب حنیف بلوچ، ذوالفقار کھوسہ، چاکر خان دیناری، لونگ خان جمالی، گل محمد چانڈیو، عبدالفتاح رند، علی حسن ڈومکی، عبدالستار ترین، عبدالحمید بلیدی، خاوند بخش برڑو، علی حسن خان مگسی، حاجی وارث دیناری، اللہ بخش جمالی، پرنسپل ڈگری کالج اکبر سومرو، انجمن تاجران کے صدر وریام بیگ بوہڑ، مکھی نانک سنگھ، ماندھم داس، ڈاکٹر اعجاز حسین لاشاری، سجاد حسین رند، صادق جمالی، محمد عثمان عمرانی، شان ثاقب ابڑو، محمد اسلم، عبدالرشید، سید قاسم شاہ مظفر میمن، ایس ایچ او مقبول احمد جمالی، ریاض حسین ڈاوچ، آصف علی بجوانی، عبدالنبی بوہڑ، ظفر علی بجوانی، رئیس عبدالغفور طیبانی، آفتاب خان بلیدی محمد رحیم بنگلزئی، شکیل احمد اوستو، محمد صدیق میمن، ولی محمد منگی، سہیل احمد جمالی، ذاکر حسین رڈ، سلیم ابڑو، محمد رفیق پندرانی، آدم خان سومرو، سمیت شہریوں علاقائی معززین سمیت ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے فاتحہ خوانی کی اور کہا کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر وجمیل عطا کرے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چستان کا پانی کا حصے کے حوالے سے کوئی عملی اقدامات نہیں اٹھائے جس کی وجہ سے ضلع جعفر آباد اور نصیرآباد میں تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں پانی کی شدید قلت کی وجہ سے لوگ نقل مکانی کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں لوگ پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں اور جانور بھی مر رہے ہیں سندھ حکومت بلوچستان کو اس کے حصے کا پورا پانی فراہم نہیں کر رہا ہے۔ جس کی وجہ سے نصیر آباد ڈویژن تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے زمینداروں اور قحط سالی کا منظر پیش کر رہا ہے، تفصیلات کے مطابق بلوچستان کا گرین بیلٹ نصیر آباد ڈویژن پانی نا ہونے سے تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے کھیرتھر کینال اور پٹ فیڈر کینال میں پانی کی شدید قلت ہے۔ جس کی وجہ سے ضلع جعفرآباد اور نصیرآباد کی ہزاروں ایکڑ اراضی غیر آباد ہو رہی ہے زمینداروں اور کاشتکاروں نے حکومت سے اپیل کیا کہ وہ بلوچستان کے گرین بیلٹ نصیرآباد کو تباہی سے بچانے کے لیئے عملی اقدامات اٹھا کر کھیرتھر کینال اور پٹ فیڈر کینال میں پانی کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عبرت بنائیں تاکہ علاقے میں مزید ایسے واقعات رونما نہ ہو۔ محمد اسماعیل ریکی جو کہ اپنے والد کا اکلوتا اور گھر کا واحد کفیل تھا اس دل خراش واقع کے بعد پورا خاندان ذہنی کوفت میں مبتلا ہو چکا ہے نگری شمس الحق نے مزید کہا کہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کرنا انتظامیہ کی اولین ذمہ داریوں میں سے ہے۔ ایسے واقعات سے نمٹنے کیلئے مشکوک لوگوں پر نظر رکھنا اور ان کے منصوبوں کو ناکام بنانا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ ایم پی اے سوراب جناب میر نعمت اللہ خان زہری سے بدست التماس کی جاتی ہے کہ وہ بھی اس معاملے کا نوٹس لے کر ضلعی انتظامیہ کو کاروائی کی تاکید کرے تاکہ ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ینہ کراچی میں منعقد ہوا جس میں صاحبزادہ عطار مولانا عبید رضا عطاری، نگران شوریٰ مولانا محمد عمران عطاری، نگران پاکستان مشاورت حاجی محمد شاہد عطاری، ترجمان دعوت اسلامی مولانا عبدالحبیب عطاری سمیت دیگر اراکین شوریٰ، علمائے کرام، مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اور کثیر تعداد میں عاشقان رسول شریک ہوئے۔ نگران شوریٰ مولانا محمد عمران عطاری نے یوم دعوت اسلامی کے سلسلے میں ہونے والے اجتماع میں نیکی کی دعوت کو عام کرنے میں دعوت اسلامی کی چالیس سالہ جدوجہد پر گفتگو کی

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہمیشہ یاد رکھا جائے گا تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات سے صوبے کی سیاست میں ایک خلا پیدا ہوا جو کبھی پورا نہیں ہوگا۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یچ یو میں عوام علاج کی فراہمی اور ویکسینیشن سمیت میڈیسن اور ایم سی ایچ سینٹر چیک کئے۔ جہاں پر میڈیکل افیسر ڈاکٹر محمد قاسم ناصر، میڈیکل ٹیکنیشن فرید اللہ نے انکو بی ایچ یو سے متعلق بریفنگ دی۔ دورے کے دوران انکے ہمراہ سیکرٹری پاکستان ریڈ کریسنٹ بلوچستان محمد ایوب خان، پروگرام منیجر ڈاکٹر دیدار، بورڈ ممبر غلام محمد، صوبائی ایڈمن افیسر عامر منیر، ضلع دکی کے کوآرڈینیٹر زعفران علی خان لونی، ڈی ایچ او دکی ڈاکٹر جوہر خان شادوزئی، ضلعی ایڈمن آفیسر نیک محمد کاکڑ، ویئر ہاوس انچارج محمد عثمان خان کاکڑ، پی ٹی آئی کے صوبائی رہنما سردار زادہ محبوب خان ترین، پی ٹی آئی کے ضلعی صدر حاجی محمد اشرف ناصر، پی ٹی آئی کے سابق ضلعی جنرل سیکرٹری ملک کلیم اللہ ترین اور دیگر بھی انکے ہمراہ تھے۔ انہوں نے ضلع دکی میں جاری ریڈ کریسنٹ کے ویکسینیٹرز کے ٹریننگ سنٹر کا دورہ کیا اور خطاب بھی کیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ سے انکے آفس میں ملاقات کی اور اور معذور افراد میں ویل چیئرز بھی تقسیم کئے اور پاکستان ریڈ کریسنٹ ضلع دکی کے افس میں ڈاکٹرز اور سٹاف سے ملاقات بھی کی، اور بہترین کارکردگی دکھانے والوں میں اعزازی سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے۔ ویکسینیٹرز کے ٹریننگ اور ڈپٹی کمشنر افس میں خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ریڈ کریسنٹ بلوچستان عبدالباری بڑیچ نے کہا کہ میرا خواب تھا کہ انسانیت کی خدمت کرسکوں آج میرا وہ خواب پاکستان ریڈ کریسنٹ کی صورت میں پورا ہو چکا ہے۔ پاکستان ریڈ کریسنٹ عوامی خدمت کا دوسرا نام ہے ضلع دکی کے سٹاف پر فخر کرتا ہوں کیونکہ دکی کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے پانچ بی ایچ یوز میں ہمارے ڈاکٹرز ٹیکنیکل اسٹاف، ویکسینیٹرز عوام کو علاج کے بہترین سہولیات انکے دہلیز پر فراہم کر رہے ہیں۔ ہمارے ویکسینیٹرز روٹین ایمیونائزیشن سمیت کرونا ویکسینیشن میں دن رات اپنی توانائی صرف کر رہے ہیں جو قابل تعریف ہے انہوں نے کہا کہ ہم سب نے یہ عہد کرنا ہے کہ مزید بہترین طریقے سے خدمت جاری رکھیں گے اور اس خدمت کے جذبے کو کبھی کم نہیں ہونے دینگے تاکہ ہمارے بچے اور بڑے موذی امراض سے بچ سکیں۔ کام تو ہر کوئی کرتا ہے لیکن اپ سب کو اللہ تعالیٰ نے کام کیساتھ ساتھ خدمت کیلئے چنا ہے جسکا مطلب ہے کہ اللہ آپ سب پر مہربان ہے اور اپ سب سے خدمت کا کام لے رہا ہے، تو اللہ کے اس احسان کا بدلہ اپ لوگ بہترین خدمت کر کے ادا کرو آخر میں انکے لئے پاکستان ریڈ کریسنٹ ضلع دکی کے دفتر میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ اور وہ پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما محبوب خان ترین، ضلعی صدر حاجی محمد اشرف ناصر اور پی ٹی آئی کے سابق ضلعی جنرل سیکرٹری ملک کلیم اللہ ترین کیجانب سے انکے اعزاز میں دیئے گئے چائے پارٹیوں میں بھی شریک ہوئے۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سردار عطاء اللہ خان مینگل کی بلوچستان عوام کے لیے لازوال خدمات ہیں، ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ہم اس دکھ کی گھڑی میں لواحقین کے شریک ہیں اللہ رب العزت مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بشیر احمد نظریاتی نائب صدر ششم فضل الرحمن رحمانی ڈپٹی جنرل سیکٹری عبدالظاہر سعید جوائٹ سیکٹری حافظ رفیع اللہ ناظم اول قاری ہدایت اللہ ناظم دوم حافظ عبداللطیف ناظم سوئم عبدالستار ناظم چہارم طارق جمیل ناظم پنجم حافظ شریف اللہ آف سملی ناظم ششم تاج محمد کچلاک سیکٹری اطلاعات عبدالغفور شمشوزئی ڈپٹی اطلاعات تاج محمد خروٹی معاون اول سید شہزاد معاون دوئم شمس الدین نظریاتی معاون سوئم خبیب احمد معاون چہارم سید شاہ معاون پنجم سنگر مل ششم علاوالدین سیکٹری مالیات محب اللہ خلجی ڈپٹی مالیات بسم اللہ بڑیچ معاون اول عبدالودلونی معاون دوئم شمس اللہ بڑیچ معاون سوئم خاص الدین معاون چہارم روزی محمد معاون پنجم حافظ عبید اللہ معاون ششم محمد نعیم خلجی معاون ہفتم محمد اکرم شامل ہیں۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے لگے ہیں شہریوں کا ڈپٹی کمشنر /ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق خاران شہر کے بازاروں سمیت ملحقہ علاقوں کی سڑکوں پر تجاوزات کی بھر مار ہے دکانداروں نے سڑکوں کے بیشتر حصے پر قبضہ کر رکھا ہے شہر کے بازاروں اور فٹ پاتھوں پر دکانداروں نے اپنی اشیاء رکھ کر سجا رکھی ہیں جبکہ فٹ پاتھوں پر تجاوزات قائم ہونے کے باعث راہگیروں کو گزرنے میں سخت اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ میونسپل کارپوریشن کے شعبہ انسداد تجاوزات کی ناقص حکمت عملی کی وجہ سے تجاوزات بڑھ چکی ہیں شہر سمیت ملحقہ علاقوں کی سڑکوں پر قبضہ مافیا نے تجاوزات قائم کر رکھی ہیں۔ شہریوں نے الزام لگایا ہے کہ میونسپل کارپوریشن کا شعبہ انسداد تجاوزات کا عملہ ناکام ہوچکی ہے۔ جس کی وجہ سے پرانا بس اڈہ اب سبزی منڈی میں منتقل ہو چکا مگر وہاں ریڑھی بانوں سمیت دیگر مافیا نے سڑکوں، فٹ پاتھوں پر تجاوزات کے قبضے جما رکھے ہیں۔ عموماً دیکھنے میں آتا ہے کہ دکانوں کے مالکان اس غرض سے اپنی دکانوں کے آگے کچھ حصہ خالی رکھتے ہیں تاکہ گاہکوں کو آنے اور ان سے ڈیلنگ میں آسانی لیکن پھر یہ سلسلہ اتنا آگے بڑھتا ہے کہ آدھی سڑک پر دکانداروں کا قبضہ ہوجاتا ہے۔ بازار کی اہم تجاوزات کی وجہ دکان دار حضرات اپنی دکانوں کے آگے بعض اوقات یا تو خود ٹھیلے یا پتھارے لگا دیتے ہیں یا پھر کسی کو کرایہ پر چڑھا دیتے ہیں دکاندار اپنے اس فعل کی دلیل وہ یہ دیتے ہیں کہ ان پتھاروں کی بدولت انکی دکان کے اخراجات پورے کرنے میں مدد ملتی ہے۔ دوسری جانب ان تجاوزات کا فائدہ ریڑھی بان اور تھڑوں پر بیٹھنے والے خوانچہ فروش بھی اٹھاتے ہیں اور انکا جی چاہتا ہے سڑک پر اپنے ٹھیلے لگا دیتے ہیں۔ اس بدترین مہنگائی اور بے روزگاری کی وجہ سے سڑکوں فٹ پاتھوں پر ٹھیلے لگانے کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اور یہ رجحان جہاں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے رکاوٹ اور عوام کیلئے تکلیف کا سبب بن رہے ہیں۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سیاسی جمہوری وطن دوستی پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں انکی سیاسی بصیرت قوم کیلئے مشعل راہ تھے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے کارکردہ اخباری بیان میں کیا ہے انہوں نے کہا کہ سردار عطا اللہ خان ہمیشہ بلوچستان کی افق پر ہمیشہ صبح کا تارابن کر چمکتے رہے وہ ایک بے باک نڈر جری ذہین اور فطین سیاست دان تھے وہ ہمیشہ تلخ حالات کے سامنے سینہ سپر رہے اور نامساعد حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور انکے پیروں میں کبھی لغزش نہیں آئی ایسا سپوت بلوچستان کو صدیوں بعد بھی ملنا مشکل ہے آج بلوچ قوم کا ہر گھر افسردہ ہے انہوں کہا کہ نیسر دار عطاء اللہ مینگل کی سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اللہ تعالیٰ سردار عطاء اللہ مینگل کی مغفرت فرمائیں اور متعلقین کو صبر جمیل نصیب فرمائیں۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نجات کا واحد حل جہاد ہے حکمران مجاہدین اسلام کو راستہ دیا جائے جلد ہی کشمیر پر آزادی کا پرچم لہرائے گے اس وقت دنیا کے کونے کونے میں مسلمان کفری قوتوں کی شکنجے میں ہیں فلسطین سے لے کر کشمیر تک اور برما، صومالیہ سے لے کر یمن وشام تک مظلوم مسلمانوں ظلم و بربریت کا شکار ہیں کفری قوتوں کی دہشت گردی امن کے نام نہاد علمبرداروں کو نظر نہیں آرہا ہے انسانی حقوق کی تنظیمیں اب تک خاموش ہیں امت مسلمہ کے لیے واحد نجات کا راستہ جہاد ہے دہشت گردی اور بربریت پر مذمتی بیانات سے امت تھک کر ہار چکے لیکن آج تک مظالم میں کمی نہیں آئی اسلامی امارت افغانستان میں حریت پسندوں نے اپنے بیس سالہ جدوجہد سے درس دیا کہ آزادی دینے اور دلوانے کے لئے واحد راستہ جہاد ہے کفری قوتوں کی شکنجے سے آزادی امت مسلمہ پر فرض بھی ہے اور قرض بھی وہ دن دور نہیں کہ جلد عالم اسلام پر اسلام کی سربلندی اور امت کی آزادی و حریت کا پرچم بلند ہوگا انہوں نے کہا کہ کشمیریوں، برمیوں، شامیوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کا تماشہ دیکھتے رہے گے اب اس سے حساب کا وقت آچکا ہے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ات کی جنگ لڑتے رہے ہیں اور عوامی حقوق کے لیے کوئی آواز بلند کرنے والا نہیں اب سیاستدان صرف امپائر کے اشارے کے منتظر ہوتے ہے عوامی سیاست ختم ہو چکے ہے انہوں نے کہا کہ شہدا منگی ڈیم کے ورثا کے ساتھ حکومت فلفور مذاکرات کریں کمیٹی بنا کر فوری طور پر انکوائری کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں شہدا منگی ڈیم کی طرف سے احتجاج ومظاہرہ اور پہیہ جام شٹر ڈاون اور تمام مظاہروں کی حمایت کرتے ہیں اور بلوچستان بھر میں اہلسنت و جماعت کے کارکنان مظاہرے میں ساتھ ہوں گے جماعت اہل سنت کی قیادت نے ہمیشہ مظلوم طبقہ کے لئے آواز بلند کیا اور کرتے رہیں گے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

محمد شاہ صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالواحد ہاشمی صوبائی ڈپٹی سالار حافظ ثنااللہ شاہ ودیگر نے سردار عطااللہ خان مینگل کے وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان ایک عظیم زیرک جمہوریت پسند سیاستدان سے محروم ہوگئے بلوچستان کے عوام ان کی جدوجہد اور خدمات کو ہمیشہ یاد رکھی جائینگی ہمیشہ بلوچستان کے حقوق اور محکوم اقوام کے لیے جنگ لڑی امریت کے خلاف جن جیلوں اور صعوبتوں کو برداشت کیا تاریخ کا حصہ رہی گی۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رکربلا شہادت امام زین العابدین علیہ السلام کے موقع پر مجالس اور برآمد ہونے والے جلوسوں کے موقع پر سیکیورٹی و دیگر انتظامات پر حکومت، انتظامیہ، ایف سی، پولیس اور دیگر کا شکریہ ادا کیا بیان میں کہا گیا کہ عزاداری کا سلسلہ 8 ربیع الاول تک جاری رہتا ہے اس دوران مجالس اور جلوسوں کے موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں اور عزاداری کے مسائل کے حل کے لیے کنٹرول روم تشکیل دے کر میڈیا کے ذریعے تشہیر کی جائے۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے مطابق جمعہ کے روز سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان بزرگ سیاست دان سردار عطااللہ مینگل میت کو انکے آبائی علاقے وڈھ لے جانے والی ایمبولنس کو میڈیکل ایمرجنسی ریسپونس سینٹر (1122) نیارہ بیلا کے میڈیکل ٹیکنیشن عبدالمالک بلوچ غلام سرور بلوچ شاہد آچرہ اسلم آچرہ ہدایت اللہ خاصخیلی غلام اکبر گدور اور دیگر عملے نے سلامی پیش کی اور زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دوردراز سے آنے والے طلباء کو سہولیات میسر ہوں بورڈ انتظامیہ کو سخت ہدایت کردی گئی ہے کہ وہ طلباء کے ساتھ سے تعاون کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز اساتذہ اور طلباء سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، کنٹرولر شوکت علی سرپرہ نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت تعلیم کو عام کرنے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں بچوں کو بہتر انداز میں تعلیم دینے کے لئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے، بچوں کو بھی چاہئے کہ وہ علم دل جوئی کے ساتھ حاصل کریں کیونکہ آگے چل کر انہی بچوں کو ملک کا مستقبل سنبھالنا ہے ہماری کوشش ہے کہ آنے والی نسلوں کو جدید تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں موجودہ دور تعلیم کا ہے جہالت کسی بھی قوم کی تقدیر نہیں بدل سکتی جہالت کے اندھیرے میں رہ کر ترقی کے خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، انہوں نے کہا کہ ہم کبھی بھی نہیں چاہیں گے کہ ہمارے بچے نقل کر کے پاس ہوں نقل کے خلاف ہم عملی جدوجہد کرتے رہیں گے، تاکہ نقل جیسے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ دیا جاسکے نقل کرنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کی جائے گی، اس میں کسی قسم کی کوتاہی یا لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی طلباء کو چاہیے کہ وہ اپنی ذہنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تعلیم پر خصوصی توجہ مرکوز کریں تاکہ وہ بہتر انداز میں علم حاصل کر کے ملک وقوم کی خدمت کر سکیں، پروفیسر شوکت علی نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت اس ناسور کو ختم کرنے کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہی ہم سب کو مل کر عملی جدوجہد کرنی ہوگی صوبے کے بچوں کو نقل سے بچا کر انہیں علم کی دولت سے آراستہ کرنا ہوگا کیونکہ جہاں بچے نقل کر کے پاس ہوتے ہیں وہ کبھی بھی عملی زندگی میں کامیاب نہیں ہوتے آج ہمیں یہ عہد کرنا ہے کہ نقل جیسی لعنت کا خاتمہ کرنا ہوگا بچے لکھ پڑھ کر ایک باشعور شہر بنانا ہوگا اور ملک وقوم کی خدمت کرنی ہے آج دنیا میں وہی اقوام ترقی یافتہ ہیں جنہوں نے علم کو اپنا ہتھیار بنایا اور اپنے ملک سے جہالت کا خاتمہ کیا ہمیں بھی اپنے ملک کی تعمیر وترقی کے لئے علم کی شمع کو مزید روشن کرنا ہوگا اسی میں ہم سب کی کامیابی ہے۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

زاحتساب عدالت کوئٹہ کے جج منور احمد شاہوانی نے اپنے فیصلہ میں کہا ہے کہ قانون کے مطابق ملزم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی مرحلے پر ضابطہ فوجداری K 265 کے تحت بریت کی درخواست دے سکتا ہے اور عدالت کو یہ اختیارات حاصل ہے کہ وہ کسی بھی ملزم کو میرٹ پر کیس سے بری کردے تاہم معزز سپریم کورٹ چاغی بلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے کو غیر قانونی قرار دے چکی ہے اور چونکہ سابق چیئر مین نے بحیثیت چیئر مین بی ڈی اے چاغی بلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے پر دستخط کئے ہیں اور استغاثہ کی جانب سے ملزم پر متعدد الزامات عائد کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے ملزم کی مقدمے سے بریت کی درخواست رد کی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ نیب بلوچستان نے سابق چیئر مین بی ڈی اے عطا محمد جعفر سمیت 26 افراد کے خلاف ذاتی مفادات کے حصول کے لیے غیر ملکی کمپنی کو غیر قانونی فائدہ پہنچانے کے الزام میں ریفرنس دائر کیا ہے دائر ریفرنس کے مطابق سال 1993 میں بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور بروکن بلز پروپرائیٹری نامی آسٹریلوی کمپنی کے مابین چاغی بلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر کا ایک معائدہ طے پایا جس میں حکومت بلوچستان بالخصوص بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے افسران کی جانب سے آسٹریلوی کمپنی کو غیر قانونی فائدہ پہنچایا گیا، قومی مفادات سے متصادم اس معائدہ کی شرائط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے نا صرف غیر قانونی طریقہ سے بلوچستان مائننگ کنسیشن رولز میں ترامیم کی گئیں بلکہ بار بار غیر قانونی طور پر ذیلی معاہدات کر کے ٹیتھیان کا پر کمپنی نامی نئی کمپنی کو متعارف کر کے اربوں روپے کے مزید مالی فائدے حاصل کیے گے۔ ریکارڈ کی مزید جانچ پڑتال اور گواہان کے بیانات سے معلوم ہوا ریکوڈک منصوبے جس میں ملکی خزانے کو اربوں روپے کا فائدہ حاصل ہونا تھا جو بدعنوانی کی نظر ہو گیا۔ بعد ازاں ڈی جی نیب آپریشن اور ڈی جی نیب بلوچستان کی سربراہی میں کام کرنے والی تحقیقاتی ٹیم نے چیئر مین نیب جسٹس جاوید اقبال کی منظوری کے بعد بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے سابق چیئر مین و افسران سمیت 26 افراد کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت کوئٹہ میں دائر کر دیا تھا۔ سابق چیئر مین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی عطا محمد جعفر نے خود کو سزا سے بچانے کیلئے ضابطہ فوجداری کی دفعہ K265 سی آر پی سی کے تحت کرپشن کے مقدمہ سے بریت کی درخواست دائر کی تھی تاہم معزز احتساب عدالت نے ملزم کی درخواست مسترد کر دی ہے۔2

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

زاحتساب عدالت کوئٹہ کے جج منور احمد شاہوانی نے اپنے فیصلہ میں کہا ہے کہ قانون کے مطابق ملزم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی مرحلے پر ضابطہ فوجداری K 265 کے تحت بریت کی درخواست دے سکتا ہے اور عدالت کو یہ اختیارات حاصل ہے کہ وہ کسی بھی ملزم کو میرٹ پر کیس سے بری کردے تاہم معزز سپریم کورٹ چاغی بلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے کو غیر قانونی قرار دے چکی ہے اور چونکہ سابق چیئر مین نے بحیثیت چیئر مین بی ڈی اے چاغی بلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر معاہدے پر دستخط کئے ہیں اور استغاثہ کی جانب سے ملزم پر متعدد الزامات عائد کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے ملزم کی مقدمے سے بریت کی درخواست رد کی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ نیب بلوچستان نے سابق چیئر مین بی ڈی اے عطا محمد جعفر سمیت 26 افراد کے خلاف ذاتی مفادات کے حصول کے لیے غیر ملکی کمپنی کو غیر قانونی فائدہ پہنچانے کے الزام میں ریفرنس دائر کیا ہے دائر ریفرنس کے مطابق سال 1993 میں بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور بروکن بلز پروپرائیٹری نامی آسٹریلوی کمپنی کے مابین چاغی بلز ایکسپلوریشن جوائنٹ وینچر کا ایک معائدہ طے پایا جس میں حکومت بلوچستان بالخصوص بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے افسران کی جانب سے آسٹریلوی کمپنی کو غیر قانونی فائدہ پہنچایا گیا، قومی مفادات سے متصادم اس معائدہ کی شرائط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے نا صرف غیر قانونی طریقہ سے بلوچستان مائننگ کنسیشن رولز میں ترامیم کی گئیں بلکہ بار بار غیر قانونی طور پر ذیلی معاہدات کر کے ٹیتھیان کا پر کمپنی نامی نئی کمپنی کو متعارف کر کے اربوں روپے کے مزید مالی فائدے حاصل کیے گے۔ ریکارڈ کی مزید جانچ پڑتال اور گواہان کے بیانات سے معلوم ہوا ریکوڈک منصوبے جس میں ملکی خزانے کو اربوں روپے کا فائدہ حاصل ہونا تھا جو بدعنوانی کی نظر ہو گیا۔ بعد ازاں ڈی جی نیب آپریشن اور ڈی جی نیب بلوچستان کی سربراہی میں کام کرنے والی تحقیقاتی ٹیم نے چیئر مین نیب جسٹس جاوید اقبال کی منظوری کے بعد بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے سابق چیئر مین و افسران سمیت 26 افراد کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت کوئٹہ میں دائر کر دیا تھا۔ سابق چیئر مین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی عطا محمد جعفر نے خود کو سزا سے بچانے کیلئے ضابطہ فوجداری کی دفعہ K265 سی آر پی سی کے تحت کرپشن کے مقدمہ سے بریت کی درخواست دائر کی تھی تاہم معزز احتساب عدالت نے ملزم کی درخواست مسترد کر دی ہے۔3

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حلقوں نے کہا ہے کہ ہوائی فائرنگ کی کئی مرتبہ لوگوں کو اندھی گولیاں لگ جاتی ہیں جس سے وہ زخمی ہوجاتے ہیں عوامی حلقوں نے کہا کہ اگر ہم سب ملکر ہوائی فائرنگ جیسے فعل سے توبہ کرلیں اور اس غیر اخلاقی اور غیر انسانی نقصان دہ ناسور کو اپنی زندگی سے نکال کر پھینک دیں تو ایک ایسے عمل سے جس کا کوئی فائدہ نہیں ہے صرف نقصان ہی نقصان ہے ہوائی فائرنگ کو عموماً ایک ایسا کھیل سمجھا جاتا ہے جس سے بظاہر کوئی نقصان نہیں ہوتا آسمان کی طرف ہوتا ہے مگر کم فہم اور کم عقل لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ کیونکہ گولی آسمان کی طرف گئی ہے اور ان کی سمجھ میں یہ بات نہیں آتی اور یہ بھی بھلا دیا جاتا ہے کہ گولی نے نیچے زمین کی طرف ہی واپس آنا ہے یہی وجہ ہے ہر سال ہوائی فائرنگ سے درجنوں افراد ہلاک اور زخمی ہوجاتے ہیں نہ قتل ہونے والے کو معلوم ہوتا ہے کہ وہ کیوں قتل ہوا اور نہ ہی قاتل کو معلوم ہوتا ہے کہ اس نے قتل کیوں کیا خوشی کے موقع پر جتنی زیادہ گولیاں چلانے والا ہوگا وہ بہت زیادہ خوش تصور کیا جاتا ہے ایسی خوشی کا کیا فائدہ جو پورے علاقہ میں خوف ہراس پھیلا کر دور دور تک گولیوں کی آوازیں سنی جائے ہمیں یہ سوچنا ہوگا کہ بغیر سوچ سمجھے چند منٹوں کی خوشی کیلئے کی جانے والی فائرنگ پیسوں کے ضیاع کیساتھ ساتھ کسی معصوم کی موت کا سبب بھی بن سکتی ہے جن کی خبروں سے ہر روز اخبارات بھرے ہوئے ہوتے ہیں یہ بہت ہی تلخ ہے کہ شادی ہو عید ہو یا کوئی خوشی کا موقع پاکستانی قوم بے ڈھنگ اور بے ہنگم طریقوں سے خوشی کا اظہار کر کے اس کو دوسروں کیلئے ماتم میں بدلنے کے ماہر ہو چکے ہیں اس وقت پاکستان اور خصوصا بلوچستان میں ہوائی فائرنگ کے رجحان ایک فیشن بن چکا ہے اور اس میں بے حد اضافہ ہو چکا ہے جو ایک انتہائی خطرناک اور تشویش ناک بات ہے اور اس خطرناک رجحان کو لوگوں نے ایک قابل فخر روایت اور فیشن بنا لیا ہے عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر فائرنگ کی روک تھام کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں اور خطرناک عمل پر فوری طور پر پابندی لگائی جائے۔

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ میں کلی خیزی کوئٹہ کا رہائشی ہوں۔ میری بیٹی کا شوہر کے ساتھ سول کورٹ دکی میں خلع کا کیس چل رہا ہے جسکے لئے میں اپنی بیٹی کنک ء کے ہمراہ ویگن سٹاپ دکی پر موجود تھی کہ لیویز اہلکار ظریف لونی نے میرے اوپر کلاشنکوف کے بٹ سے وار کر کے مجھے لہولہان کردی۔ میری لیویز اہلکار کے ساتھ کوئی مسئلہ نہیں ہے اس نے مجھے ناحق طور پر زخمی کی ہے میں نے اس حوالے سے ایس ایچ او کو درخواست دی مگر انہوں نے ایف آئی آر درج کرنے سے انکار کیا جسکے بعد میں نے ڈپٹی کمشنر کو درخواست دی جس پر انہوں نے لیویز اہلکار کو معطل کر کے انکوائری شروع کی ہے۔ کل ایک بار پھر تین لوگوں نے بازار میں ہمیں روک کر گالی اور دھمکیاں دی کہ آپ نے لیویز اہلکار ظریف لونی کے خلاف شکایت کیوں کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس پی دکی کو ایس ایچ او دکی کے خلاف درخواست جمع کر دیا ہے جس میں لیویز اہلکار کے خلاف ایف آئی آر کی استدعا کی ہے۔ انہوں نے آئی جی پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ میرے ساتھ ہونے والے مظالم کا نوٹس لیکر ایف آئی آر درج کی جائے۔ اور ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے عشرہ محرم الحرام میں اپنی متعلقہ ذمہ داریاں جس خوش اسلوبی اور لگن ومحبت اور محنت سے سرانجام دی ہیں، ان کی خدمات کو خراج عقیدت ومحبت اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ان کی حوصلہ افزائی ہم پر لازم تھی کیوں کہ ہماری تنظیم میں سماجی وعوامی خدمات کو سراہنے کا دستور ومنشور ہے اس دوران ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن گنداواہ جنرل سیکرٹری باز محمد گھوتیہ اور استاد زاہد حسین بھی موجود تھے انہوں نے اپنی تنظیم کے اہداف ومقاصد اور دستور ومنشور پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نوجوانوں کے ساتھ ہیں اور، آخر میں کہا کہ المہدی اسکاؤٹس ہمارے شہر کی تنظیم ہے اور شہری مسائل میں ہم ان کے ساتھ ہیں اور وہ ہمارے ساتھ ہیں ہر موڑ پر ہمارا ان کے ساتھ جانی ومالی تعاون وساتھ رہے گا

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بیان میں صوبائی مشیر نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل نے صوبے کی ترقی وخوشحالی، عوام کے حقوق، پارلیمانی سیاست، صوبائی خودمختاری، صوبے کے وسائل اور ساحل سے حاصل ہونے والی آمدنی میں بلوچستان کے آئینی حصے کے لیے ہمیشہ تاریخی کردار ادا کیا۔ صوبائی مشیر ملک نعیم خان بازئی نے مرحوم کے بلند درجات اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا کرنے کی دعا کی۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نکہ وہ مظلوم طبقات کے حقوق کیلئے اپنے سخت موقف کے باعث مشہور تھے بزرگ قوم پرست رہنما ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح کے سیاستدان تھے وہ ہمیشہ مظلوم اقوام کے حقوق کی جدوجہد آخر تک جاری رکھے تھا انہوں نیا پنے تعزیتی بیان میں مذید کہا کہ سردار عطاء اللہ خان مینگل قوم پرست نظریے کے ایک عظیم رہنما تھے، انہوں نے اپنی ساری زندگی محکوم ومظلوم اقوام کے حقوق، بلوچستان کے ساحل و وسائل کے دفاع اور بلوچ عوام کے حقوق کی جدوجہد کے لیے وقف کردیا تھا سردار عطاء اللہ خان مینگل کے وفات سے بلوچستان ایک عظیم رہنما سے محروم ہوگیا ہے انکے وفات سے جو خلا پیدا ہوا ہے جسے صدیوں پر نہیں کیا جاسکتا مرحوم کے وفات سے پورا ملک سوگوار ہوگیا ہے دکھ کی اس گھڑی میں سردار اختر جان مینگل اور دیگر لواحقین کے ساتھ ہوں اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں۔ آمین

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کتے کے کاٹنے کی ویکسین عوام کو فراہم کردی گئی ہیں اس کے ساتھ ساتھ بی ایچ اوز میں فیمیل اسٹاف کو ایک سو سے زائد زچگی کٹس کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا گیا ہے جبکہ بی ایچ یوز کو ادویات کی فراہمی کیلئے بھی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے انہوں نے بتایا کہ مختلف بی ایچ یوز پر 400 سے زائد پودے بھی لگائے گئے ہیں اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاٹی بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد اظہر شہزاد نے پی پی ایچ آئی کے کام کو سراہاتے ہوئے کہا کہ ہم سب کا مقصد صرف عوام کی بے لوث خدمت کرنا ہے دور دراز علاقوں کی عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی سہولیات کی فراہمی خوش آئند اقدام ہے حکومت کے ساتھ ساتھ پی پی ایچ آئی اسٹاف عوام کو بلاتعطل طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑیں علاقے میں پائی جانے والی بیماریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ادویات کی فراہمی کو یقینی بنائیں تاکہ ان امراض سے عوام کو نجات مل سکے بعدازاں ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد نے ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاٹی کے ہمراہ پی پی ایچ آئی آفس کے احاطے میں پودا بھی لگایا۔

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ریاستی جبر کے خلاف بلوچ ومظلوم محکوم اقوام کی قومی سیاسی حقوق کی جدوجہد کرتے ہوئے گزاری ہمیشہ اپنے اصولوں پر ڈٹے رہے بلوچ قومی حق حاکمیت ساحل وسائل بنیادی حقوق کے تحفظ کے لئے ان کی گراں قدر خدمات کو بلوچ قوم کبھی نہیں بھولے گی انہوں نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کی کمی تاحیات محسوس کی جاتی رہے گی سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات سے قومی سیاست کا ایک درخشندہ باب ہمیشہ کے لیے بند ہوگیا ہے انہوں نے کہا کہ نواب خیر بخش مری میر غوث بخش بزنجو نواب اکبر بگٹی اور اب سردار مینگل کی رحلت سے بلوچ قومی سیاست پر دور رس اثرات مرتب ہونگے۔

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے کی جو مطالبات ہیں ان کو فوری طور پر مان لیا جائے۔ بار نے جمعہ کو عدالتی کارروائی سے بائیکاٹ بھی کیا گیا۔ ژوب شیرانی بار ایسوسی ایشن کی جانب سے مانگی ڈیم زیارت واقع کی مناسبت سے ایک ہنگامی اجلاس طلب کرلیا گیا اجلاس میں حکومت کی جانب سے دھرنے کے مطالبات نہ ماننے پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا اور حکومت سے پرزور مطالبہ کیا گیا کہ دھرنے کی جو مطالبات ہیں ان کو فوری طور پر مان لیا جائے۔ بار نے جمعہ کو عدالتی کارروائی سے بائیکاٹ بھی کیا گیا۔

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات کریں گے۔

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سازی اور ریفرنڈم کے فیصلے کے بعد ہائیڈرو یونین واپڈا ایمپلائیز پیغام یونین اور واپڈا ایمپلائیز انصاف یونین کی مرکزی سطح پر رجسٹریشن ختم ہو چکی ہے اب چونکہ بلوچستان میں کیسکو مزدوروں کی واحد نمائندہ یونین کیسکو لیبر یونین بلوچستان میں ضم کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ واپڈا ایمپلائیز انصاف یونین کے مرکزی کابینہ کے اجلاس میں کیا گیا جس میں یونین کے صوبائی جوائنٹ سیکریٹری عبدالباری کاسی نے قرارداد پیش کیا جسے کو جلاس میں موجود تمام اراکین نے اکثریت رائے سے منظور کیا جس کا باقاعدہ اعلان آج کیسکو لیبر یونین کے مرکزی دفتر میں مزدوروں کی ایک کثیر تعداد کی موجودگی میں کرتا ہوں انہوں نے کیسکو کے مزدوروں پرزور دیا کہ مزدور آپس میں اتحاد واتفاق کو مضبوط کریں انصاف یونین کے تمام ورکرز آج کے بعد کیسکو لیبر یونین کے فعالیت اور مزید مضبوط کرنے کے لئے صف اول میں کردار ادا کرے گے انھوں نے کیسکو ملازمین پر زور دیا کہ جب تک حقیقی لیڈر شپ کا ساتھ نہیں دو گے ہمارے مسائل حل نہیں ہونگے انہوں نے کیسکو کے تمام ملازمین سے مطالبہ کیا کہ کیسکو لیبر یونین بلوچستان لے پلیٹ فارم اپنا کر اپنے مستقبل کو محفوظ بنائیں اور کیسکو پر مسلط مزدور دشمن عناصر کے ادارہ اور مزدوروں کو تباہ کرنے نجکاری کی راہموار کرنے کیلئے آئے روز ادارے میں ہڑتال جلسے جلوس کرنے والے منفی عناصر کی حوصلہ شکنی کرکے کیسکو لیبر یونین کی جدوجہد کو کامیابی کیلئے اپنا کردار ادا کریں اس موقع پر انصاف لیبرونگ بلوچستان کے صوبائی صدر عبدالرشید کاکڑ نے بھی کیسکو لیبر یونین میں شمولیت کا اعلان کیا کیسکو لیبر یونین بلوچستان کے صدر پیر محمد کاکڑ جنرل سیکٹری حافظ عصمت اللہ نے کہا کہ کیسکو لیبر یونین ایک ناقابل تسخیر قوت بن چکی ہیں بلوچستان بھر سے کیسکو ورکرز رابطے میں ہیں عنقریب شمولیت کرنے والوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہوگا۔ اس موقع پر کیسکو لیبر یونین کے سرپرست اعلیٰ آغا سلطان شاہ علی احمد کاسی چیف ارگنائزر اسلام یوسفزئی ملک ندیم مظفر خلیل احمد بلوچ سعید جان لہڑی عزیز احمد سارنگزئی حاجی ظہور احمد ودیگر نے نئے شامل ہونے والوں ہار پہنا کر مبارکباد دی۔

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وحید شریف عمرانی نے کہا کہ خود ساختہ قیمتیں مقرر کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان کارروائیوں میں تمام ایسوسی ایشن کو ملکر انتظامیہ کا ساتھ دینا ہوگا انہوں نے کہا کہ سرکاری مقرر کردہ پرائس لسٹ پر من وعن عملدرآمد کروایا جائے گا اس سلسلے میں پرائس لسٹ کے برخلاف اشیاء خوردونوش فروخت کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی لہذا تمام دکاندار سرکاری پرائس لسٹ کے مطابق خرید فروخت کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ شہر میں انتظامیہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کی نگرانی اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق اشیائے فروخت کرنے اور زائد المعیاد اور مضر صحت اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی عمل میں لائے گی۔

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بلوچستان کی ترقی اور بلوچ قوم اور بلوچستان کے عوام کے لیے کی جانے والی خدمات ناقابل فراموش ہیں جنہیں ان کی عظیم جدوجہد اور خدمات کے حوالے سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اللہ تعالیٰ سردار عطاء اللہ خان مینگل کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کے صبر وجمیل عطا فرمائے آمین۔

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اعلیٰ بلوچستان سردار عطا اللہ مینگل کی رہائش گاہ پہنچے جہاں انہوں نے بلوچستان کے پہلے اور سابق وزیر اعلیٰ سردار عطا اللہ مینگل کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور ان کے صاحب زادے سردار اختر مینگل سے ان کے والد کی وفات پر سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت کیا وزیر داخلہ نے سردار عطا اللہ مینگل کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی اور لواحقین کے ساتھ دکھ رنج کا اظہار کی۔

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ نے تعمیر شدہ حفاظتی جنگلوں کا معائنہ کیا اس موقع پر انکے ہمراہ دکی پریس کلب کے صدر اللہ نور ناصر بھی موجود تھے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ نے بتایا کہ یہ موڑ انتہائی خطرناک موڑ تھا جس پر قبل ازیں متعدد حادثات رونما ہوئے تھے۔ تنگ اور اچانک موڑ کی وجہ سے مسافروں اور ٹرکوں کو مشکلات کا سامنا تھا جسکی وجہ سے اس موڑ کو کشادہ کر کے کام مکمل کرایا گیا ہے۔

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لم محمد حسنی، خالد خلجی، ملک قادر محمد زئی عبید اللہ سالارزئی عبدالستار شہ بخش میر جہانگیر اجباری عادل اجباری الطاف یار محمد زئی وارث ڈیگارزئی عبدالرشید محمد حسنی عبدالرشید مشوانی عبدالسلام محمد زئی عبدالشکور محمد زئی الہی بخش قمبر زئی، ملا مراد، محمد ابراہیم سرپرہ علی منظور حسن زئی عبدالغفار حسن زئی بابو رشید سنجرانی علی احمد ابا بکی، میر نذر شیرزئی شاہنواز ابا بکی ثنا اللہ ابا بکی، ملک حفیظ جمالزئی عبدالسلام مینگل ہاشم مینگل اسماعیل آئیشی سمیت سینکڑوں ممبران اور ورکروں نے ایک پرہجوم پریس کانفرس کرتیہوئے کہا ہے کہ گزشتہ دنوں الفتح پینل کے اتحادی نے ایک پریس کانفرس کر کے گھٹ واٹر سپلائی سے متعلق اپنے پینل کی وضاحت دی تھی اور ساتھ ساتھ یہ الزام بھی لگایا تھا کہ اس پروجیکٹ میں موجودہ ذمہ داران رکاوٹ بنے ہوئے ہے جس کی وضاحت دینا الفتح پینل ضروری سمجھتا ہے چونکہ موجودہ ذمہ داران میں موجودہ ایم پی اے بھی شامل ہے گھٹ واٹر سپلائی سابق صوبائی وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کے دور حکومت میں سینڈک کے سی ایس آر فنڈز سے منظور ہوا تھا اور بعد میں اس وقت کے وزیر اعلیٰ ثنا اللہ زہری کے دور حکومت میں ٹینڈر رہوا اور اسی دور میں اختتام پذیر ہوا یعنی موجودہ حکومت کا اس سے کوئی تعلق نہیں تھا اور نہ ہی موجودہ حکومت کا اس میں کوئی عمل دخل ہے گھٹ واٹر سپلائی کے منصوبہ بندی اور ڈیزائنگ کے لیے ڈیڑھ کروڑ کے عوض ایک کنسلٹینٹ کی خدمات بھی لی گئی نجانے اس کنسلٹینٹ نے کس یونیورسٹی سے ڈگری لی تھی جس کی ڈیزائنگ شروع ہی سے خراب نکلی کہ 38 کروڑ کی خطیر رقم خرچ کرنے کے باوجود پانی نوکنڈی تک پہنچنے کا نام ہی نہیں لے رہا یا ورنوکنڈی کے عوام سمیت ضلع چاغی بھر کے لوگوں کو بخوبی علم ہے کہ اس پروجیکٹ کا ٹھیکہ کن ٹھیکیداروں کو کن کے ایما پر دیا گیا

بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مشنیں ٹریکٹر فین بلٹ شافٹ قبضہ میں لے کیے گئے زرعی پانی چوروں نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی کامران خان رئیسانی کی سربراہی میں لیویز فورس پولیس کی ٹیموں کو دیکھ کر چلتی مشینیں چھوڑ کر فرار ہوگئے جن کو قبضے میں لے لیے گئے ہیں تحصیلدار خان رئیسانی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کمشنر ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر بلا امتیاز بلاتفریق پانی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے اس سلسلے رات گئے لیویز پولیس کا پٹ فیڈر کینال بیرون پر پیٹرولنگ جاری رہا جس کے نتیجے میں پانی چوری میں استعمال ہونے والی مشینری زرعی آلات قبضے میں لیئے گئے ہیں کسی کو بھی پٹ فیڈر ریبرون سے غیر قانونی پانی چوری کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سٹر محمد ایوب عرف لاٹ ناصر بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ اور دکی پریس کلب کے صدر اللہ نور ناصر نے پولیو کے ایریا انچارج میر قلم ناصر کے وفات پر ناصر آباد جا کر قبائلی رہنماہ حاجی شریف جان ناصر سے انکے وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی پڑھی۔ اس موقع پر مرحوم میر قلم ناصر کے والد ماسٹر محمد ایوب عرف لاٹ ناصر بھی موجود تھے۔

بقیہ 41 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی حفاظت بہترین علوم کی مستقبل کے ساتھ ساتھ محفوظ اور صحت افزا رویوں کی طرف راغب کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر بیوٹمز احمد فاروق نے وفاقی سیکرٹری نارکوٹکس اکبر حسین درانی سے بیوٹمز میں ملاقات کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی سیکرٹری اکبر حسین درانی نے کہا کہ بیوٹمز نہ صرف پاکستان بلکہ بین الاقوامی سطح پر بلوچستان اور پاکستان کی پہچان ہے یہاں کے طلبہ اپنی قابلیت اور صلاحیت کی بنا پر ملک وصوبے کا نام روشن کرتے آ رہے ہیں ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ اپنے مستقبل کو منشیات اور اس جیسے نقصانات سے بچائیں انہوں نے کہا کہ بیوٹمز کے ساتھ مل کر بلوچستان کے تمام تعلیمی حلقوں میں انسداد منشیات اور ان کے نقصانات سے متعلق آگاہی اور تعلیمات کا آغاز کریں گے تاکہ طلباء اور اساتذہ مل کر صحت مند معاشرے کی حفاظت میں اپنا کردار ادا کر سکے وائس چانسلر بیوٹمز احمد فاروق بازئی نے کہا کہ اس کار خیر میں بیوٹمز اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے اساتذہ اور طلباء کیلئے آگاہی مہم اور منشیات کی روک تھام کے لیے تمام اقدامات اٹھائے گا انہوں نے کہا کہ منشیات کے عادی افراد کو بھی مثبت رویوں کی طرف راغب کرنے میں کردار ادا کریں گے۔ جس کے لیے آگاہی و تدریسی سیشن کے ساتھ ساتھ ماہرین نفسیات شعبہ طب کے ماہرین کی خدمات بھی حاصل کی جائیں گی۔

بقیہ 42 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ئد کردی گئی، شادی بیاہ کی تقریبات کی اجازت صرف آؤٹ ڈور اور 300 افراد کی تعداد سے مشروط کی گئی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ 24 شہروں میں انڈور جم پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے، پابندی والے اضلاع میں اسلام آباد، راولپنڈی، سرگودھا، خوشاب، میانوالی، رحیم یار خان، فیصل آباد شامل ہیں، اس کے علاوہ گجرات، گوجرانوالہ، ملتان، بہاولپور، لاہور، سیالکوٹ، ہری پور، مالاکنڈ، مانسہرہ، صوابی، ڈی آئی خان، سوات، ایبٹ آباد اور پشاور میں پابندیوں کا نفاذ کیا گیا ہے۔ اسی طرح کورونا کی صورتحال کے پیش نظر پنجاب بھر کے سرکاری اور نجی اسکولز چھ روز کے لیے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس کے تحت صوبہ بھر میں تمام سرکاری ونجی اسکولز 6 ستمبر تا 11 ستمبر بند ہوں گے، اسکولز بند کرنے کے فیصلے سے متعلق صوبائی وزیر تعلیم مراد راس نے مائیکروبلاگنگ ویب سائٹ ٹوئیٹر پر اپنے پیغام میں آگاہ کیا۔ انہوں نے ٹوئیٹر پیغام میں اپیل کی کہ برائے مہربانی گھروں میں رہیں اور اپنے آپ کو محفوظ بنائیں، صوبائی وزیر تعلیم نے عوام سے کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی اپیل بھی کی۔ خیال رہے کہ ملک میں کورونا تشویشناک مریضوں کی تعداد بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے، نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے سربراہ اسد عمر نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر مشاہدہ کیا گیا بھارتی ڈیلٹا ویرینٹ تیزی سے پھیلتا ہے، پاکستان میں بھی بھارتی ڈیلٹا ویرینٹ تیزی سے پھیل رہا ہے، اس وقت ہسپتالوں میں کورونا تشویشناک مریضوں کی تعداد بلند ترین سطح پر ہے، بھارتی ڈیلٹا ویرینٹ کے پھیلا سے ہسپتالوں پر بوجھ بڑھ سکتا ہے، اس لیے شہری کورونا سے بچاؤ کے لیے ایس او پیز پر عمل کریں۔

بقیہ 43 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آباد کی 5 یونین کونسلوں میں قطر چیریٹی کی جانب سے کام کیا جائے گا تاکہ دیہی علاقوں کے عوام میں صفائی ستھرائی کے متعلق شعور بیدار کیا جا سکے متعلقہ این جی او کے منتظمین ضلعی انتظامیہ سے رابطے میں رہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیسف کے تعاون سے قطر چیریٹی کی جانب سے منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمنان لاٹی پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم فیصل اقبال کوسہ ایم ایس ڈاکٹر ارباب قادر بخش تنیو ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر منظور احمد ابڑو لوکل گورنمنٹ آفیسر عبداللطیف پندرانی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حاجی خان جونیجو سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے ورکشاپ سے قطر چیریٹی کے پروجیکٹ منیجر فرحاد علی اور امداد مینگل پروجیکٹ کے متعلق ورکشاپ کے شرکاء کو تفصیل سے آگاہی فراہم کی ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد نے کہا کہ نصیر آباد ضلع انتظامیہ کی جانب سے ورکشاپ کے منتظمین سے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا نصیر آباد میں صفائی ستھرائی کے عمل پر خاص توجہ مرکوز کی گئی ہے پرنسپل کمیٹی کا عملہ شہر کی صفائی ستھرائی میں مصروف عمل ہے اس وقت نصیر آباد کی جن یونین کونسلوں کا انتخاب کیا گیا ہے وہاں کے عوام کو کھلے عام فضلاء کرنے اور دیگر صفائی کے عمل کے متعلق شعور بیدار کرنا خوش آئند اقدام ہے انہوں نے کہا کہ اس ورکشاپ سے استفادہ حاصل کرنے والے لوگ اپنے اردگرد کے لوگوں کو بھی صفائی ستھرائی کی جانب گامزن کریں تاکہ نصیر آباد کو کلین اینڈ گرین کیا جا سکے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم سب کو اپنے دائرہ کار میں رہ کر عوام کے لئے ہر ممکن اقدامات کرنے ہونگے۔

بقیہ 44 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کر دیا گیا اس دلخراش واقعہ سے ہر ایک کی آنکھ نم ہوگئی۔ لیکن افسوس کہ 3 دنوں سے شہید حافظ محمد اسماعیل ریکی کی قتل میں ملوث ملزمان گرفتار نہ ہو سکے۔ انتظامیہ کی اس طرح کے ناکامی ونااہلی سے سوراب کے ہر شہری کے ذہن میں مزید غم وغصے پیدا کیے ہیں اب وہ اپنے آپ کو سوراب میں غیر محفوظ سمجھنے لگے۔

بقیہ 45 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے ساتھیوں کے دل سے پاکستان سے محبت ختم نہیں کی جا سکی۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ضمیر اور ادارے کب جاگیں گے کشمیر کا بچہ بچہ علی گیلانی بن چکا ہے، بھارت افغانستان میں ناکامی کا بدلہ معصوم کشمیری عوام سے لے رہا ہے، سید علی گیلانی ایک توانا آواز تھی جس کے اثرات تحریک آزادی کشمیر پر انمٹ نقوش چھوڑ گئے ہیں، جو آزادی کی صبح تک برقرار رہیں گے۔ انہوں نے اسلامی سربراہی کانفرنس، اقوام متحدہ اور عالمی طاقتوں پر زور دیا کہ وہ کشمیر میں مظالم، کرفیو اور انسانی بے حرمتی کو روکیں، امن ترقی پارٹی کی مرکزی ایگزیکٹو نے سید علی گیلانی کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ 46 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی عوام اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی جان و مال کو تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے صوبے میں آئے روز بگڑتی ہوئی صورتحال امن و امان چوری ڈکیتی اغوا برائے تاوان کے نتیجے میں عوام اور پرامن شہری ذہنی کیفیت اور خوف وہراس سے دوچار مشکل ترین حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں صوبے کے غریب عوام کے ٹیکسوں کی مدد سے اربوں روپے امن وامان کے نام پر خرچ ہونے کی باوجود نتائج زیرو ہیں کہ وہ سلیکٹڈ ہے اختیارات ان قوتوں کے پاس ہے جو گزشتہ 74 سالوں سے حقیقی اقتدار کی بھاگ دوڑ سنبھال کے رکھے ہیں صوبے میں جنگل کی قانون ہے کہیں بھی حکومتی رٹ کی نام ونشان نہیں دکھائی دیتا ہے

بقیہ 47 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بھی بھی پورنہیں ہوسکتا انہوں نے دعاء کی اللہ تعالیٰ مرحوم سردار کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

کورونا کی بگڑتی صورتحال، ملک کے 24 شہروں میں نئی پابندیاں نافذ

منتخب اضلاع میں 4 سے 12 ستمبر تک اضافی پابندیاں نافذ کی جائیں گی، ان اضلاع میں تعلیمی ادارے بھی بند رہیں گے

24 شہروں میں انٹرسٹی ٹرانسپورٹ کی آمد و رفت پر پابندی ہوگی، ان ڈور، آٹ ڈور تمام تقریبات پر بھی پابندی عائد کردی گئی

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی وبا کورونا وائرس کی بگڑتی صورتحال کے پیش نظر لاہور اسلام آباد سمیت ملک کے 24 شہروں میں نئی پابندیاں نافذ کردی گئیں۔ این سی او سی کے مطابق منتخب اضلاع میں 4 سے 12 ستمبر تک اضافی پابندیاں نافذ کی جائیں گی، جس کے تحت ان اضلاع میں تعلیمی ادارے بھی بند رہیں گے، 24 شہروں میں انٹرسٹی ٹرانسپورٹ کی آمد و رفت پر پابندی ہوگی، ان ڈور، آٹ ڈور تمام تقریبات پر بھی پابندی عا(باقی صفحہ 7 نمبر 42)

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سے امان اللہ ترین کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

طبی لحاظ سے فزیوتھراپی نہایت اہمیت کی حامل ہے، ربابہ بلیدی

محکمہ صحت بلوچستان اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ باہمی مشاورت سے طبی سروسز کی بہتری کے لیے اقدامات کا تسلسل جاری رکھیں گے

ہم فزیوتھیراپسٹ کی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لئے قابل عمل حکمت عملی مرتب کررہے ہیں تاکہ ان کے وسائل مختص کئے جاسکیں

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے جمعہ کے روز یہاں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کی پبلک ہیلتھ لیبارٹریز کے نیشنل کوآرڈینیٹر کرنل ڈاکٹر امجد، سنٹر فار ڈیزیز کنٹرول یو ایس اے کے کنسلٹنٹ و مانیٹرنگ اسپیشلسٹ ڈاکٹر سعید احمد اور انچارج پبلک ہیلتھ لیبارٹریز بلوچستان ڈاکٹر حنیف مینگل نے ملاقات کی اور بلوچستان میں پی سی آر لیب کے قیام سے متعلق پیش رفت سے آگاہی دی، پارلیمانی سیکر(باقی صفحہ 7 نمبر 1)

اپنے مستقبل کو منشیات اور اس جیسے نقصانات سے بچائیں، احمد فاروق

تعلیمی حلقوں میں انسداد منشیات اور ان کے نقصانات سے متعلق آگاہی اور تعلیمات کا آغاز کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) طلباء کو تدریسی علوم سے آراستہ کرنے کے ساتھ مثبت معاشرتی رویوں اور صحت افزا سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا بھی جامعات کی ذمہ داری ہے جامعات میں داخل ہوتے ہوئے طلبہ اپنی عمر کے ان مراحل میں ہوتے ہیں جہاں انہیں سب سے زیادہ توجہ اور رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے اور یہی سے انہیں اپنے مستقبل کی راہ شناسی حاصل ہوتی ہے مستقبل (باقی صفحہ 7 نمبر 41)

خاران، سابق وزیر کریم نوشیروانی کی جانب سے واٹرسپلائی مشینری کی فراہمی اور محمود خان ودیگر دعا کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ اور اللہ نور ناصر کا اظہار تعزیت

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ اور دکی پریس کلب کے صدر اللہ نور ناصر نے پولیو کے ایریا انچارج میر قلم ناصر کے وفات پر ناصر آباد جاکر قبائلی رہنماء حاجی شریف جان ناصر سے انکے وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی پڑھی۔ اس موقع پر مرحوم میر قلم ناصر کے والد ما (باقی صفحہ 7 نمبر 40)

کمشنر، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر بلاامتیاز بلاتفریق پانی چوروں کے خلاف آپریشن جاری

تمبو (آن لائن) کمشنر نصیر آباد ڈاکٹر سعید احمد جمالی ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اظہر شہزاد کی ہدایت پر پٹ فیڈر کینال بیرون میں تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی کامران خان ریکسانی نے کارات گئے پٹ فیڈر بیرون میں پانی چوروں کے خلاف لیویز فورس اور پولیس کے ہمراہ آپریشن کیا گیا پمپنگ (باقی صفحہ 7 نمبر 39)

صفائی ستھرائی کو دین اسلام میں نصف ایمان قرار دیا گیا ہے، اظہر شہزاد

ہم صفائی کا خاص خیال رکھیں اور اپنے اردگرد کوڑا کرکٹ پھینکنے سے اجتناب کریں

نصیرآباد (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد اظہر شہزاد نے کہا ہے کہ صفائی ستھرائی کو دین اسلام میں نصف ایمان قرار دیا گیا ہے اس لئے ہم سب پر لازم و ملزوم ہے کہ ہم صفائی کا خاص خیال رکھیں اور اپنے اردگرد کوڑا کرکٹ پھینکنے سے اجتناب کریں تاکہ ماحول کو صاف ستھرا رکھا جاسکے قطر چیئرٹی کی جانب سے صفائی ستھرائی کے متعلق عوام میں شعور بیدار کرنا خوش آئند اقدام ہے نصیر (باقی صفحہ 7 نمبر 43)

سوراب میں ٹارگیٹ کلنگ ایک بار پھر سر اٹھانے لگے

گزشتہ 4 دنوں میں دو مختلف واقعات رونما ایک شخص قتل ایک زخمی ہوگئے

سوراب (آن لائن) ڈسٹرکٹ سوراب میں ٹارگیٹ کلنگ ایک بار پھر سر اٹھانے لگے گزشتہ 4 دنوں میں دو مختلف واقعات رونما ایک شخص قتل ایک زخمی ہوگئے، انتظامیہ امن وامان برقرار رکھنے میں ناکام تفصیلات کے مطابق سوراب شہر میں 3 دن قبل سرخ سوراب میں شہید حافظ محمد اسماعیل ریکی کو ان کے شاپنگ سینٹر میں مغرب کے وقت نامعلوم مسلح افراد گھس کر فائرنگ کرکے قتل (باقی صفحہ 7 نمبر 44)

کلی غریب آباد کے رہائشی نصیر احمد ولد میر احمد کی دکھ بھری کہانی

نوشکی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع نوشکی کے علاقے کلی غریب آباد کے رہائشی نصیر احمد ولد میر احمد نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ رات غریب آباد میں میرے گھر کے ساتھ واقع میرے پرچوں کے دکان میں حسب معمول دکانداری کررہا تھا رات ساڑھے نو بجے کے وقت (باقی صفحہ 7 نمبر 3)

ایاز جوگیزئی کی کال پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے ریلی اور مظاہرہ

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان کے دوسرے شہروں کی طرح ہرنائی میں بھی مانگی ڈیم دھرنے والوں کے مطالبات منانے کے سلسلے میں نواب ایاز جوگیزئی کی کال پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے ریلی اور مظاہرہ۔ حکومت کے خلاف شدید نعر (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

عطا محمد جعفر کی نیب ریفرنس سے بریت کی درخواست مسترد

قانون کے مطابق ملزم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی مرحلے پر ضابطہ فوجداری 265 کے تحت بریت کی

کوئٹہ (آن لائن) معزز احتساب عدالت کوئٹہ نے ریکوڈک کرپشن کیس میں سابق چیئرمین بلوچستان ڈوپلپمنٹ اتھارٹی (بی ڈی اے) اور سابق اے سی ایس ڈوپلپمنٹ بلوچستان عطا محمد جعفر کی نیب ریفرنس سے بریت کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ بی ڈی اے چیئرمین پر بدعنوانی اور اختیارات سے تجاوز کا الزام تھا جس سے قومی خزانہ کو کھربوں روپے کا نقصان پہنچا۔ معزز (باقی صفحہ 7 نمبر 2)

کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو سعید احمد سرپرہ منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

معاشرے کی ترقی و بہتری کیلئے تعلیمی اداروں کا اہم حصہ رہا ہے، اکبر حسین درانی

جامعہ بلوچستان اپنے محدود وسائل میں رہتے ہوئے صوبے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع مہیا کرنے کے لئے کوشاں ہے

علم کو سیڑی بنا کر مقاصد حاصل کئے جائیں ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل کے لئے تعلیم یافتہ افرادی قوت ناگزیر ہے

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی سیکرٹری انسداد منشیات اکبر حسین درانی نے جامعہ بلوچستان کا دورہ کیا۔ انہوں نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے انکے چیمبر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر جان وش کریم، ولی الرحمان، ڈاکٹر عین الدین، جامعہ کے رجسٹرار گل محمد کاکڑ اور دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران جامعہ کے تعلیمی، تحقیقی سرگرمیوں، مجموعی طور پر صوبے کے تعلیمی نظام، مستقبل کے تعلیمی نظام، ترقیاتی منصوبے سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکرٹری نے کہا کہ جامعہ بلوچستان صوبے میں علم و تحقیق کو فروغ دینے سمیت شعور آگاہی کو پروا (باقی صفحہ 7 نمبر 5)

پانی کی فراہمی میں خلل ڈالنا یزید کا کام ہوسکتا ہے کسی مسلمان کا نہیں، رحمان خان بلوچ

گھٹ واٹر سپلائی کے منصوبہ بندی اور ڈیزائنگ کے لیے ڈیڑھ کروڑ کے عوض ایک کنسلٹینٹ کی خدمات بھی لی گئی

نوکنڈی (آن لائن) الفتح پینل نوکنڈی کی پریس کانفرنس الفتح پینل نوکنڈی کے سینئر رہنماؤں میر رحمان خان بلوچ بزرگ رہنما و سابق ضلعی نائب ناظم ملک محمد اعظم محمد زئی ملک احمد خان مشوانی ملک محمد اشرف محمد حسنی ملک رمضان محمد حسنی حاجی یار محمد بربازئی حاجی عبدالقیوم محمد حسنی عبدالستار یار محمد زئی میر نور احمد اجباڑی شبیر احمد بلوچ منیر احمد اجباڑی محمد عا (باقی صفحہ 7 نمبر 38)

عظیم کاکڑ نے مندے ٹک پہاڑ کے مقام پر خطرناک موڑ کا کٹائی کرکے روڈ کو کشادہ کردیا

روڈ کنارے کہائی کی طرف حفاظتی جنگلے نصب کرکے ان میں ٹائر اور چمک پٹی لگائیے

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ نے مندے ٹک پہاڑ کے مقام پر خطرناک موڑ کا کٹائی کرکے روڈ کو کشادہ کردیا۔ اور روڈ کنارے کہائی کی طرف حفاظتی جنگلے نصب کرکے ان میں ٹائر اور چمک پٹی لگائیے۔ جسکی وجہ سے اب اس شاہراہ پر رات کو سفر کرنے والے اجنبی مسافروں کے لئے آسانیاں پیدا ہوگئی ہیں۔ دکی جاتے ہوئے ایکو کلر کہار جیسا منظر دیکھنے کو ملتا ہے۔ دور سے ہی ڈرائیوروں کو مکمل موڑ اور روڈ کلیئر دیکھائی دیتا ہے۔ خطرناک موڑ کی کٹائی کرکے مکمل صفائی کی (باقی صفحہ 7 نمبر 37)

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو و دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے کوآرڈینیٹر بلال خان کاکڑ حکومتی نمائندگی کرتے ہوئے آج وڈھ میں بزرگ سیاستدان اور سابق وزیر (باقی صفحہ 7 نمبر 36)

جعفرآباد میں پانی کی شدید قلت ہزاروں ایکڑ زمین غیر آباد ہونے لگے

زمیندار و کاشت کار سخت پریشان پانی نا ہونے سے مال مویشی بھی پیاس سے مر رہے ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) ضلع جعفرآباد میں پانی کی شدید قلت ہزاروں ایکڑ زمین غیر آباد ہونے لگے زمیندار و کاشت کار سخت پریشان پانی نا ہونے سے مال مویشی بھی پیاس سے مر رہے ہیں پورا ضلع قلت کی وجہ سے زمیندار اور کاشت کار سخت پریشان اور مایوس ہیں جنہیں لاکھوں روپے کا نقصان ہورہا ہے لیکن افسوس کی بات ہے کہ بلوچستان گورنمنٹ نے سندھ حکومت سے بلو (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

ناصر جمالی کے والد سماجی شخصیت امیر علی جمالی کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد رجسٹرڈ پریس کلب کے سابق صدر و سینئر صحافی علی مردان جمالی کے بھائی فیصل جمالی اور ناصر جمالی کے والد سماجی شخصیت امیر علی جمالی کی وفات پر تعزیت (باقی صفحہ 7 نمبر 6)

بھارت نے کشمیر کو عراقی جیل ''گوانتانا موبے'' بنالیا، فائق شاہ

ہم بھارتی فوج اور حکومت کی بوکھلاہٹ کی مذمت کرتے ہیں، عالمی ضمیر اور ادارے کب جاگیں گے

کوئٹہ (جی این ایم) امن ترقی پارٹی کے چیئرمین محمد فائق شاہ نے ممتاز کشمیری رہنما سید علی گیلانی کی تدفین پر کرفیو، لواحقین اور عوام کے ساتھ ناروا سلوک کی بھارتی اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ۔ انسانیت سوزی، ظلم و جبر کی نئی مثال ہے، بھارت نے پورے کشمیر کو گوانتانا موبے بنا دیا ہے، ضمیر کی آواز اس طرح دبائی نہیں جاسکتی پچاس سال میں سید علی گیلانی اوران (باقی صفحہ 7 نمبر 45)

صوبائی حکومت عوام کو تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہے، جمعیت س

زیارت کا دلخراش واقعہ سلیکٹڈ حکومت کی ناقص کارکردگی کی بدترین مثال ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے سینئر نائب امیر اور اتحاد القرا پاکستان کے چیرمین قاری نعیم اللہ جلالی صاحب حافظ خلیل اللہ درویش اور شہزاد خان بازئی اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہے زیارت کا دلخراش واقعہ سلیکٹڈ حکومت کی ناقص کارکردگی کی بدترین مثال ہے گزشتہ روز مانگی ڈیم زیارت میں دلخراش سانحہ میں قیمتی جانوں کی ضیاع کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت وقت صوبے (باقی صفحہ 7 نمبر 47)

سردار عطاء اللہ خان مینگل بلوچستان کے عظیم رہنما تھے، عمر خان جمالی

سردار عطاء اللہ خان مینگل کی بلوچستان کی ترقی اور بلوچ قوم اور بلوچستان کے عوام کے لیے کی جانے والی خدمات ناقابل فراموش ہیں

ان کی عظیم جدوجہد اور خدمات کے حوالے سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اللہ تعالیٰ سردار عطاء اللہ خان مینگل کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ میر محمد عمر خان جمالی نے بلوچستان کے پہلے وزیر اعلیٰ اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے سرپرست اعلیٰ رہبر بلوچستان سردار عطاء اللہ خان مینگل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سردار عطاء اللہ خان مینگل بلوچستان کے عظیم رہنما تھے جنہوں نے اپنی زندگی بلوچستان کی سرزمین اور بلوچستان کے عوام کے لیے وقف کردی تھی۔ بلوچ قوم اور بلوچستان ایک عظیم رہنما سے محروم ہوگیا ہے انہوں نے کہا کہ ایسی شخصیات صدیوں کے بعد پیدا ہوتی ہیں۔ سردار عطاء اللہ خان مینگل کی (باقی صفحہ 7 نمبر 35)

لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کرنا انتظامیہ کی اولین ذمہ داریوں میں سے ہے، شمس الحق ریکی

ایسے واقعات سے نمٹنے کیلئے مشکوک لوگوں پر نظر رکھنا اور ان کے منصوبوں کو ناکام بنانا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے

سوراب (آن لائن) قبائلی رہنما ٹکری شمس الحق ریکی نے گزشتہ دنوں محمد اسماعیل ریکی کے قتل کو ایک بزدلانہ اور غیر انسانی عمل قرار دیتے ہوئے شدید الفاظ میں مذمت کی اور واقع میں ملوث عناصر کو کیفرکردار تک پہنچانے کیلئے ضلعی انتظامیہ و دیگر اعلیٰ حکام بالا سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ محمد اسماعیل ریکی کے خاندان کو انصاف فراہم کرے اور ملزمان کا سراغ لگا کر ان کو نشان (باقی صفحہ 7 نمبر 8)

عطاء اللہ مینگل کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا کبھی بھی پورا نہیں ہوسکتا، عارف محمد حسنی

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی کا سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اللہ تعالیٰ مرحوم سردار کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی نے بی این پی مینگل کے سرپرست اعلیٰ و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم سردار صاحب صوبہ بلوچستان بلکہ ملکی سطح پر ایک زیرک سیاست دان تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی اصولی سیاست کے ذریعے جمہوری اقدار کی بالادستی سمیت بلوچستان کی تعمیر و ترقی اور یہاں کے لوگوں کے جائز حقوق کے حصول کیلئے صرف کردی، صوبائی وزیر نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل جیسے قد آور شخصیت کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا (باقی صفحہ 7 نمبر 47)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سبی وحید شریف عمرانی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد

سبی (جی این ایم) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سبی وحید شریف عمرانی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایس ڈی پی او خورشید احمد، تحصیلدار نصیر ترین، اور انجمن تاجران کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سبی (باقی صفحہ 7 نمبر 34)

وڈھ، صوبائی وزیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو عطاء اللہ مینگل کی نماز جنازہ میں شرکت کیلئے بیٹھے ہیں

پی ایچ ای جھل مگسی کے نئے نے چارج سنبھال لیا

گنداواہ (جی این ایم) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ جھل مگسی کے نئے ایکسیئن شکیل احمد انصاری نے چارج سنبھال کر کام کرنا شروع کردیا عوامی، سماجی حلقوں نے انھیں چارج سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وہ واٹرسپلائی گنداواہ کے معاملات کو بہتر کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 نمبر 32)

ژوب شیرانی بار ایسوسی ایشن کی جانب سے ماگی ڈیم زیارت واقع کی مناسبت سے ایک ہنگامی اجلاس طلب کرلیا گیا

ژوب (جی این ایم) ژوب شیرانی بار ایسوسی ایشن کی جانب سے ماگی ڈیم زیارت واقع کی مناسبت سے ایک ہنگامی اجلاس طلب کرلیا گیا اجلاس میں حکومت کی جانب سے دھرنے کے مطالبات نہ ماننے پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا اور حکومت سے بزور مطالبہ کیا گیا کہ دھر (باقی صفحہ 7 نمبر 31)

صوبائی مشیر برائے ایکسائز ملک نعیم خان بازئی کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ایکسائز ملک نعیم خان بازئی نے بزرگ سیاستدان و بلوچستان نیشنل پارٹی کے سرپرست اعلیٰ سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی صوبہ بلوچستان اور یہاں کے عوام کے حقوق کے لیے گرانقدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اپنے ایک تعزیتی (باقی صفحہ 7 نمبر 27)

بلوچ قوم ایک اعظیم رہبر و رہنما سے محروم ہوگیا ہے، رئیس ماجد شاہ

عطاء اللہ مینگل کی وفات سے قومی سیاست کا ایک درخشندہ باب ہمیشہ کے لیے بند ہوگیا ہے

تربت (آن لائن) سیاسی سماجی رہنما رئیس ماجد شاہ نے بلوچستان کے ایک عظیم ہستی سردار عطاء اللہ خان مینگل کی وفات پر گہرے رنج و غم کی اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ قوم ایک اعظیم رہبر و رہنما سے محروم ہوگیا ہے سردار عطاء اللہ خان مینگل نواب خیربخش مری شہید نواب اکبر خان بگٹی میر غوث بیزنجو بلوچ قوم کے عظیم سرمایہ تھے انہوں نے طویل عرصہ قید و بند کال کوٹھریوں میں (باقی صفحہ 7 نمبر 30)

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد اظہر شہزاد کا پی پی ایچ آئی نصیرآباد آفس کا دورہ

نصیرآباد میں 18 بی ایچ یوز قائم ہیں جہاں پر 33 لاکھ روپے کی ادویات فراہم کی جارہی ہیں

نصیرآباد (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد اظہر شہزاد نے پی پی ایچ آئی نصیرآباد آفس کا دورہ کیا ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی فیصل اقبال کھوسہ نے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلات سے آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع نصیرآباد میں 18 بی ایچ یوز قائم ہیں جہاں پر 33 لاکھ روپے کی ادویات فراہم کی جارہی ہیں اور یہ ادویات چھ ماہ تک عوام کو فراہم ہوسکیں گی جبکہ دس ایام میں 70 سے زائد (باقی صفحہ 7 نمبر 29)

سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات کا سن کر دکھ اور افسوس ہوا، ریاض محمد حسنی

عظیم بزرگ سیاستدان کا وفات بلوچستان کے لئے سانحہ سے کم نہیں ہے

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی و قبائلی رہنما حاجی ریاض محمد حسنی نے بزرگ قوم پرست رہنما و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کے وفات کا سن کر دکھ اور افسوس ہوا عظیم بزرگ سیاستدان کا وفات بلوچستان کے لئے سانحہ سے کم نہیں ہے مرحوم کی سیاسی و قبائلی خدمات سنہرے حروف سے لکھا جائیگا کیو (باقی صفحہ 7 نمبر 28)

یوم دعوت اسلامی ملک بھر میں شان و شوکت کیساتھ منایا گیا

چالیس سالہ سفر کافی نہیں ابھی مزید سفر کرنا ہے، ملکر نیکی کی دعوت کی دھومیں مچائیں، مولانا الیاس قادری

کوئٹہ (جی این ایم) تبلیغ قرآن و سنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوت اسلامی کی جدوجہد کے چالیس سال مکمل ہونے پر یوم دعوت اسلامی شان و شوکت سے منایا گیا، اس موقع پر پاکستان کے مختلف شہروں میں قائم مدنی مراکز میں خصوصی سنتوں بھرے اجتماعات کا اہتمام کیا گیا جہاں مقامی شخصیات شریک ہوئیں، یوم دعوت اسلامی کا مرکزی اجتماع عالمی مدنی مرکز فیضان مد (باقی صفحہ 7 نمبر 9)

واپڈا ایمپلائز انصاف یونین کو کیسکو لیبر یونین بلوچستان میں ضم کرنے کا اعلان کرتا ہوں صوبائی جنرل سیکرٹری محمد آصف تاجک

کیسکو کے بچاؤ اور ملازمین کے تحفظ کیلئے منظم جدوجہد حقیقی یونین اور پرعزم قیادت کی ضرورت ہے، رشید کاکڑ

کوئٹہ (جی این ایم) کیسکو لیبر یونین بلوچستان کے مرکزی دفتر ایک میں سادہ مگر پروقار شمولیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں واپڈا ایمپلائز انصاف یونین کے صوبائی جنرل سیکرٹری محمد آصف تاجک نے واپڈا ایمپلائز انصاف یونین کو کیسکو لیبر یونین بلوچستان میں ضم کرنے کا اعلان کردیا انہوں نے کہا کہ پیپکو کے ٹوٹنے اور NIRC کے ڈسٹری بیوشن کمپنیز میں کمپنی سطح پر تنظیم (باقی صفحہ 7 نمبر 33)

خاران شہر اور اسکے گردونواح کے بازار سکڑ گئے

مین بازار کا آدھے سے زیادہ حصہ تجاوزات کی زد میں آ گیا ہے

خاران (جی این ایم) خاران شہر اور اسکے گردونواح کے بازار سکڑ گئے۔ مین بازار کا آدھے سے زیادہ حصہ تجاوزات کی زد میں آ گیا ہے۔ اور گزارنے والی گاڑیوں کو تجاوزات کے باعث مشکلات کا سامنا ہے جبکہ تجاوزات کی بھرمار نے میونسپل کارپوریشن اور انتظامیہ کی کارکردگی کا پول کھول دیا ہے۔ تجاوزات مافیا کے سامنے بے بس، پیدل چلنے والے شہری سڑکوں پر خوار ہو (باقی صفحہ 7 نمبر 14)

چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گورنمنٹ انٹر ڈگری کالج دکی کا اعلامیہ

سیکنڈ ائیر کے 112 غیر حاضر طلبا کو طویل غیر حاضری پر انکے نام کالج سے خارج کردیئے گئے

دکی (آن لائن) گورنمنٹ انٹر ڈگری کالج دکی کے اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ سیکنڈ ائیر کے 112 غیر حاضر طلبا کو طویل غیر حاضری پر انکے نام کالج سے خارج کردیئے گئے ہیں انہیں دوبارہ داخلہ لینے کے لئے 18 ستمبر تک مہلت دی گئی ہے اگر وہ دوبارہ داخلہ لینے میں ناکام رہے تو ان طلبا کے امتحانی فارم روک دیئے جائینگے۔ گورنمنٹ انٹر ڈگری کالج دکی کے اعلامیے میں کہا گیا (باقی صفحہ 7 نمبر 23)

ہنگلاج ماتا مندر کی خطیر رقم 6 کروڑ روپے کی واٹر سپلائی اسکیم کرپشن کی بیت چڑھ گئی

ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو عوامی مسائل سے سروکار کم اپنے مفادات پر ہمہ وقت توجہ ہے

اوتھل (جی این ایم) ہنگلاج ماتا مندر کی خطیر رقم 6 کروڑ روپے کی واٹر سپلائی اسکیم کرپشن کی بیت چڑھ گئی زمین پر کام کا کوئی وجود ہی نہیں جبکہ ایڈوائس رقم بھی نکال لی گئی ہے ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کو عوامی مسائل سے سروکار کم اپنے مفادات پر ہمہ وقت توجہ ہے ذرائع کا انکشاف تفصیلات کے مطابق حکومت بلوچستان PSDP 2020، 21 میں ہنگلاج ماتا مندر کے (باقی صفحہ 7 نمبر 22)

بچوں کو بھی چاہئے کہ وہ علم دل جوئی کے ساتھ حاصل کریں، شوکت علی سرپرہ

ہماری کوشش ہے کہ آنے والی نسلوں کو جدید تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں

کوئٹہ (جی این ایم) کنٹرولر بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ پروفیسر شوکت علی سرپرہ نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت تعلیم کو عام کرنے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں، بچوں کو بہتر انداز میں تعلیم دینے کے لئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لارہی ہے، نقل ایک ناسور ہے جو ہمارے طلبہ کے ذہنوں کو دیمک کی طرح چاٹ کر کھوکھلا کررہا ہے نقل کے خاتمے کے لئے بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ اور محکمہ تعلیم بھرپور کوششیں کررہی ہے، طلباء سہولیات کے لیے مزید بلوچستان بورڈ اقدامات کررہا ہے تاکہ (باقی صفحہ 7 نمبر 21)

سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر مندوخیل کا ایک تعزیتی بیان

ژوب (جی این ایم) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر مندوخیل نے ایک تعزیتی بیان میں ممتاز سیاستدان سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات سے بلوچستان ایک زیرک اور دوراندیش سیاستدان سے محروم ہوگیا انہوں نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کی خدما (باقی صفحہ 7 نمبر 10)

پاکستان ریڈ کریسنٹ نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت کی ہے، باری بڑیچ

دکی (جی این ایم) چیئرمین ریڈ کریسنٹ بلوچستان عبدالباری بڑیچ نے ضلع دکی کا ایک روزہ دورہ کیا۔ دکی پہنچنے پر پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان نے انکا مندے ٹک کے مقام پر پرتپاک استقبال کیا۔ اور انہوں نے بی ایچ یو ناصر آباد کا دورہ کیا۔ انہوں نے بی (باقی صفحہ 7 نمبر 11)

سردار عطاء اللہ خان مینگل کے وفات پہ گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

ماشکیل (جی این ایم) سیاسی قبائلی رہنما میر عظیم خان نوشیروانی نے ممتاز شخصیت، بزرگ قبائلی رہنما و سیاست دان سردار عطاء اللہ خان مینگل کے وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام آج ایک عظیم ہستی سے محروم ہوگئی ہے انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 نمبر 12)

حافظ سمیع اللہ و دیگر نے باہمی مشاورت سے ضلعی کابینہ تشکیل دے دیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ امین اللہ اور جنرل سیکرٹری حافظ سمیع اللہ نے باہمی مشاورت سے ضلعی کابینہ تشکیل دے دیا جس میں سینئر نائب صدر عزیز الحق درویش نائب صدر اول نصیب خان نائب صدر دوئم محمد نعیم معصوم نائب سوئم زبیح اللہ نائب صدر چہارم نصیب اللہ ابدالی نائب پنجم حافظ (باقی صفحہ 7 نمبر 13)

کوئٹہ، شہادت امام زین العابدین کے سلسلے میں نکالے گئے جلوس میں ہزارہ ٹاؤن کے اراکین شریک ہیں

سردار عطاء اللہ مینگل محکوم و مظلوم قوموں کے ترجمان تھے، بابو محمد یوسف

عطاء اللہ مینگل کی قومی سیاسی جمہوری وطن دوستی پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں

قلات (جی این ایم) بی این پی مینگل کے سینئر رہنما بابو محمد یوسف مینگل ڈسٹرکٹ لینڈ آف ریکارڈ محمد یونس مینگل منظور احمد مینگل عبدالحمید مینگل حاجی عبدالعلیم مینگل حاجی محمد نور مینگل ابراہیم مینگل محمد اکرم مینگل عبداللطیف مینگل نور احمد مینگل نیاز احمد مینگل نجیب الرحمٰن مینگل و دیگر نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل محکوم و مظلوم قوموں کے ترجمان تھے سردار عطاء اللہ مینگل کی قومی (باقی صفحہ 7 نمبر 15)

کفری مظالم سے نجات کا واحد حل جہاد ہے، مولانا خلیل احمد مخلص

حکمران مجاہدین اسلام کو راستہ دیا جائے جلد ہی کشمیر پر آزادی کا پرچم لہرائے گا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا خلیل احمد مخلص مرکزی سینئر نائب امیر صوبائی امیر بلوچستان مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمٰن نکیال صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ فاروقی و دیگر نے کہا کہ کفری مظالم سے (باقی صفحہ 7 نمبر 16)

سردار عطاء اللہ مینگل نے ہمیشہ مظلوم طبقے کے لیے آواز بلند کیا ذوالفقار طارق

سب سیاستدان اپنی مفادات کی جنگ لڑرہے ہیں عوامی حقوق کے لیے کوئی نہیں

کوئٹہ (جی این ایم) اہلسنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق شازلی میر شبیر احمد کھوسہ محمد شریف لانگو نے تحریری بیان میں تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل نے ہمیشہ مظلوم طبقہ کے لئے آواز بلند کیا اس نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی آپ نے بلوچستان کے ترقی و تعمیر کے لیے بھرپور کردار ادا کیا اور آپ کا یہ کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اب تو تمام سیاستدان مفاد (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

نوجوانوں کی خدمات کو ہم ان کی دنیا میں قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، فیاض احمد کلواڑ

ہماری تنظیم میں سماجی و عوامی خدمات کو سراہنے کا دستور و منشور ہے، جنرل سیکرٹری ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن گنداواہ باز محمد گھوٹیہ اور استاد زاہد حسین

المھدی اسکاؤٹس ہمارے شہر کی تنظیم ہے اور شہری مسائل میں ہم ان کے ساتھ ہیں اور وہ ہمارے ساتھ ہیں ہر موڑ پر ہمارا ان کے ساتھ جانی و مالی تعاون و ساتھ رہے گا

گنداواہ (محمد عرفان) ہماری تنظیم ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن گنداواہ میں قومیت، عصبیت، لسانیت، مذہبی تفریق نہیں ہے، نوجوانوں کی خدمات کو ہم دل کی دنیا میں قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ان خیالات کا اظہار ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن گنداواہ کے صدر فیاض احمد کلواڑ نے المھدی اسکاؤٹس کے چیف گنور علی تنیو اور ان کے تمام نوجوان ممبران وارکان سے ملاقات کے دوران انہوں نے کہا کہ المھدی اسکاؤٹس کے نوجوانوں (باقی صفحہ 7 نمبر 26)

گنداواہ، صدر ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن گنداواہ فیاض احمد کلواڑ کی زیرصدارت المھدی اسکاؤٹس کے چیف گنور علی تنیو اور اس کے تمام نوجوان ممبران وارکان کے اعزاز واحترام اور ان کی حوصلہ افزائی میں اعلی و عالیشان چاہے پارٹی کا اہتمام کیا گیا

میرے ساتھ ہونے والے مظالم کا نوٹس لیکر ایف آئی آر درج کی جائے، ثمینہ بی بی

دکی (آن لائن) لیویز اہلکار کی تشدد کا نشانہ بننے والے ثمینہ بی بی نے میڈیا (باقی صفحہ 7 نمبر 25)

لورالائی میں شادی بیاہ کی تقریبات اور دیگر خوشی کے موقعوں پر ہوائی فائرنگ کا سلسلہ جاری

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی میں شادی بیاہ کی تقریبات اور دیگر خوشی کے موقعوں پر ہوائی فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے عوامی (باقی صفحہ 7 نمبر 24)

سردار عطاء اللہ مینگل کی جدوجہد ہمیشہ یاد رکھی جائیگی، قادر لونی

ہمیشہ بلوچستان کے حقوق اور محکوم اقوام کے لیے جنگ لڑی آمریت کے خلاف جن جیلوں اور صعوبتوں کو برداشت کیا تاریخ کا حصہ رہی گی

بلوچستان ایک عظیم زیرک جمہوریت پسند سیاستدان سے محروم ہوگئے، جمعیت علما اسلام نظریاتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا محمد حیات ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی مولانا (باقی صفحہ 7 نمبر 18)

عزاداری کا سلسلہ 8 ربیع الاول تک جاری رہتا ہے، ترجمان تحریک نفاذ فقہ جعفریہ

کوئٹہ (آن لائن) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے ترجمان نے محرم عشرہ ثا(باقی صفحہ 7 نمبر 19)

ایم ای آر سی بیلا کے عملے کی سردار عطاء اللہ مینگل کی میت لے جانے والی ایمبولنس کو سلامی پیش کی

بیلہ (آن لائن) ایم ای آر سی بیلا کے عملے کی سردار عطاء اللہ مینگل کی میت لے جانے والی ایمبولنس کو سلامی پیش کی تفصیلات (باقی صفحہ 7 نمبر 20)

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں